آئینہ اسرار اعداد

علم الاعداد کا انسائیکلوپیڈیا

ملک محمد زاہد محمود اعوان
ماہر علم روحانیات

WR
ڈبلیو آر پبلی کیشنز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علم الاعداد کا انسائیکلوپیڈیا

آئینہ

اسرار الاعداد

ملک محمد زاہد محمود اعوان

ماہر علم روحانیات

0300-4900254

مرحوم

اے مالکِ کُل میرے والدین پر رحم فرما .... آمین

نام کتاب	آئینہ اسرار الاعداد
مصنف	ملک محمد زاہد محمود اعوان
ناشر	وقاص ریاض
سن اشاعت	اکتوبر 2013ء
قیمت	

☆———— ملنے کا پتہ ————☆

زاہد اسٹرولوجیکل اکیڈمی

[illegible]

راولپنڈی

[illegible]

0321-6090861

وقاص ریاض نے ریاض شہباز پریس لاہور سے چھپوا کر

ڈبلیو آر پبلی کیشنز سے شائع کی۔

انتساب!

یہ کتاب میں اپنے پیارے بھتیجے محمد عاشر مرحوم

کے نام کرتا ہوں خداوند کریم قبول و منظور

فرمائے اور حضور اکرم ﷺ کے صدقے میں

اس کی بخشش فرمائے۔

آمین

فہرست

باب اول

فہرست	صفحہ نمبر
عدد 1 کے حامل افراد	10
عدد 2 کے حامل افراد	11
عدد 3 کے حامل افراد	13
عدد 4 کے حامل افراد	15
عدد 5 کے حامل افراد	17
عدد 6 کے حامل افراد	19
عدد 7 کے حامل افراد	21
عدد 8 کے حامل افراد	24
عدد 9 کے حامل افراد	26
عددوں کی خصوصیات	29
عدد 1 کی خصوصیات	29
عدد 2 کی خصوصیات	32
عدد 3 کی خصوصیات	34
عدد 4 کی خصوصیات	37
عدد 5 کی خصوصیات	40
عدد 6 کی خصوصیات	43
عدد 7 کی خصوصیات	45
عدد 8 کی خصوصیات	48

عدد 9 کی خصوصیات	51

بابِ دوم

ساعات کا نقشہ	57
منازل قمری	59
لکی موبائل نمبرز	60
شادی کے لئے موافق اعداد	61
شہر و ملک سے موافقت معلوم کرنا	62
اعداد کا نقشہ	63
اعداد کی منسوبات	63
جدول اعداد	64
اعداد نکالنے کا طریقہ	65
عدد سعد	67
عدد قسمت	68
نحیبی عدد	68
کلید ذاتی	68
سالانہ عددی زائچہ	68
روزانہ کا عددی زائچہ	75
گھنٹوں کا عددی زائچہ	77
تاریخ پیدائش کے زندگی پر اثرات	83
چاند کی تاریخوں میں پیدائش کے اثرات	87
منازل قمری میں پیدائش کے اثرات	91

باب سوم

عنوان	صفحہ
اعداد سے پیشگوئی کرنا	101
کسی کے اعداد خصائل معلوم کرنا	105
عمر بھر کے حالات زندگی معلوم کرنا	113
بچوں کا نام لکھنا	116
ہر سوال کا جواب معلوم کرنا	124
اعداد اور تعبیر خواب	127
اعداد سے پیشگوئی کا طریقہ	131
نام سے خوبیاں وخامیاں جانئے	138

باب چہارم

عنوان	صفحہ
اعداد اور سوالات کا جواب	167
عدد مستحصلہ حاصل کرنا	167
سائل کے دل کا حال معلوم کرنا	169
دوستی و دشمنی ہار جیت کے نتائج معلوم کرنا	177
سوالات کے جوابات	180
فالنامہ رحمانی	215
مصنف کی دیگر کتب	217

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پیش لفظ

اس کتاب کو پیش کرتے ہوئے میں اپنے رب کا شکر گزار ہوں کہ جس نے مجھے اعداد کا علم عطاء کیا اور اس علم کی گہرائیوں میں ڈوب کر انسانی خدمات کیلئے انمول موتی تلاش کرنے کی صلاحیت بھی عطاء کی اور توفیق بھی دی۔

بلاشبہ علم الاعداد انسان کی عقل میں پختگی پیدا کرتا ہے اور شعور و آگہی میں نکھار کر کے انہیں صحیح معنوں میں بندگی کے قابل بناتا ہے۔ یہ علم نہ صرف یہ کہ بندگی کی صلاحتیں پیدا کرتا ہے بلکہ رازِ فطرت سے پردے ہٹا کر انسان کو ان مخفی اور پوشیدہ قوتوں سے وقت سے پہلے آگاہ کر دیتا ہے جو انسان کی نظروں سے اوجھل ہیں۔

انسان کا علم بہت محدود ہے اُسے یہ خبر نہیں کہ ایک ساعت کے بعد کیا ہونے والا ہے لیکن وہ اپنے مستقبل کا حال معلوم کرنے کیلئے ہمیشہ بے چین رہتا ہے اسے اتنا صبر نہیں کہ وہ اپنے مستقبل کے حالات سے بے خبر ہو جائے اور یہ سمجھ لے کہ جو کچھ ہونے والا ہے وہ ایک دن ہو کر رہے گا بلکہ وہ چاہتا ہے کہ اسے تمام آئندہ زندگی کا حال آج ہی معلوم ہو جائے علم الاعداد علم غیب تو نہیں کیونکہ غیب تو سوائے علام الغیوب کے کسی کو نہیں لیکن چونکہ اللہ نے انسان کو اس زمین پر اپنا قائم مقام بنایا ہے اس لئے انسان کو چند اشارات ضرور بتلائے ہیں جن سے وہ اپنی تشنگی شوق بجھا سکے انہیں مخفی اشارات کے ذریعے اپنے مستقبل کے حالات معلوم کرنے کیلئے مختلف علوم علم نجوم رمل' جوتش' جفر اعداد وغیرہ سب اسی زنجیر کی مختلف کڑیاں ہیں۔ ان سب میں سب سے زیادہ آسان اور دلچسپ علم الاعداد ہے۔

زیر نظر کتاب آپ کو علم الاعداد کی حقیقتوں سے روشناس کرائے گی اور آپ کو یہ بتائے

گی کہ حق سبحان اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو فائدہ پہنچانے کیلئے جو عظیم الشان نعمتیں اس دنیا میں پیدا کی ہیں اُن میں سے ایک علم الاعداد بھی ہے۔ اگر علم الاعداد انسانی زندگی کیلئے فائدہ مند نہ ہوتا تو خالق دو عالم قرآن پاک میں بیسیوں جگہ اسی نظام کی اہمیت کی طرف توجہ نہ دلاتا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے:۔

القرآن: وَأَحْصَىٰ كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا (سورہ جن آیت 28)

ترجمہ: ہم نے ہر شے کو عدد میں شمار کیا ہے۔

القرآن: الشمس والقمر عدد السنين والحساب (سورہ یونس)

ترجمہ: شمس و قمر ایک ایسا نظام ہے جس سے تم سالہا سال کے حساب کو سمجھ سکتے ہو۔

القرآن: وَالْقَمَرَ نُورًا وَقَدَّرَهُ مَنَازِلَ (سورہ یونس آیت 5)

ترجمہ: اور ہم نے چاند کی منزلیں مقرر کی ہیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور حساب معلوم کرو۔

القرآن: لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم

ترجمہ: یعنی انسان کو ہم نے اچھے وقت میں پیدا کیا۔

القرآن: سخرها عليهم سبع ليال وثمانية ايام حسوما

ترجمہ: اللہ نے ان پر سات راتیں اور آٹھ دن (تند ہوا کا عذاب) مسلط رکھا یہ تحت منحوس دن تھے۔

القرآن: وَخسف القمر و جمع الشمس و القمر

ترجمہ: جب چاند کو گرہن لگے گا تو اجتماع شمس و قمر ہوگا۔

القرآن: وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ (سورہ یسین آیت 39)

ترجمہ: اور چاند کی بھی ہم نے منزلیں مقرر کر دیں۔

القرآن: اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ (سورہ رحمٰن آیت 5)

ترجمہ: سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں۔

القرآن: اِنَّا اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ

(سورہ قمر آیت 19)

آخر میں میں اپنی کم مائیگی کا خود معترف ہوں لیکن جو کچھ تجربہ و کوشش و محنت سے حاصل ہوا وہ ہدیہ ناظرین ہے اس علم کو سیکھنے کیلئے محنت اور لگن کی ضرورت ہوتی ہے۔ عرض ہے کہ میں نے پوری علمی روشنی میں اس کتاب کو لکھا ہے مگر یہ حرف آخر نہیں اس میں غلطی کی گنجائش موجود ہے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ آپ کے علم میں اضافہ فرمائے۔

ملک محمد زاہد محمود اعوان

"ماہر علم روحانیت"

"سرپرست اعلیٰ: زاہد اسٹرولوجیکل اکیڈمی"

باب اول

عدد 1 کے حامل افراد

علم الاعداد میں تمام عددوں میں ایک کا عدد بنیادی شمار کیا گیا ہے۔ ایک نمبر کے زیر اثر افراد عالی ہمت، ترقی کرنے والے، ایجاد و اختراع کرنے والے اور کم و بیش ضدی ہوتے ہیں مگر جس کام میں ہاتھ ڈالتے ہیں پھر اُسے ختم کر کے ہی دم لیتے ہیں۔ یہ لوگ عام انسانوں سے بلند ہونے کی کوشش کرتے ہیں اور قدرتی طور پر بڑی شخصیتوں سے مانوس ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگر لوگوں میں کوئی نقص بھی دیکھیں تو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ ہمدرد اور بے حد فیاض طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ بے وفائی اور دھوکہ یہ دو چیزیں ان کے دل کو توڑ دیتی ہیں۔ خود بھی صادق اور راست باز ہوتے ہیں لیکن انھیں اکثر دھوکہ ہی ہوتا ہے اس لئے یہ لوگ سخت گیر، نکتہ چیں، اور تلخ مزاج ہوتے ہیں اور مزاج بھی شوقین ہوتا ہے ایسے شخص کو جہاں بھی دلچسپی کا سامان میسر ہو وہاں یہ ضرور حاضر ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ اکثر اچھے شاعر، ادیب، مقرر یا وکیل ثابت ہوتے ہیں۔

یہ لوگ ہمیشہ اصولوں پر قائم رہتے ہیں۔ ان کی طبیعت عام لوگوں سے مختلف ہوتی ہے۔ یہ ہمیشہ بلند عزائم رکھتے ہیں اور حلقہ میں منفرد مقام بآسانی پیدا کر لیتے ہیں۔ ان لوگوں کی سب سے بڑی تمنا یہی ہوتی ہے کہ اپنے حلقے میں نمایاں اور اعلیٰ مقام حاصل کر سکیں۔ ایک نمبر کے زیر اثر افراد تخلیقی کاموں کے لئے نہایت موزوں ہوتے ہیں۔ ان کی فطرت میں ایک خاص قسم کی طریقہ دریافت پایا جاتا ہے۔ یہ لوگ کوئی بھی کاروبار یا پیشہ اختیار کریں اس میں ہمیشہ کامیاب رہتے ہیں اور ترقی کی راہیں ان پر وا ہوتے جاتی ہیں۔ ایک نمبر کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد اچھے منتظم اور نگراں ہوتے ہیں اور بہت جلد مقبول ہو جاتے ہیں اور جس پارٹی یا گروہ سے ان کا تعلق ہو جلد ہی اس کے اعلیٰ عہدے پر فائز ہو جاتے ہیں۔ یہ لوگ بہت فراخ دل ہونے کی وجہ سے دوسروں کو تحفے اور انعامات دے کر خوش ہوتے ہیں اور یہ ان کی

مقبولیت کی ایک بڑی وجہ بھی ہے ان لوگوں میں حرکت اور توانائی بے پناہ ہوتی ہے اور بڑی جانفشانی سے اپنی منزل تک بڑھتے رہتے ہیں۔ ایسے لوگ سطحی اور کم مرتبہ چیزوں کو کبھی پسند نہیں کرتے۔ عموماً اعلیٰ اور نفیس چیزوں کو پسند کرتے ہیں۔ چاہے ان کے حصول میں انھیں بہت دقتوں کا سامنا ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ ان کی دوستی دوسروں کے لئے قابل فخر ہوتی ہے اپنی رائے اور فیصلوں کو بعض اوقات بزرگوں کے فیصلوں پر فوقیت دیتے ہیں۔ اکثر شادی بیاہ جیسے اہم معاملات میں بھی اپنے کئے ہوئے فیصلوں کو ترجیح دیتے ہیں اگر زبردستی ان پر کوئی فیصلہ مسلط کرنے کی کوشش کی جائے تو بغاوت پر اتر کھڑے ہوتے ہیں۔

ایک نمبر سے متعلق افراد قانون سے بالاتر ہونا پسند کرتے ہیں یعنی قانون کو اپنے ہاتھ میں کٹھ پتلی بنائے رکھتے ہیں۔ مقابلہ یا رکاوٹ کی صورت میں بے صبرے ہو جاتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تمام کام عین وقت پر اور ٹھیک ہو جائے اور چھوٹی چھوٹی پیچیدگیوں میں پھنسنے سے نفرت کرتے ہیں۔ بڑی مشکلات سے گھبراتے نہیں جو کہہ دیتے ہیں پھر قطعاً پرواہ نہیں کرتے خواہ اس سے انھیں کوئی نقصان ہی کیوں نہ ہو۔

حد درجہ مفرد ہوتے ہیں اور اپنی فطرت میں اس نقطہ پر آکر چوٹ کھا جاتے ہیں۔ ان لوگوں کی حد درجہ آزادانہ روش ہوتی ہے اس کے اوپر کسی قسم کا ضابطہ یا پروگرام عائد نہیں کیا جا سکتا کسی کی سرکردگی کو نہیں مانتے ان کے اندر قوت ارادی اور کام کرنے کا مادہ بدرجہ اتم موجود ہوتا ہے۔ اگر ایک دفعہ اپنے دل میں کوئی تجویز بنا لیں تو باوجود مشکلات کے اپنی منزل تک پہنچ جاتے ہیں۔ ان لوگوں کو ہمیشہ سرگرم عمل رکھنا چاہئے۔

عدد 2 کے حامل افراد

عدد 2 کے زیر اثر افراد فطرتاً شریف، تخیل پرست، فنون لطیفہ کے دلدادہ اور رومان پسند ہوتے ہیں یہ لوگ ضرورت سے زیادہ حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ حد سے بڑھی ہوئی حساسیت کے باعث آس پاس کے ماحول سے بہت جلد متاثر ہو جاتے ہیں۔

اس عدد کے حامل افراد ماضی کی یادوں میں مگن رہتے ہیں [illegible] کا سامان آرائش اور دفتر یا گھر کی پرانی طرز کی آرائش پسند کرتے ہیں یہ لوگ [illegible] پر بہت

جلد بھروسہ کر لیتے ہیں جس کے باعث اکثر نقصان بھی اٹھاتے ہیں۔

ان لوگوں میں قوت برداشت بہت ہوتی ہے (جسمانی اور ذہنی دونوں) ہر مصیبت کا سامنا کر سکتے ہیں۔ دنیائے ادب میں بڑے کامیاب ہوتے ہیں۔ عموماً یہ لوگ سوسائٹی اور خوش باش لوگوں سے بہت مانوس ہوتے ہیں اسی لئے اپنی قابلیتوں کا پوری طرح فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔

نمبر 2 کے افراد میں تجارتی مادہ ودیعت ہوتا ہے انھیں اکثر ان کی حیثیت سے زیادہ امیر سمجھا جاتا ہے کیونکہ زیادہ خوش پوش ہوتے ہیں۔ قدرتی مناظر سے لگاؤ رکھتے ہیں اور اپنے احساسات کے محکوم ہوتے ہیں لیکن ان میں سفلی جذبات سے زیادہ محبت کا عنصر موجود ہوتا ہے اگر وہ محبت کرتے ہیں تو آخری وقت تک نبھاتے ہیں اور کسی قسم کی قربانی سے بھی دریغ نہیں کرتے اور دشمنوں سے دشمنی کے قائل ہوتے ہیں گویا وہ دوستوں کے دوست اور دشمنوں کے دشمن ہوتے ہیں۔

عدد 2 کے حامل افراد اپنے وعدے کے پکے اور ارادے کے اٹل ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے لوگ انھیں ضدی اور ہٹ دھرم سمجھنے لگتے ہیں۔ مگر یہ لوگ جن سے محبت کرتے ہیں ان کے لئے بہت اچھے ثابت ہوتے ہیں اور ان کے لئے بہت نرم خو رہتے ہیں۔

کھانے پینے کے بہت شوقین ہوتے ہیں۔ دوستوں کی دعوتیں کر کے خوش ہوتے ہیں۔ گھر کو عمدہ طریقے سے چلانے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ عدد 2 کے حامل افراد کی صحت ہمیشہ ایک جیسی نہیں رہتی بلکہ بدہضمی کی شکایت اکثر رہتی ہے جس کی وجہ سے ان کی اندرونی طاقت میں ہر وقت کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔ صاحب عدد بھی تو آپ کو اس قدر ہشاش بشاش دکھائی دے گا کہ کوئی بھی دیکھنے والا یہ یقین ہی نہیں کر سکتا کہ یہ شخص کبھی بیمار بھی رہا ہو اور کبھی اس قدر کمزور دبلا تو اس دکھائی دے گا کہ جیسے ہمیشہ کا بیمار ہے لہٰذا اسے ہر وقت احتیاطی تدابیر سے کام لینا پڑتا ہے۔

عدد دو والے افراد سنجیدہ مزاج، تحمل مزاج اور ذہین ہوتے ہیں۔ یہ دوسروں کے ساتھ بہت جلد گھل مل جاتے ہیں اور بہت جلد دوسروں کو اپنا فریفتہ بنا لیتے ہیں۔ ان کو گفتگو کرنے کا

سلیقہ آتا ہے بہت باتونی ہوتے ہیں دوسروں پر گفتگو کے ذریعے چھا جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ لوگ دوستوں کی مدد کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ مذہب کے بھی پابند ہوتے ہیں اور اکثر اپنی دولت سے زکوٰۃ و خیرات کرتے رہتے ہیں۔ اگرچہ یہ حساس ہوتے ہیں لیکن اپنے جذبات پر قابو رکھتے ہیں اور دل کی بات کو چہرے سے ظاہر ہونے نہیں دیتے۔

عدد دو کے افراد ایک بے قرار اور بے چین طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ انہیں علمی و دماغی اور تحقیقی کاموں سے خاص دلچسپی ہوتی ہے اور وہ اپنے اور دوسروں کے بارے میں بہت اونچی امیدیں رکھتے ہیں اگر وہ ناپسندیدہ ماحول میں ہوں تو جلد متاثر ہو کر چڑچڑے بن جاتے ہیں۔

دو نمبر کے زیر اثر افراد یوں تو تخلیقی مزاج بھی رکھتے ہیں اور ان میں موجد بننے کی اہلیت بھی ہوتی ہے لیکن وہ اکثر و بیشتر اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنانے کی استطاعت نہیں رکھتے اس لئے ان کا بیشتر وقت عملی کی بجائے تخیل کی دنیا میں گزرتا ہے۔ ان میں کسی حد تک خود اعتمادی کا فقدان ہوتا ہے اس لئے اکثر کوئی کام شروع کر کے بیچ ہی میں چھوڑ دینے کے عادی ہوتے ہیں۔

اس عدد کے حامل افراد خوش مزاج ہوتے ہیں۔ دفتر میں نظم و نسق کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ فرض شناسی اور بردباری پر زور دیتے ہیں۔ بڑے نرم خو ہوتے ہیں۔ تصورات کی دنیا میں کھوئے رہتے ہیں۔

عدد 3 کے حامل افراد

تین نمبر کے زیر اثر افراد بڑے عالی ہمت ہوتے ہیں۔ انفرادیت پسند اور پختہ ارادوں کے مالک ہوتے ہیں۔ ارادوں کی پختگی کے ساتھ ساتھ ان میں اپنی بات منوانے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ زندگی میں کم حیثیت یا کم درجے پر بھی قناعت نہیں کرتے بلکہ ہمیشہ بلند مرتبہ حاصل کرنے کے متمنی رہتے ہیں۔

عدد تین کے حامل افراد بے خوف اور عزم صمیم کے مالک ہوتے ہیں۔ فیصلہ کرنے میں پس و پیش نہیں کرتے صاف صاف بات کرنے کے قائل ہوتے ہیں۔ اپنی نکتہ چینی سے لوگوں کو

دشمن بنا لیتے ہیں۔ جو کام ان کے سپرد کیا جائے اسے پوری تندہی سے کرتے ہیں۔ حالات کا اندازہ پہلے سے کر لیتے ہیں اور ہر کار ہائے نمایاں انجام دینے کے اہل ہوتے ہیں۔ ان تھک اور با اخلاق ہوتے ہیں۔

عدد تین کے حامل افراد اپنے حلقے میں عام طور پر نمایاں رہتے ہیں۔ ان میں ڈکٹیٹر بننے کی تمام خصوصیات موجود ہوتی ہیں اور اپنی بات منوانے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگاتے ہیں۔

اسی ایک خامی کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو اپنا دشمن بنا لیتے ہیں۔ یہ لوگ دل میں بغض و کینہ نہیں رکھتے مخاطب کے جذبات اور احساسات کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں اپنے مقاصد کے حصول کے لئے ہمیشہ پر امید ہوتے ہیں اندھے اعتقاد کے قائل نہیں ہوتے۔ یہ لوگ دوسروں کی رائے اور خیالات کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ یہی چیز انہیں نقصان پہنچاتی ہے کیونکہ ایسے لوگ جن کا کام دوسروں کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھانا ہے ان پر قابو پا لیتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ سخی اور فراخ دل بھی ہوتے ہیں کوئی ان کی ذرا سی مدد کرے تو یہ دس گنا معاوضہ دینے پر تیار ہو جاتے ہیں۔ گھریلو زندگی میں یہ لوگ بہت ضدی اور دوسروں پر حکم چلانے والے ہوتے ہیں مگر عورتوں پر ان کا اثر اتنا گہرا ہوتا ہے کہ وہ ان کی برائی کو آسانی سے برداشت کر لیتی ہیں اور ان کی زیادتیوں کے باوجود ہر حال میں ان کا ساتھ دیتی ہیں۔

انہیں روحانیات سے بھی دل چسپی ہوتی ہے اور یہ غیب کی باتیں معلوم کرنے کی صلاحیت اپنے اندر پیدا کر سکتے ہیں۔ تصنیف و تالیف، مصوری اور شاعری میں نام پیدا کر سکتے ہیں۔

فطری طور پر یہ لوگ فلسفی اور فطرت پر گہری نظر رکھنے والے ہوتے ہیں اور دوسروں کے کردار کو جاننے میں کامیاب ہوتے ہیں۔ عدد تین کے افراد آزاد رہنا پسند کرتے ہیں کسی کے ماتحت بن کر زندگی گزارنا انہیں پسند نہیں ہوتا۔ ان میں حکومت کرنے کا مادہ پایا جاتا ہے اسی لئے اقتدار حاصل کرنے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔ اگر اقتدار ہاتھ آ جائے تو خود کو اچھا حکمران ثابت کر دکھاتے ہیں اور اصول و ضوابط کی حکمرانی کے پابند ہوتے ہیں۔

ان لوگوں کو غیر ملکی سفر بھی درپیش ہوتا ہے اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوتے ہیں۔ روحانی علوم کے شائق ہوں دل و دماغ کی قوتیں بہت اعلیٰ ہوں نڈر بے باک اور باہمت ہوتے ہیں۔ ایک وقت میں ایک کام پر بھرپور توجہ دیتے ہیں اور اس وقت تک پیچھا نہیں چھوڑتے کہ جب تک کہ اس کام کو مکمل نہ کر لیں۔ ان میں سوچنے کی قوت بہت تیز ہوتی ہے بہت دانش مند، زبردست حکمت عملی اور بے نظیر دماغی قابلیت کے مالک ہوتے ہیں۔

عدد 4 کے حامل افراد

عدد چار کے حامل افراد غیرت مند، ایثار پیشہ، کریم النفس اور دوسروں کے لئے دکھ جھیلنے والے ہوتے ہیں۔ اس نمبر کے زیر اثر افراد ایک مخصوص اور دوسروں سے علیحدہ شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ ہر چیز کو دوسروں سے مختلف زاویہ نگاہ سے دیکھتے ہیں اور دوسروں سے ہمیشہ اختلاف رکھتے ہیں۔ چار نمبر کے زیر اثر افراد اگرچہ طبعاً جھگڑالو نہیں ہوتے اور نہ ہی کسی کو اپنا دشمن بنانا چاہتے ہیں مگر ان کی اختلافی رویہ کے باعث ان کے بہت سے مخالفین پیدا ہو جاتے ہیں جو چپکے چپکے ان کی جڑیں کاٹنے میں مصروف رہتے ہیں۔

عدد چار کے حامل افراد بہت کم دنیاوی سکون پا سکتے ہیں۔ اگر ان کے پاس پیسہ آ جائے تو بھی اسے انوکھے طریقے سے خرچ کرتے ہیں اور اپنی طبیعت کے حیرت انگیز رخ کو بے نقاب کرتے ہیں۔ اس عدد کے مالک لوگ بہت زیادہ تخیل پرست وجدانی ہوتے ہیں۔ یہ پیدائشی طور پر بحث و بیان اور تخیل کی خوبیوں سے متصف ہوتے ہیں اگر یہ لوگ اپنی ان خوبیوں کو ترقی دیں تو بلاشبہ اعلیٰ پایہ کے ادیب اور شاعر بن سکتے ہیں۔

عدد چار کے افراد عام انسانوں سے بلند ہونے کی کوشش کرتے ہیں اور قدرتی طور پر بڑی شخصیتوں سے مانوس ہونے کی کوشش کرتے ہیں اگر لوگوں میں کوئی نقص بھی دیکھیں گے تو اسے نظر انداز کر دیتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی قلمی قوت کا مظاہرہ کرتے ہیں ہمدرد ہوتے ہیں اور بے حد فیاض ہوتے ہیں۔ بے وفائی اور دھوکہ یہ دو چیزیں ان کے دل کو توڑ دیتی ہیں۔ یہ خود بھی صادق اور راست باز ہوتے ہیں لیکن انہیں اکثر خوفناک دھوکہ دیا جاتا ہے اس لئے یہ سخت گیر نکتہ چین اور تلخ مزاج ہوتے ہیں۔ عدد چار کے حامل افراد میں ایسی خصوصیات اور صلاحیتیں

موجود ہوتی ہیں جو ان کی شخصیت کو اہل خانہ اور خاندان کے دوسرے افراد سے افضل اور ممتاز مقام بخشتی ہے۔ ان میں بہترین انتظامی صلاحیتیں موجود ہوتی ہیں جن کو بروئے کار لاتے ہوتے یہ لوگ مختلف تقاریب کا انتظام باخوبی انجام دے سکتے ہیں۔ یہ لوگ بہترین رہنما، ہادی و رہبر اور لیڈر ثابت ہوتے ہیں ان کے دل میں خاندان اور ملک و قوم کی فلاح اور معاشرے کی اصلاح کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوتا ہے اور اس جدوجہد مسلسل میں ہمہ تن مصروف و مشغول رہنا پسند کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے ان میں ایک کامیاب منصف بننے کی پوری صلاحیتیں ہوتی ہیں۔

عدد چار ضبط و تحمل اور مضبوطی کی علامت ہے اسی لئے اس عدد کا مالک مخلص ثابت ہوتا ہے اس کی عادات و خصائل، صبر و تحمل، اعتماد اس کو لائق تحسین تو بناتا ہے مگر ممتاز نہیں کرتا۔ اردگرد کی پریشانیوں کا ان پر کوئی خاص اثر نہیں ہوتا اس عدد کا مالک شخص ضدی ہونے میں اپنا جواب نہیں رکھتا۔

عدد چار کے حامل افراد قوانین اور اصولوں کی پابندی کرنے سے معذور ہوتے ہیں۔ کسی جبر اور پابندی کو قبول کرنا ہی ان کی فطرت کے خلاف ہوتا ہے اور اگر ان پر زبردستی کی کوئی پابندی لاگو کی جائے تو یہ فوراً اپنے ماحول سے بغاوت پر تل جاتے ہیں۔ ایسے افراد بحث و مباحثہ میں ہمیشہ مخالف پہلو اختیار کرتے ہیں۔ ضد کے اس قدر پکے ہوتے ہیں کہ ہر شے پر ہر کام روایت اور لگے بندھے طریقوں سے ہٹ کر تے ہیں۔ اپنی خانگی اور کاروباری زندگی میں بھی نہایت خودسر اور خود مختار ہوتے ہیں اور ہر معاملے میں عام روش سے ہٹ کر چلتے ہیں۔ بے غرضی اور ایثار ایسے افراد کا امتیازی وصف ہوتا ہے یہ اور بات ہے کہ اپنی خانگی اور کاروباری زندگی میں بھی نہایت خودسر اور خود مختار ہوتے ہیں۔

عدد چار کے مالک افراد بڑے مرتبوں اور شہرت تک پہنچتے ہیں لیکن ان کی گھریلو زندگی عموماً ناخوشگوار ہوتی ہے دنیا والوں کی نظروں میں کتنے ہی خوش نصیب کیوں نہ ٹھہریں گھر میں انہیں سچی مسرت کم ہی نصیب ہوتے ہے اگر مخالفت اور تنقید سے واسطہ پڑ جائے تو یہ بہت بد دل ہو جاتے ہیں اور انسانیت کی دوستی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ بظاہر یہ لوگ سرد مہر اور غیر مخلص

نظر آتے ہیں لیکن حقیقتاً بہت مخلص ہوتے ہیں۔

ان لوگوں کا حافظہ بہت اچھا ہوتا ہے اور اس کی مدد سے یہ مختلف علوم میں کمال حاصل کر لیتے ہیں۔

عدد چار کے حامل افراد معاشرتی اور اصلاحی کاموں میں بہت دلچسپی لیتے ہیں۔ مجلسی اصلاح کا مادہ ان میں زیادہ ہوتا ہے اور ان کی رائے بھی وزن دار ہوتی ہے اور اسی شعبے میں ان کی صلاحیتیں اپنا اثر دکھاتی ہیں۔

عدد چار کے زیر اثر افراد کوئی نہ کوئی بات ایسی ضرور ہوتی ہے کہ دوسرے نہ صرف ان کی بالادستی تسلیم کر لیتے ہیں بلکہ ان کے فیصلوں کا احترام بھی کرتے ہیں۔ یہ لوگ جس کام کو شروع کر دیں تو پھر آخر تک اُس کا پیچھا نہیں چھوڑتے بلند حوصلہ ہونے کی وجہ سے انہیں مایوسی اور ناکامی کا سامنا بہت کم کرنا پڑتا ہے۔

عدد 5 کے حامل افراد

عدد پانچ کے حامل افراد ملنسار اور پرکشش ہوتے ہیں۔ ذہانت اور حاضر جوابی کے وصف سے بہرہ ور ہونے کے علاوہ اچھے مقرر بھی ہوتے ہیں۔ دوسروں کو اپنی بات کا قائل کرنا ایک طرح سے ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہوتا اس لئے یہ لوگ دوسروں کو آسانی سے اپنا دوست بنا لیتے ہیں۔

ان لوگوں کے ارادے اٹل ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے لوگ انہیں ضدی اور ہٹ دھرم سمجھنے لگتے ہیں مگر یہ لوگ جن سے محبت کرتے ہیں ان کے لئے بہت اچھے ثابت ہوتے ہیں اور ان کے لئے بہت نرم خو رہتے ہیں۔ ان لوگوں میں دوسروں پر قابو پانے اور ان پر حکم چلانے کی بڑی صلاحیت ہوتی ہے۔ بہت سخت جان اور جفاکش ہوتے ہیں۔ جسمانی اور دماغی تکالیف بہت آسانی سے جھیل لیتے ہیں لیکن یہ صرف اسی وقت تک ہوتا ہے جب تک ان کے ارادے باقی رہیں۔

عدد پانچ کے مالک افراد بہت جلد دوست بنا لیتے ہیں اور ہر عدد کے مالک افراد کے ساتھ اچھی طرح نباہ کرتے ہے۔

یہ لوگ بہت ذہین ہوتے ہیں۔ فیصلے کرنے میں نہایت عجلت سے کام لیتے ہیں لیکن عمل کرنے میں کچھ سست ہوتے ہیں۔ عدد 5 کے حامل افراد اپنے ذہن سے بہت کام لیتے ہیں اور اپنے ذہن پر بڑا بوجھ ڈالتے ہیں جس کے نتیجہ میں ان کے لئے نروس بریک ڈاون کے خطرات پیدا ہو جاتے ہیں۔

اس عدد کے مالک افراد کا موڈ یکساں نہیں رہتا یہ کبھی بہت مہربان اور کبھی بہت سخت ناراض دکھائی دیتے ہیں۔ ان کے مزاج میں ٹھہراو نہیں ہوتا یہ لوگ ہمیشہ خوب سے خوب تر اور تازہ بہ تازہ کی تلاش میں رہتے ہیں۔

اس عدد کے زیر اثر افراد زندگی میں عام طور پر کامیاب رہتے ہیں اور عقل مند ہوتے ہیں۔ اپنے ملنے جلنے والوں کو اچھی طرح جانچ لیتے ہیں۔ تجارتی امور میں نپی تلی رائے رکھتے ہیں اور فریب کا شکار نہیں ہوتے اور نہ ہی ان پر آسانی سے رعب جمایا جا سکتا ہے۔ عدد 5 کے مالک افراد زندگی کے تصرات میں عام طور پر مادہ پرست ہوتے ہیں اور ہر چیز کا تجربہ کر لیتے ہیں اور دلائل سے اپنے خیالات کے تحت اپنا معاملہ صاف کر لیتے ہیں اچھے ادبی نقاد ہوتے ہیں اور تیزی سے کمزور پہلوؤں کو جانچ لیتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی عجلت پسند ہوتے ہیں اور عجیب و غریب قوت حافظہ کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنے ماحول میں مطابقت کے علاوہ بے شائق ہوتے ہیں۔

یہ لوگ اپنی فطرت کے ایک رخ سے محبت کرتے ہیں اور دوسرے رخ سے نفرت۔ ہر اس مقابلے میں جہاں ایک روشن ذہین کی ضرورت ہوتی ہے یہ دوسروں سے بازی لے جاتے ہیں۔ حکمت عملی سے کام لیتے ہیں اور سامعین کو اپنی عقل مندانہ باتوں اور روشن دماغی سے مسخر کر دیتے ہیں۔

اپنی بذلہ سنجی اور گرم گفتاری سے کسی کو برا منانے کی مہالت نہیں دیتے اچھے اداکار، قانون دان، لیکچرار، مقرر اور پروفیسر ثابت ہوتے ہیں مگر کوئی کام دل جمی سے نہیں کرتے۔ مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔ اگر کسی کام پر جم جائیں تو اس کام میں بام عروج تک پہنچ جاتے ہیں۔

ان لوگوں کی دماغی رفتار بہت تیز ہوتی ہے۔ دلفریبی کے شیدا ہوتے ہیں۔ ہر گھڑی نئی نئی اختراعات کرتے رہتے ہیں۔ اعتقاد ان کا بہت کمزور اور ضعیف ہوتا ہے اسی وجہ سے رجعت پسند اپنے عقائد کو بدلتے رہتے ہیں کبھی تو اس قدر خدا پرست بن جاتے ہیں کہ ان پر کسی زاہد و عابد کا گمان ہونے لگتا ہے اور کبھی یہ خدا سے دوری اختیار کر کے منکر خدا بن جاتے ہیں۔

عدد 5 کے حامل افراد زندگی میں میانہ روی اختیار کرتے ہیں ان میں شجاعت و جرات مندی کی صفات بھی ہوتی ہیں لیکن ان صفات کا اظہار روایتی رنگ میں ہونے کی بجائے اس انداز میں ہوتا ہے کہ وہ جو ذہن میں آئے کر ڈالتے ہیں جو دل میں سمائے اس پر عمل کرتے ہیں اور ہر وقت ایسے طریقے سوچتے رہتے ہیں جن سے ڈھیروں روپے کما سکیں۔

عدد 5 کے افراد ایک خوش باش طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ بڑے سے بڑا صدمہ برداشت کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں اور زندگی کے حوادث و مصائب کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے اور نہ زیادہ عرصہ تک اس کا اثر لیتے ہیں بلکہ اسے بھول کر پھر سے میدان زندگی میں کود پڑتے ہیں۔

عدد 6 کے حامل افراد

عدد 6 کے حامل افراد حساس، وفادار، صاف گو اور جوشیلے ہوتے ہیں۔ صاف گو ہونے کے باعث ہر اچھی چیز کی دل کھول کر تعریف کرتے ہیں۔ یہ لوگ جوشیلی اور جنونی طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کے مزاج میں صبر و تحمل کی بہت کمی ہوتی ہے۔ دوسروں سے اپنے لئے تعریفی کلمات سن کر جلد مسرور اور سرشار ہو جاتے ہیں اور ان خوشامدی لوگوں پر بھروسہ کر کے عالم از خود رفتگی میں اپنے قیمتی راز اگل دیتے ہیں۔ دوسروں پر جلد بھروسہ کرنے کی یہ عادت ان کے لئے از حد تکلیف کا باعث بنتی ہے اور اگر ان کی کسی برائی یا غلطی کی نشاندہی کی جائے تو وہ اس شخص کو اپنا دشمن خیال کرتے ہیں اور اس شخص کے خلاف ان کے دل میں حسد ناراضگی غصہ اور بے زاری کے جذبات پیدا ہوتے ہیں۔

6 نمبر مقناطیسی شخصیت کے مالک لوگوں کا نمبر ہے۔ اس نمبر کے زیر اثر افراد نہایت پر

کشش اور دوسروں کو فوراً متاثر کر لینے والے ہوتے ہیں۔ بڑے رحم دل اور عاشق مزاج ہوتے ہیں۔ عشق و محبت ان کی فطرت میں ہوتی ہے۔ موسیقی اور دیگر فنون لطیفہ کے دلدادہ ہوتے ہیں چونکہ محبت کرنے والے ہوتے ہیں اس لئے دوسروں کو بہت جلد دوست بنا لیتے ہیں۔

عدد 6 کے حامل افراد میں دوسرے لوگوں پر فوقیت رکھنے کی عجیب و غریب صلاحیت ہوتی ہے ان میں قوت برداشت بہت ہوتی ہے۔ ہر مصیبت کا سامنا کر سکتے ہیں۔ حافظہ بے حد تیز ہوتا ہے دنیائے ادب میں بڑے کامیاب ہوتے ہیں عموماً سوسائٹی اور خوش باش لوگوں سے بہت مانوس ہوتے ہیں۔ اسی لئے اپنی قابلیتوں کا پوری طرح فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔

عدد 6 کے مالک افراد مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں اور اپنے ارادے کے پکے ہوتے ہیں۔ یہ لوگ اکثر تخیلات میں رہنا پسند کرتے ہیں اس کے باوجود حقیقت پسند شخصیت کہلاتے ہیں۔ ایسے لوگ مذہب کے پابند ہوتے ہیں۔ ہر دل عزیز شخصیت ہوتے ہیں۔ مال و دولت جمع کرنے کا ان کو بہت شوق ہوتا ہے اور کافی حد تک کافی ساری دولت اکٹھی کر لیتے ہیں۔

اس عدد کے حامل اشخاص گھر کی ذمہ داریوں کو بہت اچھے طریقے سے پورا کرتے ہیں۔ یہ لوگ جب کسی کام کا بیڑا اٹھاتے ہیں تو اس قدر محنت اور لگن سے اسے پورا کرتے ہیں کہ بعض اوقات خود کو بھی فراموش کر دیتے ہیں۔

عدد 6 کے مالک افراد بہت پر سکون اور ذہین ہوتے ہیں یہ لوگ کینہ، حسد اور جھوٹ سے دور رہتے ہیں بلکہ معاف کرنا اور بھول جانا ان کی عادت ہوتی ہے خصوصاً ناخوشگوار لمحوں کو بہت جلد بھول جاتے ہیں۔

عدد 6 کے زیر اثر افراد اپنی زندگی کا راستہ خود بناتے ہیں با اعتماد ہوتے ہیں۔ دیانت داری ان کا وصف ہوتا ہے اور اسی وجہ سے یہ صاف صاف معاملہ چاہتے ہیں اپنی دیانت داری کی بدولت یہ لوگ اپنے فرائض انجام دینے میں بڑی بڑی قربانی دینے میں دیر نہیں کرتے۔

اس عدد کے حامل افراد آنے والے وقت کو پہلے سے جان لینے روحانیت اور سحر و طلسم میں یہ لوگ بڑی مہارت پیدا کر سکتے ہیں مگر ہر بات کو عقل کی کسوٹی پر پرکھنے اور منطقی دلیلوں

سے ثابت کرنے کی عادت کی وجہ سے ان کی روحانی طاقتیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ کاروبار میں یہ لوگ پیشگی اندازے لگا لیتے ہیں مگر دولت کی پروا نہیں کرتے اس لئے زندگی میں نشیب و فراز سے دوچار ہوتے ہیں۔

عدد 6 کے زیر اثر افراد میں علم کی بڑی قدر ہوتی ہے اور اکثر زندگی مطالعہ میں کسی خاص مضمون کی تحقیقات میں صرف کر دیتے ہیں اور مطالعہ کا ہر پہلو خوب ایمانداری سے جانچتے ہیں لیکن عام طور پر اپنا نام کسی خاص شعبہ علم کے مالک ہونے کی حیثیت سے پیدا کرتے ہیں۔ تمام ایسے پیشوں میں جو مطالعہ کی گہرائی اور سوچ بچار اور متوازن بحث چاہتے ہیں۔

فنون لطیفہ اور قدرتی مناظر کے بہت شائق ہوتے ہیں۔ طبعاً بہت زیادہ حساس ہوتے ہیں اسی وجہ سے افکار و خیالات سے بہت جلد متاثر ہو جاتے ہیں۔ عشق و محبت ان کا پسندیدہ مشغلہ ہوتا ہے۔ دنگا فساد، لڑائی جھگڑا انہیں بالکل پسند نہیں ہوتا۔

6 عدد کے زیر اثر افراد ایک طرح سے امن پسند شہری ہوتے ہیں انہیں اپنی غلطی یا کوتاہی پر افسوس ہوتا ہے اور جب تک کسی معاملے میں انصاف نہ ہو ان کی تسلی نہیں ہوتی دوسروں کے سامنے اپنے لطیف جذبات کا اظہار نہیں کرتے لیکن کسی محبوب شخصی نظریے یا فرض کے خاطر جان کی بازی لگا دینا بھی ان کے لئے معمولی بات ہوتی ہے تاہم یہ لوگ کسی قسم کی بد گمانی برداشت نہیں کر سکتے۔

ان لوگوں میں موسیقی، رنگوں کے انتخاب اور تناسب کی فطری صلاحیت ہوتی ہے۔ شاعری، موسیقی، اور فنون لطیفہ میں کامیاب ثابت ہوتے ہیں لیکن عام طور پر ان صلاحیتوں سے فائدہ نہیں اٹھاتے۔ یہ لوگ بڑے مخلص اور وفادار ہوتے ہیں۔ اعلیٰ سول اور فوجی عہدوں پر بڑے کامیاب رہتے ہیں۔ بڑے اچھے تاجر بھی بن سکتے ہیں انہیں باغبانی کا بھی شوق ہوتا ہے۔

عدد 7 کے حامل افراد

عدد 7 کامیابی و کامرانی کا نمبر تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس نمبر کے زیر اثر افراد خود مختار، اعلیٰ سوچ رکھنے والے اور بڑی شخصیت کے مالک ہوتے ہیں ایسے افراد دور دراز کا سفر کرتے ہیں۔

کی قدر دان ہوتے ہیں۔

بزرگوں کے خدمت گار ہوتے ہیں۔ با اخلاق، صاحب اولاد، ان کی زندگی میں ایک یا دو بہت بڑے انقلاب آتے ہیں جو ان کی زندگی کو بدل کر رکھ دیتے ہیں۔ یہ لوگ بہت ملنسار، خوش مزاج اور مہمان نواز ہوتے ہیں۔ عام طور پر جو بھی کام کرتے ہیں کامیاب ہوتے ہیں۔ عدد 7 کے حامل افراد کو دولت کی بہت طمع ہوتی ہے اور ہر وقت پیسہ کمانے کے چکر میں رہتے ہیں تعلیم کے دوران بھی جز وی طور پر ملازمت کرتے رہتے ہیں۔

عدد 7 کے مالک افراد سنجیدہ مزاج، تحمل مزاج اور ذہین ہوتے ہیں۔ یہ لوگ دوسرے لوگوں کے ساتھ بہت جلد گھل مل جاتے ہیں اور جلد دوسروں کو اپنا فریفتہ کر لیتے ہیں۔ ان کو گفتگو کرنے کا سلیقہ آتا ہے۔ دوسروں پر گفتگو کے ذریعے چھا جانے کی کوشش کرتے ہیں۔

عدد 7 کے زیر اثر افراد اچھے انجینئر ثابت ہوتے ہیں جو فن تعمیر میں بڑے بڑے جوہر دکھاتے ہیں۔ ان کے ذہن میں ہر چیز کو ایک نئے انداز میں پیش کرنے کا جذبہ مضمر ہوتا ہے یا یوں کہیے کہ یہ لوگ تعمیری یا جدت پسند ذہن رکھتے ہیں۔ اپنا خاندانی عزت و وقار انہیں بہت پسند ہوتا ہے یہ لوگ ارادے کے بہت مضبوط ہوتے ہیں اور اگر اپنی ضد پر اتر آئیں تو کوئی طاقت ان کے ارادے کو متزلزل نہیں کر سکتی۔ ان لوگوں کو تعمیرات کی بہت خواہش ہوتی ہے، کبھی ٹک کر ایک جگہ نہیں بیٹھتے ہمیشہ نئے نئے گھر بساتے رہتے ہیں گھریلو زندگی میں اسی وجہ سے یہ مشکلات میں مبتلا رہتے ہیں۔

عدد 7 کے حامل افراد فطرتاً بے چین ہوتے ہیں اور سفر کے شائق، اقتصادی خوشحالی کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ شروع زندگی میں انہیں غیر معمولی نشیب و فراز دیکھنے پڑتے ہیں اور اس منزل سے گزرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کر ڈالتے ہیں۔

ان لوگوں کی زندگی میں انقلاب آتے رہتے ہیں۔ طبیعت فن کارانہ ہوتی ہے۔ اسی لئے آرٹسٹ قسم کے لوگ اس عدد کی خاص پیداوار ہیں۔ طبیعت محبت اور خلوص سے بھرپور ہوتی ہے اگر ان پر اعتماد کیا جائے تو یہ لوگ پورے وفادار ثابت ہوتے ہیں۔ اپنے مالک کے مفاد کو ہمیشہ فروغ دیں گے اور کبھی کام سے جی نہیں چرائیں گے۔ ان کی طبیعت بہت حساس ہوتی

ہے اگر ان کا صحیح تجزیہ کیا جائے تو ہر چیز سے دستبردار ہو کر غمگین ہو جاتے ہیں۔ خود پسند اور خوشامد پسند ہوتے ہیں اور سربستہ رازوں کے افشا کرنے کی بڑی خواہش رکھتے ہیں۔ اس نمبر کے حامل افراد کی طبیعت میں بے چینی اور بے قراری پائی جاتی ہے اور اپنی طبیعت کی تسکین کی خاطر غیر ممالک یا دور دراز علاقوں کے سفروں کی تگ و دو میں رہتے ہیں۔ ان لوگوں کو غیر ممالک کی رسم و رواج، باشندوں ان کے رہن سہن اور عادات و اطوار سے خاص دلچسپی ہوتی ہے۔ دور دراز ممالک کے بارے میں لکھی گئی تعارفی کتب اور سفرنامے بڑے شوق سے پڑھتے ہیں۔ عدد 7 کے حامل افراد کے سلسلے میں یہ بات بڑی اہم ہے کہ اکثر وہ صاحب بصیرت ہوتے ہیں۔ ان کا رجحان علوم خفیہ کی طرف ہوتا ہے اور بڑے حیرت انگیز خواب دیکھتے ہیں جو اکثر سچے ثابت ہوتے ہیں۔ اپنی روشن ضمیری کی بدولت ان میں ایسی سحر انگیز جاذبیت اور کشش ہوتی ہے کہ دوسرے لوگ متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے یہ لوگ روحانیت کے ماہر این بن سکتے ہیں۔ اس عدد کے زیر اثر افراد کسی بھی کام میں ایک خاص حد تک آگے بڑھتے اور ترقی کرتے رہیں گے پھر اچانک یا تو اپنی کوشش ہی ختم کر دے گے یا اس کام سے ہاتھ اٹھا لیں گے اگرچہ ان کی زندگی میں بڑے نشیب و فراز آتے ہیں لیکن اگر یہ اپنی قیاس آرائی کی قوت پر قابو پا کر دولت جمع کر لیں تو ان کی دولت بڑھتی رہے گی۔ یہ لوگ زندگی میں بڑے مرتبوں اور شہرت تک پہنچتے ہیں لیکن ان کی گھریلو زندگی عموماً ناخوشگوار ہوتی ہے دنیا والوں کی نظر میں کتنے ہی خوش نصیب کیوں نہ ٹھہریں گھر میں انہیں سچی مسرت کم ہی نصیب ہوتی ہے اگر مخالفت اور تنقید سے واسطہ پڑ جائے تو یہ بہت بد دل ہو جاتے ہیں اور انسانیت کی دوستی سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔

بظاہر یہ سرد مہر اور غیر مخلص نظر آتے ہیں لیکن حقیقتاً بہت مخلص ہوتے ہیں۔ عدد 7 کے افراد بہت فراخ دل اور ضرورت مندوں کی مدد کے لئے کوشاں رہتے ہیں بہت جذباتی ہوتے ہیں اور اپنے سے کم مرتبہ والوں سے گہری ہمدردی رکھتے ہیں ان کی اسی نرم دلی اور ہمدردانہ مزاج کے باعث دوسرے لوگ بعض اوقات ان کو بے وقوف بنانے میں کامیاب ہوتے ہیں۔ یہ لوگ جب کسی بات کو طے کر لیں تو پھر خاصے مستقل مزاج ثابت ہوتے ہیں۔ اس عدد سے

تعلق رکھنے والے افراد با اصول اور قانون پسند ہوتے ہیں اور کبھی بھی اپنے کام سے بددیانتی نہیں کرتے ان لوگوں کا حافظہ بھی بہت تیز ہوتا ہے اور ماضی کی کوئی بھی بات نہیں بھولتے۔

اچھی غذا اور اچھا لباس ان کو بہت مرغوب ہوتا ہے۔

عدد 8 کے حامل افراد

عدد 8 ایسے افراد کا عدد ہے جو دو دنیاؤں اور دو انتہاؤں سے تعلق رکھتے ہیں ان میں اگر ایک طرف طبیعت کی تیزی اور گرم مزاجی ہوتی ہے تو دوسری طرف نرمی اور انکساری بھی بے انتہا ہوتی ہے اس لحاظ سے یہ نمبر انتہائی نشیب و فراز کا نمبر ہے۔

یہ لوگ بہت آزاد ذہن کے مالک ہوتے ہیں اور کسی کے پابند یا محکوم رہنا پسند نہیں کرتے اس کے ساتھ ساتھ اعلیٰ ظرف بھی ہوتے ہیں اپنی سمجھ بوجھ اور باریک بینی کی وجہ سے یہ لوگ کاروباری اداروں میں یا سرکاری عہدوں پر بہت کامیاب رہتے ہیں۔

ان لوگوں میں عام طور پر یہ کمزوری پائی جاتی ہے کہ کسی ناپسندیدہ شخص یا بات کی پرزور حمایت شروع کر دیتے ہیں جس کے لئے دوسرے ان سے بدظن ہو جاتے ہیں اور اکثر دشمن بن جاتے ہیں۔

احساس ذمہ داری ان لوگوں میں بے پناہ ہوتی ہے اور کبھی کبھی یہ احساس اتنا شدید ہو جاتا ہے کہ ان کی صحت اور تندرستی متاثر ہوتی ہے۔ اس عدد سے تعلق رکھنے والے افراد عموماً اپنی زندگی کا آغاز معمولی حیثیت سے شروع کرتے ہیں مگر اپنی ثابت قدمی سے اپنا مقصد حاصل کر لیتے ہیں۔ سخت محنت کر سکتے ہیں اور زندگی میں جو بھی رکاوٹیں آئیں ان کو خود ہی ہٹانے کی صلاحیت رکھتے ہیں یہ لوگ زیادہ تر کم گو اور خلوت پسند ہوتے ہیں۔ سماجی تقریبات میں شرکت کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ شریف النفس اور نیک سیرت ہوتے ہیں۔

یہ لوگ خواہشات کے غلام ہوتے ہیں اور جس چیز کی خواہش کریں تو پھر اسے حاصل کر کے ہی رہتے ہیں اور ہر کام نہایت تحمل مزاجی سے کرتے ہیں اور اسی خصوصیت کی وجہ سے جہاں دوسرے افراد مایوس ہو کر پیچھے ہو جاتے ہیں یہ لوگ اپنی اس صلاحیت کی وجہ سے ناممکن کو

بھی ممکن کر دکھاتے ہیں اور اپنی ساری توجہ اور صلاحیت اس کام پر صرف کر دیتے ہیں۔

عدد 8 کے حامل افراد اپنی زندگی میں کافی تکالیف کا سامنا کرتے ہیں ان کے اکثر کاموں میں رکاوٹ پیدا ہوتی رہتی ہے۔ یہ لوگ بے شک فیاض طبیعت کے مالک ہوتے ہیں مگر فضول خرچ بھی نہیں ہوتے اور دوسروں کی مدد کرنے سے گریز بھی نہیں کرتے اپنی کسی بھی بات کو دلیل سے منواتے ہیں۔

عدد 8 کے لوگ ہمیشہ دوسروں کی غلط فہمیوں کا شکار رہتے ہیں۔ لوگ ان کو صحیح طور پر سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں اور دل میں ان کے بارے میں شکوک و شبہات رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ عدد 8 کے افراد دل میں خود کو بالکل تنہا سمجھتے ہیں۔ ان لوگوں میں بڑی انفرادیت ہوتی ہے اور یہ زندگی کی سٹیج پر اہم کردار ادا کرتے ہیں لیکن ان کا یہ کام اکثر مہلک ثابت ہوتا ہے اور یہ لوگ دوسروں کے ہاتھوں میں کھلونا بن جاتے ہیں۔

اس عدد کے حامل افراد عام طور پر موت کے بعد شہرت پاتے ہیں اور لوگ ان کے کاموں کو پسندیدگی سے دیکھتے ہیں ان کے کام کو سراہتے ہیں۔ ان کے اعمال کا ثمر ان لوگوں کو اپنی زندگی میں نہیں ملتا۔

اس عدد کے زیر اثر افراد اگر معاشرے کے کسی ادنیٰ درجے کے طبقے سے وابستہ ہوں تو طبقاتی کشمکش میں رحم کے قائل نہیں ہوتے ان کے رگ و ریشہ میں عملی قوت بدرجہ اتم موجود ہوتی ہے اکثر ان کے اعصاب پر بوجھ سا رہتا ہے اور اپنے آپ سے باہر ہو جاتے ہیں پھر ایسی باتیں کرتے ہیں جن کا انہیں بعد میں افسوس ہوتا ہے۔

عوام کی بھلائی کے لئے تن من دھن کی قربانی کرنے سے نہیں گھبراتے، مدلل بات کرتے ہیں اور کامیاب بحث کرتے ہیں انہیں بمشکل منوایا جا سکتا ہے سائنٹفک ذہنیت کے مالک ہوتے ہیں تجارتی اور مالی معاملات میں بڑے کامیاب ہوتے ہیں بشرطیکہ اپنے دماغ کو اس طرف مبذول کریں اپنی نسبت دوسروں کے لئے زیادہ فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں وقت پڑنے پر بڑے سے بڑا کام کر سکتے ہیں۔ اگر موقع نہ آئے تو اسی انتظار میں اپنے جوہر گنوا بیٹھتے ہیں اگر اس اثنا میں پیدا ہونے والے لوگ اپنے شدت احساس پر غلبہ حاصل کر لیں اور قوت

ارادی کو مضبوط تر کرلیں تو دنیا کا ہر مقام حاصل کر سکتے ہیں۔

8 نمبر کے زیر اثر افراد ہمیشہ دوسروں کی غلط فہمیوں کا شکار رہتے ہیں لوگ انہیں صحیح طور پر سمجھنے سے قاصر رہتے ہیں اس کی بڑی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ایسے افراد اپنے جذبات ظاہر نہیں کر سکتے بلکہ چھپاتے ہیں اور ان کی یہ عادت کسی قدر پختگی اختیار کر جاتی ہے۔ اس نمبر کے زیر اثر افراد مذہب کے معاملے میں سخت متعصب ہوتے ہیں بسا اوقات ان کا مذہبی رنگ اپنی انتہا کو پہنچ کر مذہبی جنون کی شکل اختیار کر لیتا ہے یہ لوگ جس بات کو اپنا مقصد حیات سمجھ لیں پھر ہر قیمت پر اسے پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اس کوشش میں دوسروں کو اپنا دشمن بنا لیتے ہیں۔

مگر انہیں اس بات کی قطعاً پروا نہیں ہوتی کہ دوسرے لوگ ان کے بارے میں کیا سوچتے، کیا سمجھتے اور کیا کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے ان کے اکثر کام مہلک اور خطرناک ہوتے ہیں۔ یہ لوگ عموماً کم گو، تنہائی پسند اور خاموش طبیعت کے مالک ہوتے ہیں زیادہ بولنے والوں سے ان کو نفرت ہوتی ہے اپنے ارادے کے پکے اور خود پر بھروسہ رکھنے والے ہوتے ہیں۔ زمین و جائیداد و پراپرٹی اور زراعت کے کاموں میں نفع کثیر حاصل کر لیتے ہیں کافی زمین و جائیداد کے مالک ہوتے ہیں۔

اگر یہ لوگ کوشش کریں تو کافی روحانی ترقی حاصل کر سکتے ہیں ان میں وجدانی صلاحیتیں بھی ہوتی ہیں ان لوگوں میں قوت برداشت بھی بہت ہوتی ہے ہر معاملے کی تہہ تک پہنچنے کی عادت ان کو وراثت سے ملی ہوتی ہے مگر پھر بھی جب ان پر حد سے زیادہ دباؤ ڈالا جائے تو یہ پھر غبارے کی طرح پھٹ جاتے ہیں اصولی طور پر بے لوث، بے غرض اور امن پسند قسم کے ہوتے ہیں۔

عدد 9 کے حامل افراد

عدد نو کے حامل افراد بہادر، گرم مزاج، دلیر، متکبر، غصے، لالچی اور فن سپاہ گری کے شائق ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بہت جلد غصہ میں آجاتے ہیں مگر جلد ہی راضی بھی ہو جاتے ہیں۔ اپنی رائے پر عمل کرنا پسند کرتے ہیں اور اپنے مشورہ پر ڈٹ جاتے ہیں اگرچہ اس میں انہیں

نقصان ہی کیوں نہ ہو یہ لوگ کبھی محتاج اور کبھی مالدار ہوتے رہتے ہیں۔ مصائب پر صبر کرنا جانتے ہیں ان میں حقلی خاصیتیں بہت ہوتی ہیں حکومتی معاملات میں عمل دخل کو پسند کرتے ہیں متکبر مزاج، غصہ ور اور ظالم بھی ہوتے ہیں۔

ان افراد کو اوائل عمر ہی سے مشکلات سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے اپنی قسمت بہتر بنانے کے لئے خون پسینہ ایک کر دیتے ہیں۔ مشکلات کا ڈٹ کر مقابلہ کرتے ہیں اپنے مضبوط ارادوں، عالی ہمت اور مشکلات کے مقابلے میں ثابت قدمی سے ڈٹے رہنے کے باعث بالآخر یہ کامیاب ہوتے ہیں۔

عدد 9 کے حامل افراد میں بڑی کشش ہوتی ہے اگر یہ لوگ مقرر بنیں تو سننے والوں کو بے حد متاثر کر سکتے ہیں اور انہیں جس طرف چاہیں موڑ سکتے ہیں تحریر میں یہ لوگ کمال حاصل کر سکتے ہیں۔ ان کے ذہن بھی بڑے زرخیز ہوتے ہیں۔ یہ لوگ سخت پریشانی اور خطرے کی حالت میں اپنے آپ پر قابو رکھنے میں کمال رکھتے ہیں۔ دنیا کے کئی نامور، سرجن، فوجی اور پولیس اہلکار اسی عدد کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں۔

یہ لوگ عموماً بڑے انسان دوست ہوتے ہیں اور دنیا کی حالت سنوارنے کے بڑے بڑے منصوبے بناتے رہتے ہیں اگر انہیں دوسروں کی تعریف حاصل ہو جائے تو پھر یہ بڑے بڑے کام کر گزرتے ہیں۔ بہترین منتظم اور جرنیل ثابت ہوتے ہیں۔

اس عدد کے حامل افراد بڑی مضبوط قوت ارادی اور پکے ارادوں کے مالک ہوتے ہیں اور اپنی انہی صفات کی بناء پر صحیح معنوں میں انہیں جنگجو کہا جا سکتا ہے۔ بڑے اور وسیع قسم کے تنظیمی کاموں مثلاً بڑے منصوبوں کی تکمیل، فوجوں کی تنظیم یا ملکی ترقی کے کاموں کے لئے یہ لوگ بڑے مناسب ہوتے ہیں کسی کی تنقید یا اعتراض کو یہ لوگ پسند نہیں کرتے ہاں منطقی استدلال اور معقول بحث و مباحثے سے یہ لوگ قائل ہو جاتے ہیں۔ بہت انتہا پسند اور صاف گو ہوتے ہیں جس کی وجہ سے دوسرے اکثر ان کے دشمن ہو جاتے ہیں۔

اگر ان کا تعلق اخلاقی اعتبار سے پست طبقے سے ہو تو یہ اپنا مقصد حاصل کرنے کے لئے کوئی بھی ذریعہ اختیار کرنے سے نہیں رکتے۔ یہ حاکم بنیں تو بڑے ظالم اور سفاک ہوتے ہیں

اس لئے عام طور پر ان کا انجام عبرتناک ہوتا ہے۔ گھریلو زندگی ہو یا کاروبار انہیں اپنی بڑائی منوانے کا بہت شوق ہوتا ہے۔ اپنے جذبات کے ہاتھوں انہیں بہت نقصان اٹھانا پڑتا ہے خصوصاً عورت کو تو یہ کم ہی سمجھ سکتے ہیں۔

یہ لوگ گھریلو زندگی میں ناخوش رہتے ہیں کیونکہ ان کے اور ان کے رفیق زندگی کی ذہنی حالت میں زمین و آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ عورت ہو یا مرد یہ لوگ محبت کی تلاش میں سرگردان رہتے ہیں اگر انہیں صحیح مرد یا عورت نہ ملے تو یہی نازک مقام ہوتا ہے جہاں ان کی زندگی تباہ ہو جاتی ہے۔ جہاں تک استعداد کا سوال ہے اور استعداد پر کامیابی کا تعلق ہے ایسا کوئی بلند مقام نہیں جہاں تک یہ لوگ نہ پہنچ سکیں۔

بشرطیکہ اپنے دماغ کو صحیح استعمال کریں کامیابی اکثر اوقات ان کے دماغ کو غلط راستہ پر ڈال دیتی ہے ایسے حالات میں یہ صحیح بات کو نہیں سمجھ سکتے اور مغرور اور ضدی طریقوں سے اپنی تباہی کا باعث خود بن جاتے ہیں۔

عدد 9 کے زیر اثر افراد صاحب تحریر ہوتے ہیں اور قوت بیان کافی تیز ہوتی ہے ڈرامہ کے انداز میں اپنی چیز کو پیش کرتے ہیں ہر قسم کے امور پر بات کر سکتے ہیں اپنے کاموں میں اچانک مشکلات پیدا کر لیتے ہیں۔ تجارت اور سیاسیات میں ان کے دانشمندانہ خیالات ہوتے ہیں لیکن یہ لوگ دوسروں کے مشیر بہترین ہوتے ہیں ان کو آج کا کام کل پر کبھی نہیں ڈالنا چاہئے کیونکہ یہ امر اس عدد والوں کے لئے بدترین دشمن ہوتا ہے۔ ذہنی طور پر جنگ جو ہوتے ہیں اور دلیل دیتے وقت دقیقہ شناس ہوتے ہیں۔

عدد 9 کے حامل افراد حرکت میں برکت کو سمجھتے ہیں اور ہاتھ پر ہاتھ دھرے رہنا پسند نہیں کرتے یہ اپنی قسمت خود بناتے ہیں ناکامی کا لفظ ان کی لغت میں شامل نہیں ہوتا کسی بھی کام کو اس وقت تک نہیں چھوڑتے کہ جب تک اسے مکمل نہ کر لیں۔ بعض افراد جو مقصد جلد از جلد حاصل کرنا چاہتے ہیں بسا اوقات نہایت سنگ دلی اور تشدد کا مظاہرہ بھی کر جاتے ہیں۔ ہنگامی طور پر یہ افراد نہایت مستعد چاک و چوبند اور پھرتیلے ثابت ہوتے ہیں۔

اس عدد کے حامل افراد لڑائی جھگڑوں کے کاموں میں زیادہ مصروف رہتے ہیں اور ان

کے چہرے پر عموماً کوئی نہ کوئی تل یا داغ کا نشان ضرور ہوتا ہے یہ لوگ حقائق کی بجائے اپنی ذاتی پسند و ناپسند پر قائم رہتے ہیں۔ ان کے مزاج میں تحمل و بردباری کے جذبات پائے جاتے ہیں۔ ان لوگوں کی آنکھوں میں ایک مخصوص قسم کی چمک پائی جاتی ہے جو کہ دل تک اترتی جاتی ہے۔

عددوں کی خصوصیات

عدد 1 کی خصوصیات

لکی نمبر	1-4-8
ان لکی نمبر	6-7
لکی دن	اتوار
ان لکی دن	ہفتہ
مبارک دن	[illegible]
لکی تاریخیں	1-10-19-28
مبارک تاریخیں	4-13-22-31
لکی سال	10-19-28-37-46-55-64-73-82-91
مبارک سال	13-22-31-40-49-58-67-76-85-94
مبارک مہینے	جنوری، اکتوبر،
ناموافق مہینے	اپریل، نومبر
موافق سمت	مشرق، شمال مشرق
غیر موافق سمت	جنوب مشرق، جنوب مغرب
لکی سٹون	روبی، لاجورد

لکی رنگ	سبز، براؤن، گولڈن، اورنج
ان لکی رنگ	کالا، نیلا
عنصر	آتشی
موافق دھات	سونا
مزاج	گرم خشک
حالت عدد	مذکر
متعلقہ برج	اسد
متعلقہ ستارہ	شمس
حروف ابجد	ا، ی، ق، غ
متعلقہ بخور	صندل سرخ، لوبان، زعفران
مبارک خوشبو	صندل سفید و عنبر
مبارک وقت	ظہر تا عصر
شادی کے لئے بہترین نمبر	1-3-4-6-8
شادی کے لئے مساوی نمبر (سعد زیادہ نحس کم)	5
شادی کے لئے نحس نمبر	2-7-9
شادی کے لئے مساوی نمبر (نحس زیادہ سعد کم)	X
موبائل نمبر کا مفرد لکی نمبر	1-5-7
لاٹری + ریس لکی نمبر	1
لاٹری + ریس موافق نمبر	4-8
موافق عدد	4
عروج کا عدد	9
نیوٹرل عدد	2-3-5
مبارک گھر، آفس کا عدد	1-5-7

مبارک شہر، ملک کا عدد	1-3-5-6
شادی کس عمر میں ہوگی	46 یا 32-34-37-41-43 یا 19-23-25-28
بچوں کی پیدائش کی عمر	23-25-32-34-37
موافق وقت	21 جولائی تا 22 اگست 21 مارچ تا 20 اپریل
متعلقہ امراض	امراض قلب، درد کمر، ریڑھ کی ہڈی کے امراض، امراض مثانہ، مرگی چہرے پر چیچک کے داغ

متعلقہ کاروبار:

صحافت، سیاحت، تعلیم و تدریس، سیاست، طب و حکمت، نفسیات، اعلیٰ عہدہ دار، بزنس مین، پروڈکشن منیجر، بڑے بڑے اداروں کے منتظمین، اداکاری۔

وظیفہ:

نماز فجر کے بعد یا مومن 136 مرتبہ، نماز مغرب کے بعد یا رحمٰن 298 مرتبہ، اور نماز عشاء کے بعد یا سمیع یا مجیب 235 مرتبہ پڑھنا ہے۔

مبارک آیت قرآنی:

عدد ایک والوں کے لئے مبارک آیت قرآنی سورۃ العمران آیت نمبر 26 ہے۔ اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔

مبارک سورۃ قرآنی:

عدد ایک والوں کے لئے مبارک سورت قرآنی سورۃ یٰسین ہے اس کا گھر میں ختم بہت باعث خیر و برکت ہوگا اور اس سورت کا کثرت سے ورد کریں۔

عدد 2 کی خصوصیات

لکی نمبر	2-7-9
ان لکی نمبر	5
لکی دن	پیر
ان لکی دن	منگل
مبارک دن	ہفتہ، جمعہ
لکی تاریخیں	2-11-20-29
مبارک تاریخیں	4-7-13-16-22-25-31
لکی سال	11-20-29-38-47-56-65-74-83-92

مبارک سال

13-16-22-25-31-34-40-43-49-52-58-61-67-70-76

مبارک مہینے	فروری، نومبر
ناموافق مہینے	جنوری، جولائی، اکتوبر
موافق سمت	شمال مغرب، شمال
غیر موافق سمت	مغرب، جنوب مشرق
لکی ستون	موتی، مون ستون، سفید عقیق
لکی رنگ	سفید، سبز، کریم کلر
ان لکی رنگ	کالا، لال، نیلا
عنصر	آبی
موافق دھات	چاندی
مزاج	سرد تر
حالت عدد	مونث

متعلقہ برج	سرطان
متعلقہ ستارہ	قمر
حروف ابجد	ب، ک، ر
متعلقہ بخور	کافور
مبارک خوشبو	عطر گلاب، صندل سفید، روح کیوڑہ
مبارک وقت	ظہر تا مغرب
شادی کے لئے بہترین نمبر	3-4-6-9
شادی کے لئے مساوی نمبر (سعد زیادہ نحس کم)	2
شادی کے لئے نحس نمبر	1-5-7
شادی کے لئے مساوی نمبر (نحس زیادہ سعد کم)	8
موبائل نمبر کا مفرد لکی نمبر	2-4-8
لاٹری + ریس لکی نمبر	2
لاٹری + ریس موافق نمبر	7-9
موافق عدد	7
عروج کا عدد	6
نیوٹرل عدد	1-3-4-6
مبارک گھر، آفس کا عدد	2-4-8
مبارک شہر، ملک کا عدد	3-6-7-8-9
شادی کس عمر میں ہوگی	47 یا 29-31-44 یا 20-22-26
بچوں کی پیدائش کی عمر	20-22-26-29-31-35
موافق وقت	20 جون تا 22 جولائی

متعلقہ امراض:

جلدی امراض، مرگی، عرق النساء، معدہ کے امراض، نظام ہضم کی شکایت، پیٹ کے

امراض، گیس کی تکالیف، سانس اور گھٹنوں کی بیماریاں، گردوں کی تکلیف۔

متعلقہ کاروبار:

آرٹ، مصوری، تصنیف وتالیف، آثار قدیمہ، ادویہ سازی، سیاحت، تجارت، تحقیق، درزی، نرسنگ، جائیداد کی خرید وفروخت، باغبانی، امور خارجہ، شاعری، موسیقی، باغات کا پیشہ وغیرہ۔

وظیفہ:

نماز فجر کے بعد یا خالق 200 مرتبہ، نماز مغرب کے بعد یا حادی 200 مرتبہ، نماز عشاء کے بعد یا مغنی 200 مرتبہ پڑھنا ہے۔

مبارک آیت قرآنی:

عدد 2 والوں کے لئے مبارک آیت قرآنی سورہ قمر آیت نمبر 10 ہے۔ اپنے نام کے اعداد کے مطابق ورد میں رکھیں۔

مبارک سورۃ قرآنی:

عدد 2 والوں کے لئے مبارک سورت قرآنی سورہ فاتحہ ہے۔ اس کا کثرت سے ورد بہت نفع بخش ثابت ہوگا۔

عدد 3 کی خصوصیات

لکی نمبر	3-5-6-9
ان لکی نمبر	4-8
لکی دن	جمعرات
ان لکی دن	ہفتہ
مبارک دن	جمعہ، منگل
لکی تاریخیں	3-12-21-30
مبارک تاریخیں	6-9-15-18-24-27

لکی سال 12-21-30-39-48-57-66-75-84-93

مبارک سال

9-15-18-24-27-33-36-42-45-51-54-60-63-69-72-78

مبارک مہینے	مارچ، دسمبر
نا موافق مہینے	فروری، اپریل، نومبر
موافق سمت	جنوب مشرق، جنوب مغرب
غیر موافق سمت	شمال مشرق، شمال مغرب
لکی سٹون	پکھراج، زمرد، زبرجد
لکی رنگ	پنک، لال، نیلا
ان لکی رنگ	کالا
عنصر	آتشی
موافق دھات	ٹین
مزاج	گرم تر
حالت عدد	مذکر
متعلقہ برج	قوس، حوت
متعلقہ ستارہ	مشتری
حروف ابجد	ج، ل، ش
متعلقہ بخور	زعفران، عنبر، عود
مبارک خوشبو	عطر نرگس، عطر موتیا، عطر مشک وزعفران
مبارک وقت	صبح تا مغرب
شادی کے لئے بہترین نمبر	1-2-3-5-6-9
شادی کے لئے مساوی نمبر (سعد زیادہ، نحس کم)	8
شادی کے لئے نحس نمبر	4

شادی کے لئے مساوی نمبر (نحس زیادہ، سعد کم)	7
موبائل نمبر کا مفرد لکی نمبر	3-9-6
لاٹری+ریس لکی نمبر	3
لاٹری+ریس موافق نمبر	5-6-9
موافق عدد	6
عروج کا عدد	2
نیوٹرل عدد	1
مبارک گھر، آفس کا عدد	3-6-9
مبارک شہر، ملک کا عدد	1-3-5-7
شادی کس عمر میں ہوگی	42 یا 30-33-36-39 یا 21-24-27
بچوں کی پیدائش کی عمر	21-24-27-30-36
موافق وقت	19 فروری تا 20 مارچ، 21 نومبر تا 21 دسمبر

متعلقہ امراض:

کمزوری نظر، یرقان، مثانہ اور جگر کی سوزش، دماغی امراض، گردوں کی تکلیف، اعصابی کمزوری، حلق کی بیماریاں، معدہ کی تکلیف، گنٹھیا، بخار، نزلہ زکام، جوڑوں کا درد۔

متعلقہ کاروبار:

سول انجینئر، دوا سازی، ٹیچر، بینک ملازم، میڈیسن، اداکاری، سرکاری ملازمت، تعلقات عامہ، نشر و اشاعت، تجارت، سیاحت، مذہبی ادارے، قانونی شراکت، ٹریک والے، درس و تدریس، ایڈورٹائزنگ، وکالت۔

وظیفہ:

بعد نماز فجر یا اللہ 66 مرتبہ، نماز مغرب کے بعد یا مجیب 57 مرتبہ، نماز عشاء کے بعد یا نافع 201 مرتبہ۔

مبارک آیت قرآنی:

عدد تین والوں کے لئے مبارک قرآنی سورۃ الاعراف آیت نمبر 10 ہے۔ اپنے نام کے اعداد کے مطابق ورد میں رکھیں۔

مبارک سورۃ قرآنی:

عدد تین والوں کے لئے مبارک سورت قرآنی سورہ اخلاص ہے۔ اس کا کثرت سے ورد بہت سارے دینی و دنیاوی فوائد لاتا ہے۔

عدد 4 کی خصوصیات

لکی نمبر	1-4-8
ان لکی نمبر	3-5
لکی دن	اتوار
ان لکی دن	ہفتہ
مبارک دن	پیر
لکی تاریخیں	4-13-22-31
مبارک تاریخیں	2-11-20-29
لکی سال	13-22-31-40-49-58-67-76-85-94
مبارک سال	11-20-29-38-47-56-65-74-83-92
مبارک مہینے	نومبر، اپریل
ناموافق مہینے	جنوری، ستمبر، اکتوبر
موافق سمت	جنوب مشرق، شمال مغرب
غیر موافق سمت	شمال مشرق، شمال مغرب
لکی سٹون	نیلم، پلک، سرخ عقیق

لکی رنگ	نیلا، گرے، براؤن
ان لکی رنگ	کالا، لال
عنصر	آتشی
موافق دھات	سونا
مزاج	گرم خشک
حالت عدد	مذکر
متعلقہ برج	اسد
متعلقہ ستارہ	شمس
حروف ابجد	و، م، ت
متعلقہ بخور	مشک، لوبان، صندل سفید
مبارک خوشبو	عطر، صندل سفید، عنبر، زعفران، مشک
مبارک وقت	ظہر تا عصر
شادی کے لئے بہترین نمبر	1-2-7-8
شادی کے لئے مساوی نمبر (سعد زیادہ، نحس کم)	6
شادی کے لئے نحس نمبر	3-5
شادی کے لئے مساوی نمبر (نحس زیادہ، سعد کم)	9
موبائل نمبر کا مفرد لکی نمبر	1-5-7
لاٹری، ریس لکی نمبر	4
لاٹری، ریس موافق نمبر	1-8
موافق عدد	8
عروج کا عدد	9
نیوٹرل عدد	2-7
مبارک گھر، آفس کا عدد	2-4-8

مبارک شہر، ملک کا عدد	1-2-3-7-8
شادی کس عمر میں ہوگی	17-20-22-26 یا 29-31-37-41 یا 43
بچوں کی پیدائش کی عمر	20-22-26-27-31-35
موافق وقت	21 جون تا 23 اگست

متعلقہ امراض:

ریڑھ کی ہڈی کے امراض، غلبہ صفراء، امراض جگر، درد مثانہ، درد کمر، گنٹھیا کا مرض، مرگی، حلق کی بیماری، مثانہ و گردے کی تکلیف، اختلاج قلب، آنتوں کی بیماری۔

متعلقہ کاروبار:

حکمت، لیڈر شپ، ایکٹر، ڈاکٹر، جیولر، ہر قسم کے انتظامی عہدے، تعلیم و تدریس، آرٹسٹ، تعلقات عامہ، فلم سازی، نفسیات، سیاحت، دستکاری، صحافت، تصنیف و تالیف، فنون لطیف، صنعت و تجارت۔

وظیفہ:

نماز فجر کے بعد 319 مرتبہ یا شَہِیدُ، نماز مغرب کے بعد یا حَیُّ 202 مرتبہ، نماز عشاء کے بعد یا مُحْصِیُ 148 مرتبہ۔

مبارک آیت قرآنی:

عدد چار کے حامل افراد کے لئے مبارک آیت قرآنی سورہ بقرہ کی آیت نمبر 212 ہے اپنے نام کے اعداد کے مطابق ورد میں رکھیں۔

مبارک سورة قرآنی:

عدد چار کے حامل افراد کے لئے مبارک سورت قرآنی سورہ ناس ہے اس کا کثرت سے ورد بے شمار دنیاوی و دینی فوائد رکھتا ہے۔

عدد 5 کی خصوصیات

لکی نمبر	3-5-9
ان لکی نمبر	2-4
لکی دن	بدھ
ان لکی دن	منگل
مبارک دن	پیر، جمعرات، جمعہ
لکی تاریخیں	5-14-23
مبارک تاریخیں	1-4-6-7-10-13-15-16-19-22-24-25-28-31
لکی سال	14-23-32-41-50-59-68-77-86-95
مبارک سال	10-12-19-21-28-30-37-39-46-48-55-57-64-66-73
مبارک مہینے	جنوری، مئی
ناموافق مہینے	اپریل، ستمبر
موافق سمت	شمال مغرب، شمال مشرق
غیر موافق سمت	جنوب مغرب
لکی سٹون	زمرد، فیروزہ، پکھراج
لکی رنگ	سفید، اورنج، گرے، لائٹ گرین
ان لکی رنگ	کریم کلر، لال
عنصر	بادی
موافق دھات	قلعی

مزاج	گرم خشک
حالت عدد	مخنث
متعلقہ برج	جوزا، سنبلہ
متعلقہ ستارہ	عطارد
حروف ابجد	ہ، ن، ث
متعلقہ بخور	گوگل، مقل ازرق
مبارک خوشبو	عطر عود، عنبر، صندل، حنا
مبارک وقت	صبح کا وقت
شادی کے لئے بہترین نمبر	3
شادی کے لئے مساوی نمبر (سعد زیادہ، نحس کم)	1-9
شادی لئے نحس نمبر	2-4-6-7
شادی کے لئے مساوی نمبر (نحس زیادہ، سعد کم)	5-8
موبائل نمبر کا مفرد لکی نمبر	1-5-7
لاٹری + ریس لکی نمبر	5
لاٹری + ریس موافق نمبر	3-9
موافق عدد	9
عروج کا عدد	5
نیوٹرل عدد	1-6-7-8
مبارک گھر، آفس کا عدد	1-5-7
مبارک شہر، ملک کا عدد	1-3-5-7-9
شادی کس عمر میں ہوگی	43 یا 32-34-37-41 یا 19-23-25-28
بچوں کی پیدائش کی عمر	19-23-25-28-32-34-37
موافق وقت	21 مئی تا 22 جون، 22 اگست تا 23 ستمبر

متعلقہ امراض:

3۔ چاند کی تین تاریخ کو پیدائش والے اعلیٰ اور با اختیار پوزیشن کے مالک ہوتے ہیں۔ زندگی میں اعلیٰ مقام و مرتبہ حاصل کرتے ہیں۔ اعلیٰ ملازمت یا تجارت میں نفع حاصل کریں۔ دوسرے لوگوں سے فائدہ اٹھانا خوب جانتے ہیں۔

4۔ یہ لوگ دوسروں کی باتوں سے جلد متاثر ہو جاتے ہیں۔ اپنی ذاتی رائے کو بدلتے رہتے ہیں۔ مستقل قیام نہیں کر سکتے اور نہ ہی مستقل کسی ایک بات پر ٹھہرتے ہیں، گھومنے پھرنے کے بھی شوقین ہوتے ہیں۔

5۔ ایسے لوگ ہر کام کو بہت جلد پورا کرنے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں اور ہر کام کو شروع میں بہت جوش اور ولولے سے شروع کرتے ہیں مگر بہت جلد اس سے بددل ہو کر اس کو ختم کر دیتے ہیں۔ مستقل مزاج نہیں ہوتے اپنی رائے پر قائم نہیں رہ سکتے، مختلف کاروبار بدلتے رہتے ہیں۔

6۔ یہ لوگ اچھے اخلاق کے مالک ہوتے ہیں۔ دوسروں کی رائے کا احترام کرتے ہیں

۔قانون کی پاسداری کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کرتے ہیں۔ محنتی، جفاکش اور حوصلہ مند ہوتے ہیں۔ جائز ذرائع کو استعمال کرتے ہیں زندگی میں کافی عروج حاصل کرتے ہیں۔

7۔ یہ لوگ صحت مند جسم و دماغ کے مالک ہوں عمر بھی کافی طویل ہو، زندگی کے بہت سے مدوجزر دیکھیں گے، امیری و غریبی دونوں حالات کو زندگی میں دیکھتے ہیں محنت سے نہیں گھبراتے۔

8۔ خوش قسمت اور بااختیار پوزیشن کے مالک ہوں اپنی ہمت اور کوشش سے بہت ترقی کریں۔ جس کام کو ہاتھ میں لے لیں پھر اس کو مکمل کر کے ہی چھوڑتے ہیں۔ اچھے دوست ثابت ہوتے ہیں۔

9۔ خوش قسمت ہوں کاروبار و تجارت میں نمایاں ترقی حاصل کریں۔ ملازمت میں بھی اعزاز حاصل کریں، بہت محنتی اور قابل بھروسہ ہوتے ہیں۔ دوسروں کی مدد کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔

10۔ یہ لوگ کھانے پینے اور گھومنے پھرنے کے بہت شوقین ہوتے ہیں۔ زندگی میں سفر بھی بہت کریں۔ غیر ملکی سفر درپیش ہو اور سفر میں کامیابی حاصل کریں۔ کاروبار کو بدلتے رہیں ایک جگہ جم کر نہ رہ سکیں گے۔

11۔ نیک نیت اور مذہبی شخصیت ہوں دین کے ساتھ لگاؤ رکھیں۔ خوش مزاج اور خوش شکل ہوں، دلکش باتیں کرنے والے ہوں۔

12۔ ایسا آدمی روحانیت میں دلچسپی رکھنے والا ہو اور روحانیت میں اعلیٰ مقام بھی حاصل کرتا ہے۔ روشن ضمیر، غیب دان اور صاحب ادراک ہوتا ہے عمر بھی کافی طویل ہوتی ہے۔ زندگی میں بہت مقام و مرتبہ کا مالک ہو ہر طرف شہرت پانے والا ہوگا۔

13۔ عزت و مقام حاصل ہو اعلیٰ ملازمت یا تجارت میں مال و دولت اکٹھی کرے، عقل مند اور اعلیٰ دماغ کا مالک ہو، فلسفی ہو اور سچے خواب نظر آئیں گے۔ ہر کام میں کامیابی و فتح حاصل ہوگی۔

14۔ بہت خوش قسمت ہوگا بااخلاق اور خوش رو ہو دوسروں کی مدد کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہے۔ جس کام کو کرے کامیابی ملے۔

15۔ مذہب کا پابند اور راست گو ہو بہت بااعتماد دوست ہو جسمانی صحت البتہ کچھ اچھی نہ ہوگی۔ زندگی میں کافی امراض سے واسطہ رہے دوستوں کا حلقہ وسیع ہوگا، ملازمت میں کافی ترقی ہو۔

16۔ عقل مند ہو عزت و مرتبہ کا مالک ہو کاروبار و تجارت میں ترقی حاصل کرے تقریر و اسلوب و انداز کا فوراً مظاہرہ کرے تجارت میں زندگی بسر کرے عقلی علوم سے بھی رغبت رکھے

-

17۔ مغرور، خود پسند، بے وقافانہ حرکتیں زیادہ کرتے دوسروں کی رائے کا احترام نہ کرے مذہب سے زیادہ لگاؤ نہ رکھنے والا ہو۔

18۔ باہمت اور حوصلہ مند ہو زندگی میں بہت سے مسائل اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑے، عزیز و اقارب کی بیماری کی وجہ سے پریشانی اٹھائے طویل عمر ہوگا۔ صنعت و حرف کے کاموں سے مال اکٹھا کرے۔

19۔ دشمن کا خوف رہے زندگی میں کافی امراض دیکھے دشمنوں کے کئے گئے جادو ٹونہ کی وجہ سے تکلیف اٹھائے زندگی میانہ گزرے۔

20۔ صاحب عقل و دانش ہو مگر اپنی ذہانت کو غلط کاموں میں صرف کرے۔ برے لوگوں کی سنگت اختیار کرنے والا ہو، بری صحبت میں وقت گزارنے چھوٹا اور بے رحم ہو۔

21۔ مضبوط قوت ارادی کا مالک ہو باحوصلہ اور علم و عقل کا مالک ہو، خود پسندی کا رجحان زیادہ ہو، صحت اچھی رہے ملازمت میں ترقی کرے لکھنے پڑھنے کا شوقین ہو جس کام میں ہاتھ ڈالے کامیابی ملے۔

22۔ باہمت اور اچھے اخلاق کا مالک ہو دوستوں کا حلقہ وسیع ہو عزیز و اقارب میں عزت و مرتبہ کا مالک ہو عورت کا محبوب ہو تجارت سے نفع اٹھائے۔

23۔ سیر و تفریح کا شوق ہو غیر ملکی سفر درپیش ہو اور اس میں کامیابی بھی حاصل ہو، خود غرض

اور مطلب پرست ہوگا۔ اپنی غرض کے لئے دوستوں اور عزیزوں کا بھی خاطر میں نہ لائے۔

24۔ غیر معمولی عقل کا مالک ہو اگر اپنی ذھانت کو اچھے کاموں میں صرف کرے تو غیر معمولی ترقی کرے گا۔ ملازمت میں ترقی ہو اور اعزاز حاصل کرے تجارت میں بھی بہت ترقی کرنے والا ہوگا ہر کام میں کامیابی حاصل ہو، اعلیٰ تعلیم یافتہ ہو فن طب وحکمت میں بھی نام پیدا کرے۔

25۔ ثابت قدم، مستقل مزاج اور باہمت ہو کچھ مغرور، خودسر اور ضدی بھی ہوگا زندگی مہمات میں گزرے، خطرات سے بھی واسطہ پڑے زندگی میں کافی مال ودولت پیدا کرے، مشکل حالات میں بھی ہمت سے کام لے۔

26۔ معاشرے میں عزت ومرتبہ کا مالک ہو زندگی میں بہت مال ودولت پیدا کرنے والا ہو اعلیٰ ملازمت اختیار کرے اور اس میں غیر معمولی ترقی کرنے والا ہوگا۔ دوستوں کا حلقہ بہت وسیع ہو۔

27۔ خوش خلق، خوش مزاج اور اچھی عادات اور طوار کا مالک ہو، نیک سیرت اور مذہب کا پابند ہو دوسروں کی مدد کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہنے والا ہو، رحم دل اور صلح جو ہو صدقہ و خیرات بکثرت کرے۔

28۔ دوستوں کا حلقہ وسیع ہو زندگی میں اعلیٰ مقام حاصل کرے۔ عزیز واقارب سے تعلقات اچھے ہوں نفیس اور پاکیزہ خیالات کا مالک ہو، حکومت وقت سے فائدہ اٹھائے صحت اچھی رہے گھریلو خوشی وآرام میسر آئے۔

29۔ خوش قسمت اور اچھی زندگی بسر ہو زندگی کے مسائل ومشکلات پر غالب آئے، شادی میں خوشی دیکھے کیریئر اور ملازمت، میں خوشی اور ترقی حاصل کرے، جسمانی صحت اچھی رہے زمین وجائیداد کے معاملات میں کامیابی ملے عزت ومرتبہ حاصل ہو۔

30۔ زندگی خوشی ومسرت کے ساتھ گزرے، آرٹ یا سائنس کے ساتھ دلچسپی رکھے، گھریلو وازدواجی خوشی ملے، زمین وجائیداد کے معاملات میں کامیابی ملے جو کام کرے اس میں کامیابی ہو دشمنوں پر غالب رہے۔ مقدمات میں کامیابی ہو، ملازمت وتجارت میں ترقی و

اعزاز حاصل کرے، سیاست میں ہو تو کامیابی حاصل کرے، خاندان میں عزت کا مالک ہو، گھر کی پرورش کرنے والا ہوگا۔

منازل قمری میں پیدائش کے اثرات

تاریخ پیدائش اور چاند کی تاریخوں کے علاوہ منازل قمری سے بھی حالات زندگی معلوم کئے جاتے ہیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ بوقت پیدائش آپ دیکھیں کے ستارہ قمر کس برج کے کتنے درجہ اور کس منزل (نچھتر) پر موجود ہے، جس منزل میں قمر ہو اس کے مطابق حالات زندگی معلوم کرلیں۔

قمری برج اور منزل معلوم کرنا

جس تاریخ کو معلوم کرنا ہے کہ اس وقت ستارہ قمر کس برج میں اور کس منزل میں ہے تو پہلے تاریخ قمری مطلوبہ کو 13 درجہ 20 دقیقہ سے ضرب دیکر 26 درجہ قانون کے ان میں جمع کرکے حاصل جمع کو 30 پر تقسیم کریں۔ جو حاصل تقسیم ہو اس کو جس برج میں آفتاب طلوع کرے اس سے لیکر آئندہ برجوں پر تقسیم کردیں جس میں ختم ہو وہ قمری برج اور منزل ہوگی۔

مثال:

یکم ستمبر 2008ء کو قمری تاریخ 29 شعبان تھی اب 29×13 درجہ =377 اور 20 دقیقہ حاصل ہوئے قانون کے 26 جمع کرکے 30 پر تقسیم کیا تو باقی 13 بچے، شمس اس وقت برج سنبلہ میں تھا سنبلہ سے 13 واں برج سنبلہ ہی آتا ہے پس ستارہ قمر برج سنبلہ میں منزل سماک کے 13 درجے پر تھا۔

حمل			ثور			جوزا		
1	2	3	3	4	5	5	6	7
ا	ب	ج	ج	د	ہ	ہ	و	ز
شرطین	بطین	ثریا	ثریا	دبران	ہقعہ	ہقعہ	ہنعہ	ذراع
13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ
20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ

سرطان			اسد			سنبلہ		
8	9	10	10	11	12	12	13	14
ح	ط	ی	ی	ک	ل	ل	م	ن
نثرہ	طرفہ	جبہ	جبہ	زبرہ	صرفہ	صرفہ	عوا	سماک
13درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ
20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ

میزان			عقرب			قوس		
15	16	17	17	18	19	19	20	21
س	ع	ف	ف	ص	ق	ق	ر	ش
غفرہ	زبانہ	اکلیل	اکلیل	قلب	شولہ	شولہ	نعائم	بلدہ
13درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	10درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ
20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ

جدی			دلو			حوت		
21	22	23	23	24	25	25	26	27
ت	ث	خ	خ	ذ	ض	ض	ظ	غ
ذابح	بلع	سعود	سعود	اخبیہ	مقدم	مقدم	موخر	رشا
13درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ
20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ

منزل شرطین:

اگر کسی کی پیدائش منزل شرطین میں ہو تو اس کی تاثیر سے وہ آدمی خوب صورت اور موٹے بدن کا مالک ہوگا، قسمت اچھی ہو، صاحب دولت اور عقل مند ہو، ہر دلعزیز اور عزت و شہرت کا مالک ہوگا۔ ہر کام میں تیز طرار اور ہوشیار ہو، دوستوں اور عزیزوں کے ساتھ تعلقات اچھے رکھے۔ خوش کلام، خوش شکل اور منکسار ہوگا۔ معاشرے میں عزت و قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے۔ فراخ دل اور مذہبی کاموں میں مال و دولت صرف کرنے والا ہو با اخلاص نیک نیت اور مخلص ہو دوسروں کا خیال رکھنے والا ہوگا۔ زندگی میں کافی مال کمائے اعلیٰ ملازمت اختیار کرے سفر بیرونی ملک ہو اور اس میں کامیابی ملے ہر کام میں فتح و کامیابی حاصل ہو 28 سال کے بعد قسمت کا ستارہ بلند ہو غیر ممالک میں کافی وقت گزارے۔

منزل بطین:

جس کی پیدائش منزل بطین میں ہو تو ایسا شخص صحت مند اور ہر دلعزیز ہو معاشرے میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے، نیک کاموں کی طرف رغبت زیادہ رکھے نیک اور اچھے لوگوں کی صحت اختیار کرنے والا ہو گھریلو و ازدواجی زندگی اچھی بسر ہو، زوجہ کے ساتھ محبت رکھنے والا ہوگا۔ ہر جگہ عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے دوستوں کا حلقہ وسیع ہوگا مذہب سے لگاؤ

رکھے راست گو ہو مال و دولت کافی پیدا کرے 30 سال کے بعد قسمت بلند ہو۔

منزل ثریا:

منزل ثریا کی پیدائش والا کھانے پینے کا شوقین ہو اور بہت زیادہ کھانا کھاتا ہو لذیذ اور چٹ پٹی چیزوں کا شائق ہو غیر عورتوں کے ساتھ تعلق پیدا کرنے لڑائی جھگڑے میں بھی ماہر ہو ۔جس کام کو ہاتھ میں لے اس کو پورا کر کے چھوڑے ،عزیز و اقارب کے ساتھ اختلافات زیادہ رکھنے والا ہوگا ۔لوہے کا کاروبار اگر کرے تو بہت منافع حاصل ہو، قسمت کا ستارہ 28 سال کے بعد بلند ہوگا۔

منزل دبران:

منزل دبران میں پیدائش والا دولت مند، راست گو، عزیز و اقارب کے ساتھ محبت رکھنے والا، ہر ایک کام کے انجام دینے والا، خوبصورت عقلمند اور شیریں کلام ہو۔ حکومت وقت سے فائدہ اٹھانے والا اور ہر ایک کے دل کی بات کو جاننے والا ہوگا ۔دنیاوی کاموں کو تندہی سے سرانجام دینے والا ہو، رحم دل، منصف مزاج، صدقہ و خیرات کرنے والا اور بزرگوں کا احترام کرنے والا ہوگا ۔بلند حوصلہ اور نرم گفتگو کرنے والا ہوگا گھریلو ازدواجی زندگی اچھی بسر ہو،زوجہ کے ساتھ محبت رکھنے والا ہو قسمت کا ستارہ 29 سال کے بعد چمکے گا۔

منزل ہقعہ:

منزل ہقعہ میں پیدائش والا تیز مزاج، تندخو، خود پسند اور معمولی بات پر بگڑنے والا ہوگا۔ عورتوں کی صحبت اختیار کرے ، چغل خور، تیز طرار اور ہوشیار طبیعت کا مالک ہو ہر ایک کے کام آنے والا ہو مگر ہر وقت غصہ میں رہے۔ جھگڑالو اور فسادی بھی ہو اکثر دوسروں سے لڑائی ہو مطلب پرست اور دوسروں کا احترام نہ کرنے والا ہو ۔اپنے ذاتی مفاد کے لئے غلط ذرائع بھی استعمال کرنے والا ہو چالاک اور ناشکرہ ہو قسمت کا ستارہ 30 سال کے بعد بلند ہو۔

منزل ہنعہ:

منزل ہنعہ کی پیدائش والا خوش قسمت اور مقام و مرتبہ کا مالک ہو دوسروں کے دل کی بات کو جاننے والا ہوگا۔ مستقل مزاج، حلیم طبع، ہر دلعزیز، عقلمند اور متحمل مزاج ہوگا ۔کافی مال و دولت اکٹھی کرے مشکل وقت میں خود پر قابو رکھنے والا اور نہ گھبرانے والا ہوگا نیک نیت اور عقلمند ہو قسمت کا ستارہ 29 سال بعد چمکے گا۔

منزل زراعہ:

منزل زراعہ کی پیدائش والا مستقل مزاج، عالم، دانا، دولت مند، ہر دلعزیز اور صاحب اولاد ہوگا ۔دوستوں کا حلقہ وسیع ہو اور ہمیشہ دوستوں میں گرا رہے۔ خوش بخت اور مالدار ہو، اولاد کا سکھ ملے سفر بہت درپیش ہوں۔

نیک کاموں میں مصروف عمل رہے، صاحب علم و عقل ہو مختلف علوم کے جاننے والا ہو قسمت 32 سال کے بعد چمکے گی۔

منزل نثرہ:

منزل نثرہ کی پیدائش والا عبادت و ریاضت میں مصروف رہنے والا ہوگا، ہمیشہ نیک کاموں میں مصروف رہے، مولوی یا عالم دین ہو، دوسروں کی مدد کے لئے ہر وقت تیار رہنے والا ہو، خدا ترس اور رحمدل ہو، نیک و بد کا خیال رکھنے والا ہو، گھریلو زندگی بہت اچھی گزرے جس کام میں ہاتھ ڈالے کامیابی ملے قسمت کا ستارہ 31 سال کی بعد چمکے گا۔

منزل طرفہ:

منزل طرفہ میں اگر کسی کی پیدائش ہو تو نیک کاموں کا کرنے والا ہوگا ۔اپنے خاندان کی پرورش کرنے والا ہو دوسروں کو خاطر میں نہ لانے والا ہو ۔اپنے فائدہ کو پیش نظر رکھنے والا، خود پسند، نیک و بد کا خیال نہ رکھنے والا ، عزیزوں اور رشتہ داروں کے ساتھ اختلاف رکھے، بزرگوں کا ادب احترام کرنے والا ہو، زندگی میں کافی مال و دولت اکٹھی کرے ۔ بیرون ملک سفر درپیش ہو، حج و عمرہ کی سعادت بھی نصیب ہو، قسمت کا ستارہ 30 سال بعد بلند ہو۔

منزل جبھہ:

منزل جبھہ میں پیدائش والا فوج، پولیس کی ملازمت اختیار کرنے والا ہو یا پھر لوہے سے متعلق کاروبار کرتے اور اس میں نفع اٹھائے۔ اس کے بھائیوں کی تعداد زیادہ ہوگی۔ دوستوں کا خیال رکھنے والا اور دوستی پر مرمٹنے والا ہوگا۔ دولت مند اور آسودہ حال ہو، عورت کا وفادار اور پیار کرنے والا ہوگا۔ ماں باپ کی عزت اور خدمت کرنے والا ہو دوسروں کو دکھ نہ دینے والا ہوگا۔ ہمیشہ خوشحال اور آسودہ حال رہے، قسمت 28 سال بعد بلند ہو۔

منزل زبرہ:

منزل زبرہ کی پیدائش والا آدمی مذہبی، مولوی، عالم یا کوئی اور مذہبی شخصیت ہوگا۔ خوش مزاج، عزت والا اور ہوشیار طبیعت کا مالک ہوگا۔ مگر کچھ بغض تکبر اور غرور بھی رکھے، ہمیشہ دشمنوں پر غالب رہے اور ہر کام میں ہوشیار ہو سفر کا شوقین ہو امیدوں میں کامیابی ملے رشتہ داروں اور عزیزوں کے ساتھ تعلقات اچھے رکھے اور ان میں مقبول ہوگا۔ بڑوں کی عزت و احترام کرنے والا ہو قسمت کا ستارہ 26 سال کی عمر کے بعد بلند ہوگا۔

منزل صرفہ:

منزل صرفہ کی پیدائش والا بہادر، شیریں گفتار اور نیک نیت ہوگا، ہر دل عزیز اور مقبول شخصیت ہوگا۔ اعلیٰ ملازمت اختیار کرے حکومت وقت کے ساتھ تعلق پیدا ہو، سیاست میں بھی دلچسپی رکھے اور کامیابی حاصل ہو دولت مند اور عیاش طبیعت کا مالک ہوگا، بہادر حوصلہ مند دوسروں کی مدد کے لئے تیار رہنے والا، مدبر اور شیریں کلام ہوگا قسمت کا ستارہ 28 سال کے بعد عروج پر آئے گا۔

منزل عوا:

منزل عوا کی پیدائش والا حوصلہ مند اور بہادر ہوگا، دشمن پر غالب رہے، نشیلی چیزوں کا شوقین ہو، بھائیوں کے ساتھ تعلقات اچھے نہ ہوں، عیش و عشرت کا شوقین ہو غیر عورتوں سے رغبت رکھنے والا ہوگا۔ خاندان میں اہم شخصیت کا مالک ہوگا۔ شراب و کباب کا شوقین ہو گفتگو

میں جھوٹ بھی بہت بولے قسمت 29 سال بعد چمکے گی۔

منزل سماک:

اس منزل میں جس کی پیدائش ہوگی ہمیشہ خوش و خرم رہنے والا ہو اچھی قسمت کا مالک ہو، زندگی میں کافی مال و دولت پیدا کرے، مذہب کا پابند ہو، ہمت ور دولت مند ہو، اولاد اور زوجہ سے آرام پائے، خوش خلق اور خوش نویس ہو، تعمیرات کے کاموں سے دلچسپی رکھنے والا ہو مختلف علوم کے جاننے والا ہوگا۔ خوبصورت اور مذہبی خیالات رکھنے والا ہو، روپیہ اس کے پاس کم ٹھہرے قسمت 34 سال بعد چمکے۔

منزل غفرہ:

منزل غفرہ میں پیدائش والا عزیزوں و رشتہ داروں کے ساتھ میل جول رکھنے والا، دوستوں کا ہمدرد اور خیر وخواہ ہو، بہت سمجھدار، تجارت اور ملازمت کے کاموں میں تیز طرار ہو اور بخوبی سمجھنے والا ہوگا۔ دوستوں اور خاندان کی پرورش کرنے والا ہوگا، ہر دلعزیز اور معاشرے میں عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جانے والا ہو، سب کے ساتھ اچھا میل جول رکھنے والا ہوگا، مذہب سے لگاؤ رکھنے والا ہو، علم و عقل کا مالک ہو قسمت 29 سال بعد چمکے گی۔

منزل زبانہ:

منزل زبانہ کی پیدائش والا برے اور کھوٹے کاموں سے رغبت رکھنے والا ہوگا، موقع شناس، مستقل مزاج اور مدبر ہو، لڑائی جھگڑے کے کاموں سے خوش ہو بہادر اور جرات مند ہو، خوش خلق اور سچ بولنے والا ہوگا، زندگی میں کافی مال و دولت اکٹھی کرے جس کام میں ہاتھ ڈالے کامیاب ہو قسمت 23 سال کے بعد بلند ہو۔

منزل اکلیل:

جس کی پیدائش منزل اکلیل میں ہو تو ایسا شخص طاقتور اور صحت مند ہو جرات مند، بہادر اور بے باک ہو سخت محنت کرنے والا اور اپنے بھائیوں کے کام آنے والا ہوگا۔ خاندان کی پرورش کرنے والا ہو، علم و ہنر اور نسب و تجارت اور ہر طرح کے فنون کا ماہر ہوگا۔ معاشرے میں

عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے، خوش حال اور خوش طبع ہو زندگی میں سفر کافی درپیش ہوں۔ ذاتی محنت و کوشش میں خوشحالی لانے والا ہو گا قسمت 36 سال کے بعد چمکے۔

منزل قلب:

جس کی پیدائش کے وقت قمر منزل قلب میں ہو تو ایسا شخص دولت مند سنجیدہ مزاج فرض شناس، ہوشیار ہو گا۔ ہر طرح کے حالات میں صبر و شکر کرنے والا ہو ادب و شاعری کے ساتھ دلچسپی رکھنے نیک کاموں کی طرف توجہ زیادہ رہے دوست و احباب زیادہ ہوں عقل مند دانا ہو اکثر صحت کے مسائل سے دو چار ہونا پڑے 27 سال کے بعد قسمت خوب چمکے۔

منزل شولہ:

منزل شولہ میں جس کی پیدائش ہوا ایسا شخص منحوس، چھوٹا اور چغل خور ہو گا، اکثر مریض ہی رہے، تھوڑی سی خلاف بات پر بگڑ جانے والا ہو گا البتہ سخی، فیاضی اور سنجیدہ مزاج ہو خاندان میں اور دوستوں میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا قسمت 26 یا 30 سال بعد چمکے گی۔

منزل نعائم:

اس منزل میں پیدائش والا لوگوں کو سکھ و آرام پہنچانے والا ہو گا اور دوسروں کا خیال رکھنے والا ہو مختلف علوم کا جاننے والا ہو اور علم و عقل کا مالک ہو اور بہت ہوشیار اور تیز طرار ہو گا۔ صاحب لیاقت با مروت اور سب کا دوست ہو زندگی کے مسائل میں ثابت قدم رہے لکھنے پڑھنے کا شوقین ہو اہل قلم کے ساتھ دوستی رکھے قسمت 27 سال بعد چمکے گی۔

منزل بلدہ:

اس منزل میں پیدائش والا لمبے قد کا مالک، بہادر، حوصلہ مند ہو اس کے دوستوں کا حلقہ کافی وسیع ہو امیروں کے ساتھ میل جول زیادہ رکھے ہوشیار اور معاملہ فہم ہو گا۔ ہر دلعزیز اور عزت و شہرت کا مالک ہو مختلف علوم کے جاننے والا ہو قسمت 30 سال بعد چمکے گی۔

منزل ذابح:

جس کی پیدائش منزل ذابح میں ہو تو ایسا شخص عقلمند ہو گا، معاشرے میں عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ غیر ممالک کا سفر درپیش ہو اور دوسرے ممالک میں وقت زیادہ گزارے حکومت وقت سے فائدہ حاصل ہو اولاد میں زیادہ لڑکے ہوں اور وہ بھی اچھی قسمت کے مالک ہوں گے۔ دنیا کا حریص اور خوبصورت شکل و صورت کا مالک ہو سیاست میں بھی دلچسپی رکھے اور کامیابی ہو قسمت 29 سال بعد چمکے گی۔

منزل بلع:

منزل بلع میں جس کی پیدائش ہو تو ایسا شخص دوسروں کا خیال رکھنے والا، ہمدرد اور نیک طبیعت کا مالک ہو رحم دل اور سخی ہو گا۔ مبارک اور نیک بخت ہو اچھی قسمت کا مالک، دانا، صاحب علم ہو، صدقہ وخیرات زیادہ کرنے والا ہو اور اولاد بھی بہت دولت مند باہمت اور نیک نام ہو عورت بھی خوبصورت ملے موسیقی اور حساب کتاب میں رغبت رکھتا ہو دوسروں کے دل کی بات جاننے والا ہو قسمت 25 سال بعد چمکے گی۔

منزل سعود:

منزل سعود میں پیدائش والا بھائیوں کے ساتھ پیار و محبت رکھنے والا ہو، اپنے خاندان کی پرورش کرنے والا، دوستوں کا حلقہ بہت وسیع ہو علم موسیقی سے دلچسپی رکھے آسودہ حال اور نیک خصلت ہو گا، زوجہ کے ساتھ سچا پیار کرنے والا باہمت اور نیک کاموں سے رغبت رکھنے والا حکومتی معاملات میں عمل دخل رکھے سونے چاندی اور ہیرے جواہرات کا شوقین ہو گا قسمت کا ساتھ 29 سال بعد شروع ہو گا۔

منزل اخبیہ:

جس کی پیدائش منزل اخبیہ میں ہو ایسا شخص دولت مند راست گو اور سخی ہو غریبوں کا ہمدرد اور صدقہ خیرات کرنے والا ہو گا۔ دشمنوں پر غالب رہے غیر ملکی سفر درپیش ہو اور اس میں کافی مال و دولت اکٹھی کرے جس کام میں ہاتھ ڈالے کامیابی ہو جہاں جائے عزت واحترام

کی نگاہ سے دیکھا جائے زوجہ محبت کرنے والی ملے اور خود بھی زوجہ اور اولاد کے ساتھ محبت رکھے۔ گھریلو وازدواجی زندگی اچھی بسر ہو اولاد بھی کافی ہو قسمت 29 سال بعد خوب چمکے۔

منزل مقدم:

جس کی پیدائش منزل مقدم میں ہو تو ایسا شخص خوش مزاج، خوش خلق، صاحب علم اور ہر فن مولا ہو، نیند ایسے شخص کو بکثرت آئے ہمیشہ اس پر نیند کا غلبہ طاری رہے ہمیشہ سکھی و سکون کے ساتھ رہے زیادہ بولنے والا ہو عزیز و اقارب اور دوستوں میں مقبول ہو اور ان سے پیار کرنے والا ہوگا۔ البتہ کچھ سنکی مزاج ہو، مال و دولت کافی اکٹھی کرے، زوجہ و اولاد کا سکھ ملے اعلیٰ ملازمت یا تجارت اختیار کرے حکومت وقت سے فائدہ ہو قسمت کا ساتھ 21 سال کے بعد خوب رہے گا۔

منزل موخر:

جس کی پیدائش منزل موخر میں تو ایسا شخص مذہب کا پابند ہو، دشمنوں پر غالب رہے ایسے آدمی کے بدن کا رنگ گورا ہو باہمت اور باوقار شخصیت کا مالک ہو گفتگو اور تقریر کے فن میں ماہر ہو بحث و مباحثہ میں فتح حاصل کرے اعلیٰ ملازمت یا حکومتی عہدہ ملے حکومت وقت سے کثیر فائدہ اٹھاتے ثابت قدم اور فرض شناس ہو امیدوں میں کامیابی ملے ہر طرح کا فائدہ ہو قسمت 27 سال بعد چمکے گی۔

منزل رشا:

منزل رشا کی پیدائش والا شخص مذہبی شخصیت کا مالک ہوگا۔ بہادر، نڈر، بے باک، دولت مند اور فقیر منش آدمی ہوگا۔ مختلف علوم کے جاننے والا ہو، دوستوں کے ساتھ خوب تعلقات نبھائے۔ تیز گفتار، دانا اور نیک طبع ہو والدین کی خدمت کرنے والا ہوگا قسمت 25 سال بعد خوب ساتھ دے۔

باب سوم

اعداد سے پیشگوئی کرنا

حکماء یونان کے مطابق ہر آدمی کی زندگی میں 22 سال کا دور ہوتا ہے اور متعدد اتار چڑھاؤ میں بائیس سالوں کے بعد عمر کے اس دور میں پہلی سی مناسبت آجاتی ہے۔

ان 22 سالوں میں ہر آدمی جس خاص دور پر گذرتا ہے اس کو یونانیوں نے بکثرت تجربات کے بعد ایک اسم سے موسوم کیا ہے اور اس سے نتائج مخصوصہ مرتب کئے ہیں۔ ذیل کے نقشہ سے معلوم ہوگا کہ عمر کا فلاں سال کس طرح گزرے گا یہ پیشگوئیاں انسانوں کے علاوہ دنیاوی ممالک کے ادوار کو بھی اسی پر مطابق کر کے پیشگوئی کی جاسکتی ہے۔

مثال:

اگر آپ کو اپنے حالات زندگی معلوم کرنے کا خیال ہو تو آپ نے جس سال کے حالات زندگی جاننے ہیں اس میں اپنی عمر بھی شامل کردو اور مجموعہ اعداد کے نقشہ میں اثرات ہیں دیکھو۔

ایک آدمی یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ 2014ء اس پر کیسا گزرے گا اور اس کی عمر اس وقت 38 سال ہے تو 2014ء میں 38 جمع کئے تو کل مجموعہ

2014
38
2052

2+0+5+2 = 9 حاصل ہوا۔

لہٰذا مطلوبہ شخص پر 2014ء میں عدد 9 کے اثرات و واقعات اثر انداز ہوں گے۔

عدد 1:

حکومت پسندی، جدت پسندی، خواہش اقتدار و ایجادات انانیت عمدہ محبت، فطرت

میں حکمرانی اور اقتدار طلبی کا جذبہ پوشیدہ ہوگا۔ قوت متخیلہ بہت زبردست ہوگی۔

عدد 2:

حکمت و دانائی حاصل ہوں ازدواجی مسرتیں ہوں، دل کشی اور علوم و فنون بالخصوص علم کیمیا و سائنس و تجربات و ایجادات وغیرہ۔

عدد 3:

افزائش نسل، کامیابیاں، اقتدار، دولت، دنیا ترقی اور کامیابی، لوگ گرویدہ ہوں۔

عدد 4:

شہرت و عزت بڑھے۔ امیدوں کی تکمیل ہو، حکومت و دولت بڑھے اور صدیق و صفائی سے کام ہوں، اولوالعزمی و شہرت بڑھے۔ انصاف پسندی اور قیام استحکام ہو، راست بازی حصول خواہشات، بلند حوصلہ، ناموری وغیرہ۔

عدد 5:

قانون سازی، شوق علم، آزادی خیال، ذہنی ترقی، پابندی وقت، اخلاق و تربیت، انصاف پسندی، قیام و استحکام درس و تدریس، انکام عمل، تربیت، مذہبیت، فنون کا شغل۔

عدد 6:

عورتوں یا مردوں سے طبیعت کا رجحان ہو جائے سوز و گداز و عشق و محبت اور دلی تاثرات زیادہ ہوں۔ ضمیر بیدار اور روشن ضمیر ہو جائے، حق کی اطاعت کی پیروی کی جائے۔ وفاداری کا جوہر زیادہ ہو، غلط راستہ سے بچنا، جذبات محبت۔

عدد 7:

قوت احساس مقناطیسی کشش، دماغی نشو و نما، علم و عمل دلی خواہشات کا حصول، ذہانت۔

عددد 8:

مقابلہ در پیش ہو، غریب نوازی اور مظلوموں کی حمایت کرنی پڑے، عدول و انصاف اور قانون کی پابندی ہو، غیر طرفداری اور دلائل حق پسندی نمایاں ہو۔ معقولیت پسندی، اعتدال

، ہمدردی خلائق۔

عدد 9:

مراقبہ غور و فکر عبادت و ریاضت خوش گوار انقلاب انکشاف جدید تحقیق و تلاش، جستجو، الہام، مذہب پرستی، بگڑ کر بننا، سنجیدگی، ضبط و تحمل صحیح تقسیم اصول پسند نئی چیزوں کا انکشاف، احتیاط غور و فکر۔

عدد 10:

اخبارات و کتب کی ترتیب و اشاعت، پروپیگنڈہ، سیر و سیاحت، شہرت طلبی و انقلاب پسندی، پابندی وقت کے علاوہ دماغی محنت و گردش و مطالعہ میں بسر ہو۔

عدد 11:

قوت ارادی، قوت جسمانی، فتوحات، سرگرمی عمل، اظہار طاقت، عزم و استقلال، اقتدار حکومت مگر مالی فائدہ کم ہو، جوش عمل۔

عدد 12:

بربادی، دماغی صدمہ و تباہی کی وجہ سے بنا بنایا کام بگڑ جائے امیدیں جھلک دکھا کر گم ہو جائیں۔ جسمانی تکالیف واقع ہوں اور روحانیت زوال پذیر ہو، دیوانگی، توقعات میں مایوسی۔

عدد 13:

تباہی، بربادی، موت، روحانی و جسمانی تکلیف، خوشگوار انقلاب، رد عمل، ناکامی، مایوسی، زوال۔

عدد 14:

لوگوں میں ہر دلعزیز ہو غیروں کی مدد پر کمربستہ رہے، دوستانہ تعلقات زیادہ ہوں اہل و عیال سے محبت کرے، عزیزوں دوستوں سے راحت و آرام ملے۔ معاشرتی تعلقات، کیمیا سازی کا شوق پیدا ہو ازدواجی محبت غیروں کی نگاہ میں محبوبیت۔

عدد 15:

لوگوں کو آپس میں لڑانا مفسد پردازی دوسروں کو دھوکہ دینا قانون شکنی حسد، خفیہ سازش، بدامنی، بغاوت باہمی، بغض وعداوت، ریاکاری، اسرار، اشتعال انگیزی۔

عدد 16:

غرور وانانیت سے تباہی، حکومت واقتدار برباد ہو جائے، انتہائی خود پسندی کی وجہ سے عزل وشکست وناگہانی مصائب کا شکار ہو غیر متوقع ناکامیاں ونامرادیاں حاصل ہوں۔ اپنے غرور کی وجہ سے بربادی حد سے تجاوز۔

عدد 17:

اطمینان قلب، نئی امیدیں، مایوسی امیدوں میں کامیابی دوسروں سے توقعات کی جلد امید رکھنا زود اعتقادی، ایمان واعتقاد، ہر ایک بات کا فوراً یقین کر لینا۔

عدد 18:

کمزوری صحت، کاہلی وذہنی کمزوری، دماغی شکایت لاحق ہو ہر کام میں لیت ولعل کرنے کی عادت پڑے مختلف شبہات پیدا ہوں توقعات میں اکثر ناکامی ہو، خوشگوار تبدیلیاں وناکامی، تاریکی، ضرورت سے زیادہ تساہل، دیوانگی مختلف امراض۔

عدد 19:

دوسروں پر اثر اندازی مالی فائدہ حصول خواہشات عزت وشہرت ہر دل عزیزی عیش وعشرت کامیابی عروج وترقی مقناطیسی کشش وقوت ارادی، اعزاز شہرت ونا موری، اقتدار، محبوبیت، عیش وعشرت، تسخیر۔

عدد 20:

جوش عمل کی طاقت پیدا ہو اور دماغی ترقی پکڑے خوب محنت کا مادہ پیدا ہو۔ عجلت پسندی ہو اور مصروفیات لاحق ہو ناکامی کے بعد کامیابی، کام پورا کرنے کی عجلت نئے مشاغل ذہانت متعدی۔

عدد 21:

اعزاز ثابت قدمی، طویل عمری مالی فائدہ حصول میراث، جسمانی صحت، عزم واستقلال تکالیف کی برداشت امیدوں میں کامیابی ثابت قدمی غیر معمولی قوت، جائیداد، میراث، امتیازات۔

عدد 22:

توقعات میں ناکامی رہے غیر دور اندیشی کا دور دورہ رہے۔ غرور اور تسلی بخش نتائج سے بے پروائی، شدید امراض اور دماغی شکایت ہو اور عام طور پر غلط کاریوں کی وجہ سے گمراہی وخود آرائی اور اپنے ہاتھوں سے تباہی کا سامان تیار کرے، انانیت، دیوانگی، بربادی، ناعاقبت اندیشی، وغیرہ۔

کسی کی عادات وخصائل معلوم کرنا

حکیم فیثا غورث اس علم کا موجد خیال کیا جاتا ہے اس لئے یہ نقشہ نظام فیثا غورث کے تحت درج کیا جاتا ہے اس کے اصول وقواعد اپنے اندر حیرت افزا اثرات وخواص رکھتے ہیں ذیل کے طریقے میں نام کے ساتھ ملحقہ القاب کو بھی شامل کرنا پڑتا ہے کیونکہ نام کے ساتھ ملحقہ القاب میں بھی اثر ہوتا ہے چاہیے کہ نام کے جتنے حصے بن سکیں بنا دیں مگر چار سے زیادہ نہ ہوں مثال

مثال:

مظفر علی شاہ یہ تین حصے ہوئے۔

م ظ ف ر	ع ل ی	ش ا ہ
200+80+900+40	10+30+70	5+1+300
میزان=1220	میزان=110	میزان=306
مفرد = 5	مفرد = 2	مفرد = 9

نام کے پہلے جزو کے اعداد کی اکائی 5 ہے۔ دوسرے جزو کی 2 اور تیسرے جزو کی

9 ہے اس طرح یہ تینوں جز مل کر 5 2 9 حاصل ہوئے ان کو الٹا کیا تو حاصل اعداد 9 2 5 ہوئے اب قسمت کا حال معلوم کرنے کے لئے پہلے 500 کے عدد کی خاصیت دیکھی جائے گی اس کے بعد 20 کے عدد کی خاصیت اور پھر 9 کے عدد کی خاصیت دیکھیں گے۔

عدد 1 کی خاصیت:

نام و نمود کی خواہش اقتدار پسندی، ایجاد و اختراع، ترقی کی خواہش، جذبات میں تحریک، ذہنی نشوونما، ادراک، جوش اور اُمنگ۔

عدد 2 کی خاصیت:

مہلک حادثات، خانماں بربادی مالی نقصان، موت۔

عدد 3 کی خاصیت:

ایمانداری، ہمدردی، خلق و مذہب پرستی، خوش نصیبی، دیانت، ایمان پروری۔

عدد 4 کی خاصیت:

سرگرمی عمل، قوت جسمانی، عملی زندگی، ٹھوس کام کرنے کی صلاحیت، قوت ارادی، کام کرنے کا عزم۔

عدد 5 کی خاصیت:

عیش پرستی، لطف و نشاط، ازدواجی مسرت، عیش پرستی، رنگ رلیاں۔

عدد 6 کی خاصیت:

محنت پسندی، مقاصد کی تکمیل، اپنے واسطے خود میدان پیدا کرنا، دشوار راستوں میں کامیابی۔

عدد 7 کی خاصیت:

مالی فوائد جسمانی راحت احساس سود و زیاں دوراندیشی، توازن عقل، تدبر، آرام و سکون، مالی آسائش۔

عدد 8 کی خاصیت:

صلح جوئی، انصاف پسندی، دادرسی، امن پسندی، قانون کا احترام محافظت، عدالت۔

عدد 9 کی خاصیت:

مالی پریشانی غم اور مصیبت، جسمانی تکالیف، آہیں بھرنا، درد سے کروٹیں بدلنا۔

عدد 10 کی خاصیت:

قوت استدلال، منطقی دلائل لوگوں سے تعلقات مگر کامیابی کم، بحث و تمحیص۔

عدد 11 کی خاصیت:

ریاکاری، جنگ و جدل، جھگڑا فساد، تنازعات، دھوکا فریب، آئے دن کے جھگڑے۔

عدد 12 کی خاصیت:

عروج قسمت، تکمیل مقاصد، پیام مسرت، تمناؤں کی باوری، انتہائی خوش نصیبی، کامیاب قسمت کی قابل رشک تحریر، نوید مسرت۔

عدد 13 کی خاصیت:

جعل سازی، خطاکاری، اشتعال انگیزی، شرارت و فساد، بے ایمانی، مفسد پردازی، غلط کاری، گمراہی۔

عدد 14 کی خاصیت:

ایثار قربانی، اپنا نقصان کر کے دوسروں کی زندگی بنانا حد سے بڑھا ہوا ایثار کا جذبہ۔

عدد 15 کی خاصیت:

دیانت داری، خودداری، غیرت، کفایت شعاری، طیبت، صداقت، عصمت، تربیت، اہلیت، پاکبازی۔

عدد 16 کی خاصیت:

ترقی اقبال، اطمینان و مسرت، عیش و عشرت، جسمانی مسرتیں۔

عدد 17 کی خاصیت:

گمنامی، مفلسی، ذلت، تباہی، کام بن بن کر بگڑ جانا، ہلاکت۔

عدد 18 کی خاصیت:

سنگدل، کنجوس، ظلم وستم، بے رحمی، مظالم کوشی۔

عدد 19 کی خاصیت:

اپنے کاموں کو خود بگاڑنا، حماقت شعاری، دیوانگی، بے وقوفی۔

عدد 20 کی خاصیت:

رشک وحسد، شوق ترقی، عملی قوت، اعتماد، قوت ذہنی، اختراع پسندی، جذبہ رقابت دوسروں کی کامیابی پر رشک وحسد۔

عدد 21 کی خاصیت:

روحانیت سے دلچسپی، رموز جوئی، مخفی باتوں کا علم، اسرار، تحیر جنتر، انکشافات، ایجادات کا شوق۔

عدد 22 کی خاصیت:

مالی پریشانی، جسمانی تکالیف، دوسروں کے ہاتھوں سے زحمت اٹھانا، دشمنوں اور حاسدوں کی کثرت، ادائیگی تاوان، زخم وجراحت۔

عدد 23 کی خاصیت:

تعصب وضد، بغض وحسد، انتقام پسندی، سرکشی، کینہ جوئی۔

عدد 24 کی خاصیت:

مسلسل سیر وسیاحت، جلاوطنی، تلون مزاجی، عدم استقلال۔

عدد 25 کی خاصیت:

فہم وفراست، دوراندیشی، بات کی تہہ تک پہنچنا، دقیقہ شناس، ذہانت، عقلمندی ودانش مندی۔

عدد 26 کی خاصیت:

فیاضی، ہمدردی، خلق، عزیز واقارب سے نیک سلوک، رحمدلی، غیرت، اعلیٰ ظرفی، بلند خیالی، دریادلی۔

عدد 27 کی خاصیت:

استقلال، دلیری، خاندانی ناموس کا احترام، ہمت، شجاعت، مردانگی، غیرت تہور۔

عدد 28 کی خاصیت:

ہدیہ تحائف دوستانہ تعلق، زیادہ سوشل کامیابی، دوستوں سے فوائد، فال وشگون کا شوق۔

عدد 29 کی خاصیت:

دماغی محنت، جاسوس، رازجوئی، غیر معمولی شہرت، پروپیگنڈہ واخبارات میں تذکرہ، خبریں، قلمی محنت۔

عدد 30 کی خاصیت:

نیک نامی، ترقی، کامیابی، عزائم، اہل وعیال کی راحت، شہرت، ناموری، مسرتیں، افزائش نسل۔

عدد 31 کی خاصیت:

عزت، اقتدار، دلی تمناؤں کا بر آنا، شرافت، شہرت۔

عدد 32 کی خاصیت:

عورتوں سے راحت، عشق ومحبت، حسن پرستی، ازدواجی مسرت، عیش پسند۔

عدد 33 کی خاصیت:

صلح جوئی، مخلص نوازی، دوستوں سے محبت، نرمی وآشتی، سلامت روی، دوسروں کا خیال، عزیزوں سے محبت، فیض خلق۔

عدد 34 کی خاصیت:

جسمانی، روحانی اور مالی تکلیف، خوف سزا، خطرات، تقویت افکار، پریشانیاں۔

عدد 35 کی خاصیت:

گوشہ نشینی، آرام طلبی، قابلیت، صحت، عافیت، راحت، لیاقت، سکون۔

عدد 36 کی خاصیت:

جدت پسندی، قوت ایجاد، نئی چیزوں کا شوق، اختراعات۔

عدد 37 کی خاصیت:

خلوص، دیانت، پختہ قول، عورتوں کی جانب رغبت، وفا شعاری، محبت پروری، خانگی مسرتیں، عورت سے محبت۔

عدد 38 کی خاصیت:

جسمانی عیوب، اخلاقی خامیاں، روحانی زوال، رشک وحسد، بغض وعناد، کینہ پروری، بداندیشی، کمزور جسم، لوگوں کی کامیابی سے حسد۔

عدد 39 کی خاصیت:

عزت ومرتبہ میں ترقی وخطابات، شہرت، اعزاز، ناموری، امتیازات۔

عدد 40 کی خاصیت:

راحت پسند شادیوں کا شوق، اچھا کھانا اور شوق لباس۔

عدد 41 کی خاصیت:

اخلاقی زوال، ذلت، کمینگی، بدچلنی، اوباشی۔

عدد 42 کی خاصیت:

جسمانی ومالی تکالیف، روحانی آرام، عمر کا مختصر ہونا، مختلف امراض، غم ومصیبت، نئے افکار۔

عدد 43 کی خاصیت:

مذہب پرستی، ایمان پروری، دوراندیشی، زہد وعبادت تقدس، تقویٰ، پرہیزگاری اور ریاضت، بزرگوں کا احترام، دیانداری۔

عدد 44 کی خاصیت:

عروج، ترقی، اقتدار، شہرت، حکومت، عزت، کامیابی، مقاصد۔

عدد 45 کی خاصیت:

افزائش نسل، کثرت آبادی، کسی چیز کی اشاعت۔

عدد 46 کی خاصیت:

حصول جائیداد، دلی مقاصد میں کامیابی، بارآوری، مالی آسائش، جائیداد نصیب ہو۔

عدد 47 کی خاصیت:

طویل عمری، امن، صلح، سکون قلب، مسرت آرام، جسمانی آسائش، صحت۔

عدد 48 کی خاصیت:

قانون، انصاف پسندی، عدالت۔

عدد 49 کی خاصیت:

حسن پرستی، جذبہ ایثار، عاشق مزاج، دوسروں کے فائدہ کے لئے اپنے مفاد کو برباد کرنا، صداقت شعاری، حق وباطل کی تمیز۔

عدد 50 کی خاصیت:

مصیبتوں کے بعد راحت، مصائب سے نجات، آزادی، مکمل خلاصی، آغاز ناخوشگوار اور انجام بخیر۔

عدد 60 کی خاصیت:

ازدواجی مفارقت، شادی میں دشواری، شادی کے بعد شوہر یا بیوی کی موت یا جدائی۔

عدد 70 کی خاصیت:

علم وفضل، قابلیت، نئے نئے وسائل، معاش، قابلیت، جوش عمل، مختلف سکیمیں بنانا، تحریک۔

عدد 80 کی خاصیت:

امراض سے نجات، خطروں سے حفاظت، سلامتی۔

عدد 90 کی خاصیت:

مصیبت، گمراہی، ناعاقبت اندیشی، غلط کاری، انجام سے بے فکری، عجلت،

پریشانیاں۔

عدد 100 کی خاصیت:

معاملات میں کامیابی، غیبی امداد، دشوار کام آسانی سے حل ہوں، برکات الٰہی کا نزول، خوشنودی خداوندی۔

عدد 200 کی خاصیت:

ہر کام میں تساہل، کامیابی کا یقین ہونا، ناکامی کے خوف سے دور رہنا اور آخر کامیاب ہونا۔

عدد 300 کی خاصیت:

قوت استدلال، غور و فکر کا مادہ، شوق فلسفہ، روحانی علوم کا حصول، تدبر، ذہنی قوت، قوت استقلال۔

عدد 400 کی خاصیت:

جلاوطنی، سفر دور دراز، مقدس مقامات کی زیارت، مسلسل سیاحت، خانہ بدوشی۔

عدد 500 کی خاصیت:

پارسائی، زہد و تقویٰ، عبادت و ریاضت، عوام میں عزت، احترام مذہب، قوت انتخابی۔

عدد 600 کی خاصیت:

دلی مقاصد کا حصول، ہر ایک خواہش پوری ہو، مایوسیوں میں اُمید کی جھلک۔

عدد 700 کی خاصیت:

قوت ارادی، دوسروں کو تابع رکھنا، جسمانی طاقت مع عزم و استقلال، اقتدار، حکومت، عزت، شہرت۔

عدد 800 کی خاصیت:

تسخیر قلوب، ہر دل عزیز، زندہ دلی، فتوحات، جسمانی صحت، روحانی ترقی، سلطنت۔

عدد 900 کی خاصیت:

فتنہ و فساد، جنگ و جدال، جھگڑے، خون ریزی، اشتعال پذیری، فتنہ پروری، کشمکش۔

عدد 1000 کی خاصیت:

انسانوں کی خدمت، یتیموں کی سرپرستی، دریادلی، فیاضی، غریبوں محتاجوں کی امداد، رحم دلی، ہمدردی۔

عمر بھر کے حالات زندگی معلوم کرنا

یہ ایک بہترین قاعدہ ہے جو حکیم فیثا غورث سے منسوب کیا جاتا ہے۔ آپ کو جس کی زندگی کے حالات معلوم کرنے ہوں اس کے نام کے حروف شمار کرو اور ہر حرف کو نمبر وار اس حرف کے قمری ابجد کے عدد سے ضرب دیتے جاؤ اور حاصل ضرب کو علیحدہ علیحدہ لکھتے جاؤ، جس قدر عدد پیدا ہوں ان کو ایک دوسرے میں جمع کر دو اس حاصل جمع کی میزان کا استطاق کرو تا کہ اس سے مفرد عدد پیدا ہو جائے اس کے حالات نقشہ ذیل سے معلوم کریں۔

مثال:

ہم نے اقبال احمد کے حالات زندگی کا تعین کرنا ہے۔ اقبال احمد کے نام میں کل حروف 9 ہیں اور حرف اول

=1	ا	-	9 x 1 =	9
=2	ق	-	8 x 100 =	800
=3	ب	-	7 x 2 =	14
=4	ا	-	6 x 1 =	6
=5	ل	-	5 x 30 =	150
=6	ا	-	4 x 1 =	4
=7	ح	-	3 x 8 =	24
=8	م	-	2 x 40 =	80

9 =   ر   -   4 x 1 =   4

1091

1+0+9+1 = 11

1+1 = 2 عدد حاصل ہوا۔

ق ہے جس کے اعداد ایک ہیں لہٰذا ان کو نام کے کل حروف 9 سے ضرب دیا تو 9 حاصل ہوئے۔اس کے بعد حرف ق ہے جس کے عدد 100 ہیں۔ پہلے حروف کی شمار 9 تھی ایک سے پہلے حرف کو ضرب دیجا چکی ہے باقی آٹھ حرف بچے لہٰذا حرف ق کو آٹھ کے عدد سے ضرب دیتی ہے جو حاصل ضرب 100 x 8 = 800 ہوئے اس کے بعد حرف ب ہے جس کے عدد 2 ہیں باقی حروف کی تعداد 7 ہے اس لئے 2 x 7 = 14 حاصل ہوئے۔اس کے بعد حرف ق ہے جس کے عدد ایک اور باقی حروف 6 ہیں لہٰذا 1 x 6 = 6 حاصل ہوئے اسی طرح تمام حروف کو ضرب دیتے جائیں اس طرح نو مرکب عدد ضربات سے پیدا ہوں گے بعد میں ان تمام حاصل ضربات عدد کو آپس میں جمع کیا تو حاصل عدد 1091 ہوئے اب اس عدد مرکب کا استحاق کیا

1+0+9+1 = 11 = 2 ہوا لہٰذا اقبال احمد کا مفرد عدد 2 ہوا اس کو نقشہ ذیل سے دیکھ کر زندگی کے حالات کا تعین کرلیا جائے کہ اس کی زندگی ایسی گذرے گی واللہ عالم

عدد 1:

ذہن رسا ہو بلند اقبال ہو، قوت ارادی کا مالک ہو راحت مند، دولت مند اور عزت والا ہو، مذہبی خیالات کا مالک ہو عقل و ادرا کا مادہ خاص طریق کا ہوگا۔ اچھی زندگی دولت و آسودگی میں بسر کرے۔ بعض اوقات خطرہ بھی پیش آئے اور بچپن میں کوئی نہ کوئی بیماری ہو گی۔

عدد 2:

روحانی وجسمانی تکلیف کا اکثر سامنا ہوا کرے غیر خوش گوار زندگی گزرے، سکون و آرام و آسائش کا موقع شاذ و نادر ملے اول تو زندگی میں شبہ ہے اگر زندگی بھی ہوئی تو افلاس و

مصیبت میں بسر ہوگی۔

عدد 3:

زندگی خوشی سے بسر کرے ظلم وستم سے دور ہو اسکی بدولت بکثرت آدمی فیض کا حصول کریں، با اخلاق صاحب علم رحمدل و شریف النفس، علم دوست بہادر، دولت مند اور طبعی عمر حاصل کرے۔

عدد 4:

زندگی بخوشی گزرے مگر دھوکہ فریب کی عادت رکھے علم کم ہو لیکن جذب کامل اور قوت بازو و قوت ارادی کی وجہ سے ہر میدان میں فتح یاب ہو اور اپنے عزیز و اقارب سے قوی ہوگا۔

عدد 5:

خوش قسمت، دولت مند، مذہب سے دور زندگی رنگ رلیوں میں بسر کرے اپنی عمر اپنی تمناؤں میں گذرے عیش پرستی عیاشی مزاج، رقص و سرور، راگ رنگ شراب و کباب کا شوق رکھے دلی تمنائیں پوری ہوں۔

عدد 6:

محنت پسند ہو ہر کام میں بے تامل جدوجہد کرنے اور اکثر اوقات کامیاب ہو، بگڑی ہوئی قسمت نہایت کوشش سے بنائے اور اپنی قوت ارادی اور جدوجہد سے دنیا میں اپنا نام روشن کرے۔

عدد 7:

صاحب علم وعزت ہو بلند اقبال و آرام و عیش و عشرت سے زندگی بسر کرے مالی حالت اچھی ہو مقبول خلائق ہو ایثار و قربانی و ہمدردی کے جذبات اعلیٰ کا مالک ہو بعض اوقات اسی وجہ سے اپنا مفاد بھی خطرے میں ڈال دے۔

عدد 8:

امن پسند اور انصاف کا دل دادہ ہو مالی حالت کچھ کمزور ہو با اخلاق اور متواضع ہو اور مختلف کاموں میں زندگی ختم ہو، مستقل مزاج نہ ہو اوسط زندگی بسر کرے اور اکثر زندگی سفر میں گزرے۔

عدد 9:

کم عقلی، علم سے بے تعلق پریشانی مال، زندگی تفکرات وتردد میں ختم ہو آسائش وراحت کا سرمایہ بہت کم ہو اندیشہ دیوانگی بھی ہے رحم اور مہربانی کا مادہ کم ہو۔

بچوں کا نام رکھنا

نام کے لئے ایک طرف جہاں یہ ضروری ہے کہ وہ اچھا ہو اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ وہ علم الاعداد کے لحاظ سے درست ہو۔ قدیم مصریوں اور کلدانیوں کو علم الاعداد پر کامل دسترس حاصل تھی وہ انسانی زندگی پر اعداد کے اثرات کی بدولت پیدا ہونے والے نتائج سے پوری طرح آگاہ ہے۔

ان قدیم لوگوں کو صدیوں پر محیط تحقیق اور تجربات ومشاہدات کی بدولت ہی یہ حیرت انگیز امر سامنے آیا ہے کہ کائنات کے تمام پیچ در پیچ حساب کتاب صرف ایک سے لیکر 9 تک کے عدد پر ہے اور اس وسیع وعریض دنیا میں رہنے بسنے والے انسان خواہ وہ شہروں میں ہوں یا دیہات میں جنگلوں میں ہوں یا صحراؤں میں، برف زاروں میں ہوں یا پہاڑوں میں وہ ان نو عددوں میں سے کسی نہ کسی عدد کے زیر اثر ہیں۔

ان نو عددوں میں پانچ عدد طاق ہیں اور چار عدد جفت ہیں۔ ان میں سے ہر عدد کی تاثیر الگ الگ صفات جدا جدا ہیں۔ انہی اعداد پر ہر ایک چیز کا دارومدار ہے اور دنیا کا کوئی کام بھی ان اعداد کے بغیر پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا۔

چونکہ ہر انسان ان نو عددوں میں سے کسی نہ کسی عدد کے زیر اثر ہوتا ہے اور اس عدد کا تعین اس کی تاریخ پیدائش کے حوالے سے ہوتا ہے اس لئے دنیا میں خوش حال اور سعادت مند

زندگی گزارنے کے لئے یہ لازم آتا ہے کہ انسان کا نام اچھا اور خوبصورت ہونے کے ساتھ ساتھ ایسا ہو جو اس عدد سے مطابقت رکھتا ہو دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہے انسان جس عدد کے زیر اثر ہو اس کے نام کا عدد بھی وہی ہونا چاہئے۔ نام اور پیدائشی عدد میں ہم آہنگی ہونا اچھی بات ہے تاکہ ان دونوں کا باہمی ارتعاش زندگی کی جدوجہد میں خوش قسمتی اور کامیابی وکامرانی کا موجب بنے۔

آپ کا عدد کون سا ہے

یہ ایک سیدھا سا سوال ہمارے آپ کے لئے سب کے لئے بے حد اہمیت رکھتا ہے۔ آپ کا یہ معلوم کرنا کہ ایک سے نو تک کے اعداد میں سے آپ کا تعلق کس عدد سے ہے ایک لحاظ سے یہ معلوم کرنے کے مترادف ہے کہ دنوں، مہینوں، ستاروں اور وسیع تر کائنات کے اس نظام میں جس کے تمام پیچیدہ حساب کتاب کی بنیاد ایک سے لیکر 9 تک کے اعداد پر رکھی گئی ہے۔

آپ کا اپنا مقام کہاں ہے اس مقام کا تعین آپ کی تاریخ پیدائش سے ہوتا ہے کیونکہ کسی انسان کی تاریخ پیدائش ہی سے اس امر کی نشاندہی ہوتی ہے کہ اس کا عدد کون سا ہے یا الفاظ دیگر وہ کس عدد کے زیر اثر ہے عدد کے اس تعین کے لئے کئی طریقوں سے مدد لی جا سکتی ہے۔

طریقہ اول:

پہلا اور سیدھا سا طریقہ عدد کے تعین کا یہ ہے کہ آپ جس تاریخ کو پیدا ہوئے اس تاریخ سے آپ کے عدد کا پتہ چل جاتا ہے اس طریقے کے مطابق جو اشخاص کسی بھی سال اور کسی بھی مہینے کی 1-10-19-28 تاریخ کو پیدا ہوئے ہیں ان کا عدد ایک ہے وہ تمام افراد کو کسی مہینے کی 2-11-20-29 تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں ان کا عدد دو ہے وہ لوگ جو کسی بھی مہینے کی 3-12-21 یا 30 تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں ان کا عدد تین ہے ذیل میں تاریخ پیدائش اور عدد کے اس تعلق کو جدول کی صورت میں پیش کیا جاتا ہے جس سے آپ باسانی اپنا عدد معلوم

کر سکتے ہیں۔

جدول تاریخ پیدائش وعدد

عدد	تاریخ پیدائش
1	28-19-10-1
2	29-20-11-2
3	30-21-12-3
4	31-22-13-4
5	23-14-5
6	24-15-6
7	25-16-7
8	26-17-8
9	27-18-9

طریقہ دوم:

تاریخ پیدائش کے حوالے سے عدد کے تعین کا دوسرا طریقہ شمسی یا عیسوی تقویم پر مبنی ہے ہماری زمین سورج کے گرد 365 دن میں ایک چکر لگاتی ہے اسی مدت کو ایک شمسی (یا عیسوی) سال کہا جاتا ہے۔ یہ مدت بارہ مہینوں پر منقسم ہے۔

چنانچہ اس طریقہ میں تاریخ پیدائش، ہفتے کے دن مہینے اور سال کے حوالے سے عدد معلوم کیا جاتا ہے مثلاً

مثال:

فرض کیجئے کہ ایک شخص کی پیدائش کی تاریخ 28 فروری 1985ء بروز جمعرات ہے اس

کا عدد معلوم کرنے کے لئے یہ حساب کیا جائے گا۔

تاریخ 28

دن 5 جمعرات

مہینہ 2 فروری

سال 1985 شمسی/عیسوی

میزان 2020

اس میزان کو اکائی میں تبدیل کرنے کے لئے یوں جمع کیا جائے گا۔

4 = 2+0+2+0

اس طرح 4 کا عدد حاصل ہوگا گویا 28 فروری 1985ء بروز جمعرات پیدا ہونے والے شخص کا عدد 4 ہے۔

جدول شمسی مہینوں کے نام وعدد

عدد	شمسی/عیسوی مہینہ	عدد	شمسی/عیسوی مہینے
1	جنوری	7	جولائی
2	فروری	8	اگست
3	مارچ	9	ستمبر
4	اپریل	10	اکتوبر
5	مئی	11	نومبر
6	جون	12	دسمبر

دنوں کے نام وعدد

عدد	دنوں کے نام	عدد	دنوں کے نام

1	اتوار	5	جمعرات
2	پیر	6	جمعہ
3	منگل	7	ہفتہ
4	بدھ		

طریقہ سوم:

تاریخ پیدائش کے حوالے سے عدد کے تعین کا ایک طریقہ قمری یا ہجری تقویم پر بھی ہے۔

قمری سال شمسی سال سے بقدر دس دن چھوٹا ہوتا ہے تاہم شمسی سال کی طرح قمری سال کی مدت بھی بارہ مہینوں پر منقسم ہے۔

شمسی تقویم کی طرح اس طریقے میں بھی تاریخ پیدائش ہفتے کے دن اور سن کے حوالے سے عدد معلوم کیا جاتا ہے۔

مثال:

فرض کریں کہ ایک بچے کی تاریخ پیدائش ۱۱ شعبان ۱۴۳۳ ہجری بروز جمعہ ہے اس کا عدد معلوم کرنے کے لئے یہ حساب کیا جائے گا۔

تاریخ 11

دن 6 یوم الجمعہ

مہینہ 8 شعبان المعظم

سن ۱۴۳۳ ہجری قمری

میزان ۱۴۵۹

اس میزان کو اکائی میں تبدیل کرنے کے لئے یوں جمع کیا جائے گا۔

1 = 1+0 = 10 1+9 = 19 = ۱+۴+۵+۹

اس طرح ایک کا عدد حاصل ہوتا ہے۔ گویا ۱۱ شعبان ۱۴۳۳ ہجری بروز جمعہ پیدا ہونے

والے بچے کا عدد ایک ہے۔

ارباب علم کے نزدیک قمری تقویم کے حوالے سے عدد کا نکالنا زیادہ بہتر ہے کیونکہ شمسی تقویم میں مہینوں کی موجودہ ترتیب وہ نہیں ہے جو اس تقویم کے آغاز میں تھی۔ بہر حال حسب سہولت ان دونوں طریقوں سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

جدول قمری مہینوں کے نام وعدد

عدد	قمری مہینے	عدد	قمری مہینے
1	محرم الحرام	7	رجب المرجب
2	صفر المظفر	8	شعبان المعظم
3	ربیع الاول	9	رمضان المبارک
4	ربیع الثانی	10	شوال المکرم
5	جمادی الاول	11	ذیقعد
6	جمادی الثانی	12	ذوالحجہ

دنوں کے نام وعدد

عدد	دنوں کے نام	عدد	دنوں کے نام
1	یوم الاحد	5	یوم الخمیس
2	یوم الاثنا	6	یوم الجمعہ
3	یوم الثلثا	7	یوم السبت
4	یوم الاربعہ		

نام کا انتخاب

نام رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب کوئی بچہ پیدا ہو تو اس کا طالع وقت نکالیں اور اس کے برج کے جو متعلقہ حروف ہیں ان میں سے ایک حرف سر نام کا لیکر ایسا نام انتخاب کریں جس کے مجموعہ کا مفرد عدد پیدائش کی تاریخ ماہ اور سن کے مفرد عدد کے مطابق ہو۔

مثال:

مثال کے طور پر ایک بچہ کی پیدائش کی تاریخ 22 جون 2012ء بروز منگل بوقت صبح 5 بجے راولپنڈی ہے اس کا نام رکھنا ہے تو

تاریخ	22	
دن	3	منگل
مہینہ	6	جون
سال	2012	عیسوی
میزان	2043	

اس میزان کو اکائی میں تبدیل کرنے کے لئے یوں جمع کیا 2+4+3 = 9 گویا 22 جون 2012 بروز منگل پیدا ہونے والے بچے کا عدد 9 ہے۔

اب ہم نے مطلوبہ تاریخ وقت کا زائچہ بنایا تو بوقت پیدائش طالع وقت برج سرطان 0 درجہ 21 دقیقہ پر تھا اور برج سرطان کے متعلقہ حروف (ح، ھ) ہیں۔ اب ہم نے بچے کے نام کا پہلا حرف ان حروف میں سے لینا ہے اور نام ایسا رکھنا ہے کہ جس کا مفرد عدد 9 آئے مثلاً نام حسام علی۔ حنبل۔ ہرماس۔ حمایت وغیرہ رکھے جاسکتے ہیں۔

نام کا عدد بدلنا

دنیا میں بہت سے ایسے افراد ملتے ہیں جن کا پیدائشی عدد کچھ اور ہوتا ہے اور نام کا عدد

کچھ اور ایسے افراد زندگی میں بھرپور جدوجہد کے باوجود قدم قدم پر ناکامیوں اور نامرادوں سے محض اس لئے دوچار ہوتے ہیں کہ ان کے پیدائشی عدد اور نام کے عدد میں ہم آہنگی نہیں ہوتی۔ ایسے افراد اپنا پیدائشی عدد تو تبدیل نہیں کرسکتے ہاں اپنے نام کلی یا جزوی طور پر اس طرح بدل سکتے ہیں کہ ان کا نام ان کے پیدائشی عدد سے ہم آہنگ ہو جائے مثلاً

فرض کریں کہ ایک شخص کا پیدائشی عدد 4 ہے اور اس کا نام ذوالفقار حیدر ہے ابجد کے قاعدے سے اس نام کا عدد 8 برآمد ہوتا ہے۔

ح ی د ر	ذ و ا ل ف ق ا ر
200+4+10+8	200+1+100+80+30+1+6+700
222	1118

1340 = 222 + 1118

1+3+4+0 = 8 مفرد عدد حاصل ہو۔

اس نام کا پیدائشی عدد سے ہم آہنگ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ یا تو اس میں 4 عدد کم ہوجائیں یا اس میں 5 عدد کا اضافہ ہوجائے یا پھر نام کے دوسرے حصے کو تبدیل کردیا جائے جیسے ذوالفقار علی اگر نام رکھ دیا جائے تو یہ پیدائشی عدد سے مطابقت رکھتا ہے۔

آج کل اپنے نام کے ساتھ کوئی نہ کوئی تخلص لگانے کا رواج سا ہوگیا ہے خواہ کوئی شاعر ہو یا نہ ہو لیکن اس کے نام کے ساتھ کوئی نہ کوئی تخلص ضرور لگا ہوتا ہے مگر شاذ ہی کوئی شخص یہ معلوم کرنے کی زحمت گوارا کرتا ہوگا کہ اس کا یا تخلص نام اس کے پیدائشی عدد سے ہم آہنگ ہے یا نہیں یار لوگ تو بس اتنا کرتے ہیں کہ جو تخلص اچھا لگا اسے اپنے نام کے ساتھ ٹانک لیا پھر جب پیدائشی عدد اور نام کے عدد کے عدم توافق کی وجہ سے زندگی مشکلات اور دشواریوں سے دوچار ہوئی تو قسمت، معاشرے یا ظالم سماج کا رونا رونے لگتے ہیں۔

ہر سوال کا جواب معلوم کرنا

علم الاعداد کے ذریعہ جہاں اور بے شمار رازوں کا انکشاف سہل طریقوں سے کیا گیا ہے وہاں ایسے بھی طریقے ہیں جو کہ مشکل کے حالات یا ہر قسم کے سوالات کے جوابات اخذ کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ذیل میں ہر قسم کے سوالات کا جواب معلوم کرنے کا ایک کلیہ دیا جا رہا ہے اس کے ذریعے ہر سوال کا جواب، ہر چیز کی موافقت اور غیر موافقت، دو آدمیوں، دو شہروں یا ملکوں کے آپس میں تعلقات معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ اپنا مکمل سوال لکھیں۔

مثال: کل سفر ہوگا یا نہ

ک ل س ف ر ہ و گ ا ی ا ن ہ

5 5 1 1 1 2 6 5 2 8 6 3 2

1 6 2 2 3 8 2 7 1 5 9 5

7 8 4 5 2 1 9 8 6 5 5

6 3 9 7 3 1 8 5 2 1

9 3 7 1 4 9 4 7 3

3 1 8 5 4 4 2 1

4 9 4 9 8 6 3

4 4 4 8 5 9

8 8 3 4 5

7 2 7 9

9 9 7

9 7

7 حاصل مفرد غیبی عدد

اسی قانون سے ہر سوال کا جواب معلوم کیا جا سکتا ہے۔ جو غیبی عدد حاصل ہو اس کا

جواب آگے دیکھ لیں۔

غیبی اعداد کی خاصیتیں:

عدد 1:

تمہاری امیدیں تمہارے کام کسی بہتر موقع کا انتظار کر رہے ہیں اور اس وقت کچھ نا خبر ہے اپنی کوشش اور ہمت کریں یا کرائیں میرا اندازہ ہے کہ تم غیر متوقع نتیجہ سے دوچار ہو گے یہ جان لو ابھی دیر ضرور ہے لیکن کامیابی آپ کی ہے۔

عدد 2:

اس کام میں کامیابی نظر نہیں آئی ہاں البتہ آپ کوشش خوب کریں تو اس میں آپ کامیاب ہو سکتے ہیں۔ آپ کے مخالف آپ سے بہت زیادہ طاقتور ہیں۔ اس کام کا نتیجہ آپ کے حق میں نہیں ہے یا تو آپ اس کام سے ہٹ جائیں یا کئی ماہ تک ملتوی کر دیں۔

عدد 3:

کامیابی کی توقع رکھیں۔ ترقی اور خوشی جو سوال سے متعلق ہے اگر اس پر سختی سے ڈٹ جائیں تو یقیناً کامیابی ہوگی۔

عدد 4:

ارادے اور توقعات دور ہوتی جاتی معلوم ہو رہی ہیں۔ وجہ یہ کہ تمہاری تجاویز ناقابل عمل ہیں اور تم خود بھی تذبذب میں ہو کیونکہ ایک اور تجویز تمہارے ذہن میں موجود ہے جو سوال ہے اسے روک دو اگر کرو گے تو دیر تک نتائج کا منتظر رہنا پڑے گا۔

عدد 5:

حالات پر منافع اور پرامید نظر آ رہے ہیں تمہارے سوال کا نتیجہ عنقریب تمہیں مل جائے گا۔ اچھی خبر ملے۔

عدد 6:

تم کسی کے زیر اثر آ چکے ہو اور زیر اثر ہی کام کرنا چاہتے ہو آپ کی تجاویز اور ارادے خراب ہیں ان سے باز آ جاؤ۔

عدد 7:

جس کام کے بارے میں پوچھنا چاہتے ہو یہ جان لو کہ مخالف بہت ہیں یا مخالف اثرات زیادہ اثر انداز ہوں گے۔ اگر تم سے کوئی شخص کسی امر کا متوقع ہے تو ان امور سے ہاتھ کھینچ لو کسی بات کا بہانہ بنا کر اس خیال کو ترک کر دو۔

عدد 8:

دوسرے متعلقہ لوگوں کی مدد نہ ہونے یا ان لوگوں کی بدنیتی کی وجہ سے تم کامیاب نہ ہو سکو گے یا کوئی اور وجہ جو صرف تمہاری مجبوری سے ہوگی آڑے آ جائے گی۔

عدد 9:

اگر مضبوط ارادہ رکھو تو کامیابی یقینی ہے لیکن بہت زیادہ تکلیف اور مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا لیکن اس کی پرواہ کئے بغیر آگے بڑھو فتح ہوگی۔

اعداد اور تعبیر خواب

خواب کی تعبیر دریافت کرنے والے سے کہیں کہ کوئی سے نو اعداد اپنی مرضی سے ایک سطر میں لکھ دے اور ان کو جوڑ کر عدد بنائیں اس میں 3 عدد قانون کے مزید جمع کر کے درج ذیل کی تعبیر خواب کا نتیجہ ملاحظہ فرمائیں۔

مثال:

اس شخص نے اپنے خواب کی تعبیر پوچھنے کے لئے ایک سطر قائم کی

3-8-9-6-1-9-4-3-7

اب ان تمام کو جمع کیا تو حاصل 50 آیا اس میں قانون کے مزید 3 جمع کیا تو 53 = 50+3 حاصل عدد سے تعبیر خواب یہ ہے کہ رفیق زندگی سے خوشی ملے۔

1- تجارت میں نفع ہو۔
2- علم کے ذریعے مفاد حاصل ہو۔
3- شراکت میں احتیاط کریں۔
4- بیوی سے جدائی ہو۔
5- مطلوبہ جگہ رشتہ ہونا مشکل ہے۔
6- کسی دور افتادہ عزیز سے عنقریب ملاقات ہو۔
7- بہت جلد ذاتی مکان تعمیر کرے گا۔
8- اس کی کوئی تعبیر نہیں۔
9- عزیز و اقارب کی عمر دراز ہو۔
10- بیوی سے رنج و غم پہنچے۔
11- مالی میراث بہت جلد ملے۔
12- کسی غم کا سامنا کرنا پڑے گا۔

13- بہت جلد کوئی مالی فائدہ حاصل ہو۔
14- بہت جلد سفر کرنا پڑے گا۔
15- کسی مصیبت میں مبتلا ہو۔
16- خواب درست نہیں ہے۔
17- دلی مقصد میں کامیابی ملے۔
18- پردیس میں رہنے والا خیریت سے ہو۔
19- مذہبی خیالات میں تبدیلی آئے۔
20- کوئی خوشی کی خبر ملے۔
21- مالی پریشانی و تکلیف رفع ہو۔
22- بیوی سے تکلیف و پریشانی اٹھائے۔
23- سکون و چین و آرام حاصل ہو۔
24- کسی غیر عورت کے فریب میں پھنسے۔
25- مالی پریشانی اٹھانی پڑے۔
26- ملازمت و کاروبار کو خطرہ لاحق ہو۔
27- ترقی کا حصول ممکن ہو۔
28- بیٹے کی پیدائش متوقع ہے۔
29- معمولی پریشانی عارضی طور پر لاحق ہوں۔
30- بہت جلد عنقریب کوئی خوشی کی خبر ملے۔
31- دشمنوں سے نقصان کا اندیشہ ہے احتیاط کرو۔
32- مراتب میں ترقی و اضافہ ہو۔
33- کوئی خوشی کی خبر سننے کو ملے۔
34- رزق میں ترقی و برکت ہو۔
35- عورتوں کے چکر سے ہوشیار رہیں۔

36- خواب کی تعبیر کوئی خاص بری نہیں۔
37- گھریلو پریشانیاں رونما ہوں۔
38- بیوی سے لڑائی جھگڑا ہو۔
39- کاروبار میں ترقی و اضافہ ہو۔
40- خدا کا فضل و کرم ہو گا نیک خواب ہے۔
41- مقام و مراتب میں ترقی و اضافہ ہو۔
42- دنیاوی فوائد کا حصول ہو۔
43- موروثی جائیداد ملے گی۔
44- امیدوں و توقعات میں ناکامی ہو۔
45- رنج و غم و تکلیف کا سامنا کرنا پڑے۔
46- کاروبار و تجارت میں ترقی و منافع ہو۔
47- ڈر و خوف کا سامنا کرنا پڑے۔
48- دوستوں سے مال و دولت ملے۔
49- بہت جلد خوشی کی کوئی خبر ملے۔
50- کسی عزیز و رشتہ داری کی بیماری کی خبر ملے۔
51- کسی بری عورت سے واسطہ پڑے۔
52- اولاد کے لئے خطرہ پیدا ہو۔
53- رفیق زندگی سے خوشی ملے۔
54- جمع شدہ مال و دولت ضائع ہو۔
55- کاروباری ترقی ملے۔
56- حصول دولت ہو۔
57- حاکم وقت سے نفع حاصل ہو۔
58- رنج و غم کی علامت ہے۔

59۔ مشکلات و پریشانیاں دور ہوں۔
60۔ کوئی اچھی اور خوشی کی خبر ملے۔
61۔ دلی امید پوری ہو۔
62۔ اپنا ذاتی مکان بنانے کا موقع ملے۔
63۔ صحت ملے اور عمر دراز ہو۔
64۔ دنیاوی آرام و سکون ملے۔
65۔ مصیبت و پریشانی سے نجات ملے۔
66۔ حکام وقت سے نفع حاصل ہو۔
67۔ کسی شخص سے تکلیف اٹھانی پڑے۔
68۔ کسی شخص سے دشمنی پیدا ہو۔
69۔ کسی شخص سے فائدہ ملے۔
70۔ ملازمت و کاروباری خطرہ ہے۔
71۔ کسی عزیز و اقارب کا انتقال ہو جائے۔
72۔ کسی شخص سے مالی فائدہ ہو۔
73۔ مقام و مرتبہ میں ترقی ہو۔
74۔ سفر کرنا پڑے اور ترقی ہو۔
75۔ کافی محنت و مشقت کے بعد مال ملے۔
76۔ خواب کی تعبیر خاص بری نہیں۔
77۔ غم و فکر سے نجات ملے۔
78۔ سفر سے پرہیز کریں ورنہ نقصان ہو۔
79۔ کوئی بہتان و تہمت لگے۔
80۔ حکام وقت سے فائدہ ملے۔
81۔ کسی امیر و دولت مند سے فائدہ ہو۔

82۔ تجارت میں مفاد ملے۔
83۔ دشمنوں پر فتح ہو۔
84۔ لڑائی جھگڑے و دشمنی سے پرہیز کریں۔

اعداد سے پیشگوئی کا طریقہ

آپ کے نام میں جس قدر حصے ہوں ان کے علیحدہ علیحدہ اعداد بطرق تخروطی حاصل کرتے ہیں۔ مثلاً نام ہے طاہر محمود

ط ا ہ ر   م ح م و د

9 1 5 2   4 8 4 6 4

1 6 7   3 3 1 1

7 4   6 4 2

2   1 6

7

نام کے پہلے جزو کے اعداد کی اکائی 2 ہے۔ دوسرے جزو کی اکائی 7 ہے اس طرح ہمیں عدد 27 حاصل ہوا۔

اب جس سال کے حالات زندگی معلوم کرنے ہوں اُس سال کا عدد اس میں شامل کر لیں اگر آدمی ہو تو تاریخ پیدائش کا نمبر لیں۔ کاروبار ہو تو رجسٹریشن کی تاریخ لیں۔

بلڈنگ ہو تو بنیاد کی تاریخ لیں غرض جو بھی مقصد ہو اُس کی سٹارٹنگ کی تاریخ کے عدد کو شخصیت کے نمبر میں جمع کر کے نیا عدد حاصل کر لیں تو وہ عدد قسمت نمبر ہوگا اور معنوی کیفیت کو بیان کرے گا مثلاً تاریخ پیدائش یا مطلوبہ سال جس کے حالات معلوم کرنے ہیں وہ 2013ء ہے تو اس کا عدد

6 = 2+0+1+3

سال کے عدد 6 شخصیت کا عدد 27 جمع کیا تو 6+27 =33 = 6 حاصل ہوا تو

معلوم ہوا کہ طاہر محمود کا سن 2013 ، کا عدد قسمت 6 ہے مطلب یہ ایک نحس نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے صنف مخالف کے ذریعے خطرات حادثات اور جھگڑے نا قابل اعتماد، بے ضابطہ اور بے اصولی اس طریقے سے کسی بھی سال کے حالات و واقعات معلوم کئے جا سکتے ہیں اس طریقے سے نا صرف انسانوں کے حالات بلکہ ملکی نتائج کسی بھی قسم کے کھیلوں کے نتائج، کسی مقام کے نتائج قیمتوں و شیئرز میں کمی بیشی کسی فرد یا چیز کی خوش بختی، کاروبار کی جگہ کا انتخاب ریس کے نتائج غرض ہر کام میں استعمال کر سکتے ہیں۔

اعداد کی خاصیتیں

یہاں نمبروں کا مخصوص نشان اور ان کی خاصیتیں دی گئی ہیں ان کے نشان سے خاصیتوں کا جاننا مشکل امر نہ ہوگا۔ مذکورہ طریق کار سے اپنا نمبر معلوم کریں یہ نمبر آپ کی زندگی کے ان رازوں کو عیاں کرے گا جو آپ کی قسمت کا اٹل حصہ ہیں۔

عدد 1:

یہ ایک خوش قسمت نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے۔ خود اعتمادی پیدا کرنے پر، تخلیق و ایجاد یا ترکیب کے طریق کار میں کامیابی، ایجادات، کامیابیاں، ترقیاں۔

عدد 2:

یہ ایک بد قسمت نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے دشمنی، نزاع، جدوجہد، نقصان، دشمنی، صنف مخالف کے سلسلہ میں نحس اثرات۔

عدد 3:

ایک خوش قسمت نمبر ہے، یہ دلالت کرتا ہے مصروفیات، حرکت، کامیابیاں، امیدیں، خوش بختی، محبت، شادی، فائدہ مندی۔

عدد 4:

مشکوک نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے تکمیل، ہر ثبات اور مستحکم نتائج اور حقیقت پسندی پر کامیابی، اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ ناکامی یا دوئی اور بے وقعت کامیابیوں اتفاقیہ واقعات اور

تبدیلیوں پر دلالت کرتا ہے۔

عدد 5:

یہ اچھا نمبر نہیں ہے جو دلالت کرتا ہے جدوجہد، مقابلہ، سردردی، برا اثر، بری تحریک اور برے خیالات، ناگہانی آفات و حادثات کا اندیشہ۔

عدد 6:

یہ نحس نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے صنف مخالف کے ذریعہ خطرات، حادثات اور جھگڑے، نا قابل اعتماد، بے ضابطہ اور بے اصول۔

عدد 7:

اچھا نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے فتح مندی اور غالب آنا، عزت و وقار، شہرت، کامیابیاں، امیدیں پوری ہونا۔

عدد 8:

نحس نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے تکرار و جھگڑا، نا اتفاقی، بگاڑ، قانونی چارہ جوئی، علیحدگی یا تعلقات کا ٹوٹ جانا، حادثات، موت، آفات، جدائی، تفرقہ۔

عدد 9:

یہ ایک خوش قسمت نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے تجربہ کا حصول، وصف و قابلیت کی بنا پر عزت، قوت، دانش مندی، کامیابیاں، مشکلات پر قابو پانا۔

عدد 10:

مشکوک نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے بدشگونیاں، ادنیٰ پوزیشن میں عزت و سربلندی، اعلیٰ پوزیشن سے گر جانا، کامیابیاں یا ناکامیاں، دوسروں سے امداد لینا۔

عدد 11:

مشکوک نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے ہمت، قوت، بہادرانہ کاموں کے ذریعہ کامیابیاں،

نیز مشکلات، مخفی خطرات دوسروں سے بے وفائی، بے ایمانی، دغا بازی، دباؤ وغیرہ۔

عدد 12:

نحس نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے پوزیشن کا اتفاقیہ نقصان، عزت کا گرنا، اتفاقیہ موت کا خطرہ، حادثہ عظیم، انقلاب عظیم، ضعف، مخالف سے خطرات، قید و بند، جیل خانہ۔

عدد 13:

نحس نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے خواہشات کی ناکامیاں، صدمہ پہنچنا یا زخمی ہونا، مرگ ناگہانی، بری موت۔

عدد 14:

نحس نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے کشمکش و پیچ اور تذبذب کے ذریعے خطرات اور بے استقلالی سے نقصان، حادثات، بدنصیبی، آزمائش، مقدمہ۔

عدد 15:

برا نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے تباہ کن اثرات خصوصاً بیوی بچوں سے متعلق، مشکلات، لڑائی جھگڑا، خطرات، پریشانیاں۔

عدد 16:

بدقسمت نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے حادثہ عظیم، تباہی، شکست، حادثات، کمزوریاں، مشکلات، رکاوٹیں۔

عدد 17:

خوش قسمت نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے حرکات، سفر بصیرت، التواء، غیر یقینی صورتیں لیکن آخر کامیابی، جو کام کریں اس میں کامیابی کی امید ہے۔

عدد 18:

برا نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے پوشیدہ خطرات، غیر یقینی تحفظ، بیوفائی، دھوکا، غلط فہمی، ایسی محبت جس کی مخالفت ہو۔

عدد 19:

سعد نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے فخر و وقار، شہرت، کامیابی، شادی، منگنی، خوشی دینے والا حلقہ احباب۔

عدد 20:

نحس نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے مقدر کا لکھا پیش آنا، التواء اور رکاوٹیں، یکے بعد دیگرے خطرات، قید، قبل از وقت مرگ۔

عدد 21:

خوش قسمت نمبر ہے یہ دلالت کرتا ہے عز و وقار، اعلیٰ مراتب، کامیابیاں، ترقیاں، طویل زندگی۔

عدد 22:

نحس نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے احمقانہ غرور، بیوقوفانہ ظن، نادان جسارت، پابندی، حوالات یا بالکل خام کامیابیاں جن کے پیچھے ناکامی اور حادثات، احمق پن، انقلاب عظیم۔

عدد 23:

خوش قسمت نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے کامیابی، تحفظ اور دوسروں کی امداد یا صاحب اقتدار شخص۔

عدد 24:

سعد نمبر ہے جو ظاہر کرتا ہے اعلیٰ پوزیشن کے لوگوں کی صحت اور ان کی مدد، کامیابیاں، تکمیل۔

عدد 25:

اچھا نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے کامیابیاں، بذریعہ جنگ و جدل و مقدمات، کوشش،

جدوجہد مسلسل۔

عدد 26:

نحس نمبر ہے جو ظاہر کرتا ہے حادثات، نقصان بذریعہ لاٹری ریس، قمار بازی وغیرہ اور دوسروں سے شراکت میں بڑے معرکے، بدنصیبی آفات۔

عدد 27:

اچھا نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے کامیابیاں، اقتدار، کارآمد کام، مشکلات کا حل، کاموں کا بننا وغیرہ۔

عدد 28:

نحس نمبر ہے جو دلالت کرتا ہے دوسروں پر اعتماد کرنے سے نقصان، مقابلے، مخالفین، مقدمات، زخم بدنصیبی۔

عدد 37:

خوش قسمت نمبر ہے جو ظاہر کرتا ہے بہتر دوستی، شراکت، کامیابیاں، خوشی دینے والی ترقیاں، اعلیٰ مراتب۔

عدد 43:

نحس نمبر ہے جو ظاہر کرتا ہے ناکامی، حمل گرانے میں دلیر ہتاجی، لاچاری، بے کسی اور معصیت، پریشانی، مشکلات۔

عدد 51:

مشکوک نمبر ہے جو ظاہر کرتا ہے ناگہانی، ترقی و تباہی، طاقتور دشمن، رقیبوں، حریفوں اور ہمسروں سے خطرات۔

عدد 55:

مشکوک نمبر ہے جو ظاہر کرتا ہے ایسی کامیابیاں جن میں گرنے کا خطرہ ہو دونوں تحفظ

بھی اور دھمکیاں بھی، نیز مشکلات پر فتح پانا، عزو وقار۔

عدد 65:

مشکوک نمبر ہے جو ظاہر کرتا ہے طاقتور دشمن، حادثات اور چوٹ کا خطرہ، امیر طبقہ سے مدد اور تحفظ ملے، خوش قسمت شادی۔

عدد 69:

اچھا سعد نمبر ہے جو ظاہر کرتا ہے خوش قسمتی، شہرت، قابلیت کی وجہ سے کامیابیاں، صلہ حسن کارکردگی، امید کامیابی، فتح۔

عدد 71:

مشکو نمبر ہے جو ظاہر کرتا ہے جدوجہد، بدنی خطرہ، نقصانات، مزدوری یا مزدوروں کے ذریعے کامیابی۔

نام سے اپنی خوبیاں اور خامیاں

جانیے

مندرجہ ذیل نقش مثلث میں اپنے نام کے حروف بھرنے پر پتہ چلے گا کہ اس مثلث میں بعض خانوں میں اعداد غائب ہیں تو سمجھ لیں کہ ان اعداد کی غیر موجودگی آپ کے لئے ایک چیلنج کی حیثیت رکھتی ہے آپ اپنی کوتاہیوں اور خامیوں کو پہچانے اور انہیں دور کرنے کی کوشش کریں۔

مثال 1:

نام ہے محمد عبدالرحمٰن سب سے پہلے اس نام کا مفرد عدد نکالیں، جو بالترتیب یہ ہوں گے (واضح رہے کہ صفر شمار نہیں ہوگا)

م	ح	م	د	ع	ب	د	ا	ل	ر	ح	م	ن
4	8	4	4	7	2	4	1	3	2	8	4	5

ترتیب نقش مثلث

3	2	1
6	5	4
9	8	7

ا ب نام کو اس مثلث میں پر کیا تو

[1] 3	[2] 2	[1] 1
	[1] 5	[5] 4
	[2] 8	[1] 7

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس نام میں دو اعداد 6 اور 9 غائب ہیں اور باقی اعداد بالترتیب عدد 1 ایک بار، عدد 2 دو بار، عدد 3 ایک بار، عدد 4 پانچ بار، عدد 7 ایک بار، عدد 8 دو بار آیا ہے۔

مثال 2:

نام ہے احسان الحق اس کے نام کے مفرد اعداد نکالے۔

ق	ح	ل	ا	ن	ا	س	ح	ا
1	8	3	1	5	1	6	8	1

[1] 3		[4] 1
6	[1] 5	
	[2] 8	

اس نام میں چار اعداد غائب ہیں اور باقی اعداد بالترتیب عدد 1 چار بار، عدد 3 ایک بار، عدد 5 ایک بار، عدد 6 ایک بار، عدد 8 دو بار آیا ہے۔

ان اعداد کے غائب یا حاضر ہونے سے انسانی خوبیاں وخامیوں کے بارے میں جاننے کے لئے اعداد کی خصوصیات ملاحظہ کریں۔

اعداد کی غیر موجودگی کے اثرات

عدد 1:

اگر نقش مثلث میں سے عدد ایک غائب ہو تو اس کا مطلب ہوگا عزائم کی راہ میں بے پناہ کاوشیں، طبیعت میں سستی، احساس کمتری اور فیصلوں میں ہچکچاہٹ، احساس محرومی۔

عدد 2:

عدد 2 کی مثلث میں غیر موجودگی کا مطلب ہوگا بے صبرا پن، باغیانہ ذہنیت، حساس پن، سیاسی سمجھ بوجھ کا فقدان، فوری نتیجہ چاہنا، جلد بازی کی عادت۔

عدد 3:

عدد 3 کی غیر موجودگی کا مطلب ہوگا، صلاحیت کا فقدان خود اعتمادی کی کمی، باتونی پن، فیصلہ کرنے کی ہمت نہ ہونا۔

عدد 4:

اس عدد کی غیر موجودگی کا مطلب ہوگا، ہر وقت کی الجھن، کاموں اور ذمہ داریوں سے بھاگنے کی عادت، مسلسل بیماریاں، غیر ذمہ داری، فرائض سے غفلت کم ہمتی۔

عدد 5:

اس عدد کی غیر موجودگی یہ ثابت کرتی ہے کہ ایسا شخص شرمیلا ہوگا، جذبہ رشک وحسد اور [illegible] پائی پائی جاتی ہے دوسروں کی کامیابی سے کچھ سیکھنے کی بجائے حسد کی نگاہ سے دیکھتا ہے

کسی بھی نئے کام کو شروع کرنے سے پہلے ہزار بار سوچتا رہتا ہے۔

عدد 6:

اس عدد کے غائب ہونے سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ میں اپنی خامیوں کو نہ سمجھنے کا مزاج، غلط باتوں پر اڑے رہنے کی عادت ذمہ داریوں سے جی چرانے کی خصلت، بحث و مباحثہ کا مزاج اور اپنی خامیوں پر نظریں نہ ڈالنے کا مزاج آپ میں موجود ہے۔

عدد 7:

عدد 7 کی غیر موجودگی سے ثابت ہوتا ہے کہ اپنی بات کو چھپائے رکھنے کا مزاج الگ تھلگ رہنے کی عادت، سخت دلی اور معصیت کا آپ شکار ہیں۔ اظہار رائے اور دوسروں سے مشورہ کرنے کی عادت ہے۔

عدد 8:

اس عدد کی غیر موجودگی ثابت کرتی ہے کہ غربت کا خوف، کنجوسی، دولت کی حرص آپ میں پائی جاتی ہے۔

عدد 9:

اس عدد کی غیر موجودگی سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ میں خودغرضی اور دوسروں سے لاتعلقی کا عنصر موجود ہے۔

اعداد کی موجودگی کے اثرات

عدد 1:

اگر نقش مثلث میں عدد ایک موجود ہو تو قوت یقین اور امانت داری حد سے زیادہ ہوتی ہے۔ انصاف پسند، اپنی بات منوانے کا عادی ہو۔

عدد 2:

عدد 2 کی موجودگی ثابت کرتی ہے کہ جذبہ رفاقت زیادہ ہوگا۔ جذبات پرستی، ہم

سیاحت، روحانی تعلقات پر حقیقت کی ضد، نجی واسبات، امرونہی۔

عدد 3:

عدد 3 کی موجودگی سے ارادے کی پختگی ظاہر ہوتی ہے۔ دولت مندی، کامیابی، ترقی، علم و ہنر، بلندی، عروج، درجہ کمالیت وارث عہدہ حکومت۔

عدد 4:

عدد چار کی موجودگی سے انصاف پسندی، خواہشات کا حصول، تعمیرات، باغ و زراعت کی پیداوار، دفینہ، راحت۔

عدد 5:

اس عدد کی موجودگی جرأت مندی، بہادری وغیرت مندی ظاہر کرتی ہے سیر و سیاحت، ناموری مشہوری، علم و ہنر روحانیت۔

عدد 6:

عدد 6 کی موجودگی حسن اخلاق، حسن ازدواجی وخوبصورتی مسرت، عیش ونشاط، سخت و آوارہ گردی، عملیات، عشق ظاہر کرتی ہے۔

عدد 7:

عدد سات کی موجودگی، قوت صبر، تکمیل امور، معاہدات ومقاصد عہدہ ہر قسم، ترقیات، لین دین وتجارت، مقابلہ ولڑائی، دشمنی ظاہر کرتا ہے۔

عدد 8:

عدد 8 کی موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ خیالات بہت گہرے ہوں گے، عزت، میراث، معاملات خانگی حاجات، کفایت شعاری، یک جہتی کوٹ کوٹ کر بھری ہوگی۔

عدد 9:

اس عدد کی موجودگی قوت اعتمادی، ذہانت، نیا عروج حکومت وافسری کی خواہش، اقتدار، امنگیں اور نئی نئی خواہشات سفر، زیارت، انقلابات، جوش عمل ظاہر کرتا ہے۔

ایک سے زائد بار اعداد کی موجودگی

عدد 1:

اگر نقش مثلث میں عدد ایک، ایک سے زائد بار موجود ہو تو ایسے شخص میں سرداری کی بے پناہ صلاحیت موجود ہوتی ہے۔ دوسروں کی بات نہ سننے اور نہ ماننے، ضدی وہٹ دھرم ہو۔

عدد 2:

عدد 2 کی زائچہ میں ایک سے زائد بار موجودگی حد سے زیادہ بڑھی ہوئی سادگی ظاہر کرتی ہے۔ روحانی ترقی کامیابیاں حقیقت پسند، ضدی، تخلیقی مزاج۔

عدد 3:

عدد تین کی ایک سے زائد بار موجودگی ضابطوں کی پابندی بہت بڑھی ہوئی ظاہر کرتی ہے۔ پختہ ارادہ، اپنی بات منوانے کی صلاحیت، ضدی اور دوسروں پر حکم چلانے والے۔

عدد 4:

عدد چار کی ایک سے زائد بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ دوراندیشی اور صلح جوئی حد سے زیادہ ہوگی۔ خاندان وملک وقوم کی فلاح اور معاشرے کی اصلاح کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہو، مراتب، عزت وشہرت، بلندی۔

عدد 5:

عدد پانچ کی زائچہ میں ایک زائد بار موجودگی ایسے اشخاص محنت کرنے کی عادت حد سے زیادہ بڑھتی ہوئی ہے۔ اٹل ارادے، دوسروں پر قابو پانے اور ان پر حکم چلانے کی عادت

فوری فیصلہ کرنے کی صلاحیت اور کامیابی۔

عدد 6:

عدد چھ کی ایک سے زائد بار موجودگی صاحب زائچہ کی ظاہری وباطنی خوبیوں کو ظاہر کرتی ہے۔ مقناطیسی شخصیت، عاشق مزاج، فنون موسیقی کا دلدادہ، عجیب وغریب صلاحتیں مضبوط قوت ارادی، قدرتی مناظر کے شائق ہو۔

عدد 7:

اس عدد کی ایک سے زائد بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ صاحب زائچہ نہایت سنجیدہ مزاج، تحمل مزاج اور ذہانت سے بھرپور ہے۔ فنکارانہ، طبیعت، انقلابات، خود پسند وخوشامد پسند، محبت وخلوص سے بھرپور شخصیت۔

عدد 8:

اس عدد کی ایک سے زائد بار کی موجودگی لیڈرانہ صلاحیت حد سے زیادہ بڑھی ہوئی ظاہر کرتی ہے۔ آزاد ذہن، اعلیٰ ظرف، باریک بین، ذمہ داری، سائنٹفک ذہنیت کے مالک، روحانی ترقی، وجدانی صلاحیت ہو۔

عدد 9:

اس عدد کی ایک سے زائد بار کی موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ صاحب زائچہ کے ارادوں میں استحکام حد سے زیادہ ہوگا۔ متکبر مزاج، مغرور اور ظالم طبیعت، دوسروں کی بات یا رائے نہ سننے، بڑے بڑے منصوبے، تعمیرات، وسیع قسم کے تکنیکی کام، دانشمندانہ خیالات۔

تاریخ پیدائش سے اپنی خوبیاں اور خامیاں جانئے

جس طرح اپنے نام کو نقش مثلث میں بھر کر حالات زندگی معلوم کئے جاتے ہیں بالکل اسی طریقے سے تاریخ پیدائش کے ذریعے بھی اپنی خوبیوں اور خامیوں کا معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اس میں آپ کو صرف تاریخ پیدائش کی ضرورت ہوتی اور بالکل درست حالات زندگی معلوم ہو سکتے ہیں، مثلاً

ترتیب مثلث

3	6	9
2	5	8
1	4	7

مثال اول:

تاریخ پیدائش 20 فروری 2013 ہے۔

3		
222		
1		

مثال دوم:

تاریخ پیدائش 26 اگست 1997ء ہے۔

	6	99
2		8
1		7

مثال سوم:

تاریخ پیدائش 13 جون 1987ء ہے۔

3	6	9
		8
11		7

مثال نمبر ایک میں خانہ جات ایک دو تین میں اعداد موجود ہیں جبکہ باقی بچے خانے خالی ہیں۔ اگر کسی بھی مثلث میں تین خانے لگا تار خالی ہوں تو یہ منفی اثر رکھتا ہے اور اگر تین خانے لگا تار اعداد رکھتے ہوں تو یہ مثبت اثرات کا حامل ہوگا آپ کو مثال کے ذریعے سمجھاتا ہوں۔

مثال 1:

تاریخ پیدائش 12 مارچ 2013ء ہے۔

33		
22		
11		

منفی تیر منفی تیر مثبت تیر

اس زائچہ میں خانہ جات 1-2-3 میں اعداد موجود ہیں اس لئے یہ مثبت اثرات کا حامل ہے اور خانہ جات 4-5-6 خالی ہیں لہٰذا یہ منفی اثرات رکھتا ہے ساتھ خانہ 7-8-9 بھی خالی ہے یہ تیر کا نشان بھی منفی اثر رکھتا ہے۔

مثال 2:

تاریخ پیدائش 11 فروری 1988ء

حتمی تیر　　　حتمی تیر

اس زائچہ میں خانہ جات 4-5-6 خالی ہیں لہٰذا یہ حتمی تیر کا نشان ہوگا اور خانہ جات 3-5-7 بھی خالی ہیں یہ بھی حتمی تیر کا نشان ہوگا اور حتمی اثرات رکھتا ہے۔

مثال 3:

تاریخ پیدائش 12 مئی 1989ء ہے۔

		99
2	5	8
11		

مثبت تیر　　　مثبت تیر

اس زائچہ میں خانہ جات 1-5-9 میں لگاتار اعداد موجود ہیں لہٰذا یہ مثبت تیر ہے اور اثرات مثبت رکھتا ہے اور خانہ جات 2-5-8 میں بھی لگاتار اعداد موجود ہونے کی وجہ سے یہ بھی مثبت تیر بنتا ہے لہٰذا اس کے بھی مثبت اور اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔

زائچہ میں موجود اعداد اور ان کے اثرات

عدد 1:

اگر زائچہ میں عدد ایک موجود ہو تو یہ اظہار رائے کا اظہار کرتا ہے۔ پر اعتماد اور آزادی

خیال کے حامل افراد ہوں، شہرت، عروج حاصل ہو، حکومت، تکبر، جاہ و جلال۔

عدد 2:

حساس طبیعت کا مالک ہو، سیاحت، جذبات پرستی، ہر حقیقت کی ضد، دینوی و روحانی تعلقات، سیر و سفر۔

عدد 3:

دانشورانہ، صلاحیت، منطقی طور پر سمجھنے کی صلاحیت، تخلیقی صلاحیت، وسعت، ترقی، درجہ کمال، کامیابی، دولت مندی۔

عدد 4:

یہ ایک عملی اور سخت محنتی عدد ہے۔ اپنے ہاتھوں کے ساتھ کام کرنے کو پسند کرتے ہیں۔ مادی دنیا میں تعلق رکھتا ہے، جائیداد، شہرت، مالی و املاک، خواہشات کی خواہش اور حصول۔

عدد 5:

یہ ایک جذباتی عدد ہے مختلف قسم کی محبت سے متعلق ہے۔ انصاف، شہرت، دلکشی دلیل، سیر و سیاحت، ذہنی قابلیت۔

عدد 6:

یہ عدد گھر، خاندان اور ذمہ داری سے متعلق ہے۔ خوبصورتی، عیش و عشرت، ازدواجی مسرت، عیش و نشاط، میل محبت، ہمدردی، باہمی التفات۔

عدد 7:

یہ نمبر مایوسی یا نقصان کے ذریعے سبق سیکھنے کی نمائندگی کرتا ہے، معاہدات، تکمیل مقاصد، لین دین، تجارت، عروج و تکمیل سے متعلق ہے۔

عدد 8:

یہ عدد تخریب و پستی سے متعلق ہے۔ بربادی، بدامنی، نقصانات، ناخوشگوار واقع، بیماری، حادثات کسی کو اپنی جانب متوجہ کرنے کے لئے بے چین رہتا۔

عدد 9:

زوال کے بعد عروج دوسروں کی فلاح و بہبود کی پرواہ کرنا، ہمدرد انسان، کسی طرح کی نمائندگی کرنا، خوش گوار انقلاب، خواہش اقتدار، جوش عمل، ذہانت، نئی زندگی۔

زائچہ میں غیر موجود اعداد اور ان کے اثرات

عدد 1:

اگر عدد ایک زائچہ میں موجود نہ ہو تو ایسے لوگوں کو دوسرے لوگوں کے ساتھ مربوط تعلقات قائم کرنے چاہئے۔ دوسروں کے ساتھ بات چیت کر کے کچھ سیکھنا چاہئے۔ دوسروں کے احساسات اور نقطہ نظر کے پوائنٹس کو سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ مختصر یہ کہ انہیں بات کم کرنے اور زیادہ سننے کی ضرورت ہے۔

عدد 2:

ان لوگوں کو اپنی غلطیوں سے کچھ سیکھنا چاہئے نہ کہ دوسروں کو قصوروار سمجھیں۔ اپنی غلطی قبول کرنے کی صلاحیت پیدا کریں اور غلطیوں کا جواز پیش کرنے اور دوسروں پر غلطی ڈالنے کی بجائے انہیں تسلیم کریں اور آئندہ کے لئے بہتر اور جامع لائحہ عمل تیار کرنا چاہئے۔

عدد 3:

ان لوگوں میں اعتماد کا فقدان ہوتا ہے اور فضول سوچوں میں وقت ضائع کرنے کی بجائے حقیقی زندگی میں حقیقت پسندانہ وقت گزاریں اور اپنی ذہنی صلاحیت اور توجہ کو ایک نقطہ پر مرکوز کرنا چاہیے۔ اپنے گناہ کو دوسروں پر ڈالنے کی بجائے انہیں ٹھیک کرنے کی کوشش کرنا چاہئے۔

عدد 4:

ان لوگوں کو ہر کام نظم و ضبط سے کرنے کی عادت ڈالنی چاہیے اپنے کاموں کو بے دلی سے کرنے کی بجائے خوش دلی اور لطف اندوز ہو کر کرنا چاہئے۔ ان کے کام کاج میں دلکشی اور خوبصورتی کا پہلو بہت کم ہوتا ہے۔

عدد 5:

یہ لوگ اکثر اپنے مقاصد کے حصول کے لئے غلط سمت اور طریقہ کار استعمال کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ان کو حصول مقاصد میں بہت انتظار اور محنت کرنی پڑتی ہے ان کو چاہئے کہ اچھے دوستوں سے مشورہ کر کے آگے بڑھیں ان کو حوصلہ افزائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ مقاصد کے حصول کے لئے حقیقت پسندانہ ہدف مقرر کر کے مکمل اعتماد سے آگے بڑھیں۔

عدد 6:

ان لوگوں کو زیادہ سے زیادہ ذمہ دار ہونے کی ضرورت ہے۔ اپنے احساسات و جذبات کو چھپانے کی کوشش نہ کریں۔ مصیبت کے وقت والدین یا عزیز و اقارب سے مشورہ کر کے بھرپور ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھیں اور اپنے تعلقات کو خراب نہ کریں۔

عدد 7:

آپ کو چاہئے کہ دوسروں کے احساسات و جذبات کا خیال رکھیں۔ دوسروں کی مایوسی، ناکامی، نقصانات سے کچھ سیکھنے کی کوشش کریں۔ روحانی معاملات میں بھی دلچسپی لیں آپ کے بہت سے معاملات خود بخود حل ہو جائیں گے۔

عدد 8:

اپنے اندر یقین پیدا کریں۔ لاپرواہی کے نتیجہ میں مالی مشکلات کا شکار ہونا پڑے گا۔ مالی معاملات کو ہینڈل کرنے کی صلاحیت پیدا کریں اور اپنے کاموں کو مکمل کیا کریں۔ نامکمل نہ چھوڑا کریں۔ اپنے اخراجات کو کنٹرول کریں۔ دوسروں کے احساسات اور ضروریات کو نظر انداز نہ کریں۔

عدد 9:

آپ میں ایک بہت اچھی عادت ہے کہ آپ قرض بہت کم لیتے ہیں ماضی میں بھی قرض سے آزاد رہے ہیں اور اپنے واجبات ادا کرتے آئیں ہیں۔ اسی وجہ سے آپ کو ذہنی و جسمانی سکون حاصل ہے اور یہی آپ کی کامیابی کی کنجی ہے کم یا زیادہ میں گزارہ کر سکتے ہیں۔ حادثات کا مقابلہ کرنا آپ خوب جانتے ہیں۔

زائچہ میں ایک سے زائد بار اعداد کی موجودگی

عدد 1 کی موجودگی تعداد مطلب

1. زائچہ میں عدد 1 ایک بار آئے تو ایسے لوگوں میں اعتماد کی کمی ہوتی ہے دوسرے لوگوں کے اندرونی احساسات و جذبات کو مکمل طور پر نہیں سمجھ پاتے۔ دوسرے لوگوں کے نقطہ نظر کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔
2. زائچہ میں عدد 1 دو بار آئے تو ایسے لوگ بہت آسانی سے اپنے مطلب کا اظہار کرنے والے ہوتے ہیں۔ بہت اچھی طرح دوسرے لوگوں کے نقطہ نظر کو سمجھ سکتے ہیں۔ ان کو اپنے اوپر مکمل اعتماد ہوتا ہے۔
3. زائچہ میں عدد 1 تین بار موجود ہو تو ایسے لوگ بہت پر اعتماد، صنعتی کاموں کی طرف متوجہ رہتے ہیں۔ ایسے لوگ عام طور پر خوش مزاج، تفریح طبع اور حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی صلاحیت رکھنے والے ہوتے ہیں۔
4. زائچہ میں عدد 1 کی چار بار موجودگی ظاہر کرتی ہے یہ لوگ بہت حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں اور اکثر غلط فیصلے کرتے ہیں۔ انہیں سمجھنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ پر اعتماد ہوتے ہیں مگر جلدی میں غلط فیصلے سرزد ہو جاتے ہیں۔
5. زائچہ میں عدد 1 کی پانچ بار موجودگی سے ظاہر ہوتا ہے کہ صاحب زائچہ اداکاری، مصوری، مجسمہ سازی، رقص، لکھنے پڑھنے کے ذریعے اپنے خیالات و جذبات کا

اظہار کرتا ہے۔ ایسے لوگ عموماً منشیات شراب نوشی یا کسی بھی نشہ کے عادی ہوتے ہیں یا رہے ہوتے ہیں۔ پر اعتماد اور تجربہ کار ہوتے ہیں۔

عدد 2 کی موجودگی تعداد مطلب

1. زائچہ میں عدد 2 ایک بار آئے تو ایسے لوگ حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ آسانی کے ساتھ دوسروں کے فریب، بے ایمانی میں آجاتے ہیں۔ بہت جلدی چوٹ کھا جاتے ہیں۔ دوسروں پر جلد اعتماد کر لیتے ہیں۔
2. زائچہ میں عدد 2 دو بار آئے تو ایسے لوگ بہت سمجھدار ہوتے ہیں۔ ذہین اور زیرک ہوتے ہیں۔ دوسروں کی خشاء کا پتہ فوراً لگا سکتے ہیں اور دوسرے لوگوں کے بارے میں ان کی رائے اکثر صحیح ثابت ہوتی ہے۔
3. زائچہ میں عدد 2 تین بار آئے تو ایسے لوگوں کو آسانی کے ساتھ چوٹ پہنچائی جا سکتی ہے یہ لوگ الگ تھلگ اپنے احساسات کی ایک دنیا میں رہتے ہیں۔ ان میں ابتدائی زندگی میں اعتماد کی کمی ہوتی ہے۔ دوسرے لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہنے کی بجائے اپنی خیالی دنیا آباد رکھتے ہیں۔
4. زائچہ میں عدد 2 کی چار بار موجود ظاہر کرتی ہے کہ صاحب زائچہ چھوٹے مسائل کا بڑا شو بنا لیتا ہے اور اکیلے رہنے کو ترجیح لیتا ہے اور اکیلے رہنے کو ترجیح دیتا ہے ان میں اعتماد کی کمی ہوتی ہے اور خود پر اور اپنے ہر معاملے کو شک کی نظر سے دیکھتا ہے۔

عدد 3 کی موجودگی تعداد مطلب

1. زائچہ میں اگر عدد 3 ایک بار آئے تو ایسے لوگ بہت اچھے دماغ کے مالک ہوتے ہیں۔ تخلیقی ذہین اور شاندار یادداشت کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ عام طور پر خوش اور

پر امید رہتے ہیں۔ یہ تمام زندگی کچھ نہ کچھ سیکھنے یا مطالعہ کرنے میں گزارتے ہیں۔

2۔ زائچہ میں عدد 3 کی دو بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ صاحب زائچہ اچھے تصورات و خیالات کا مالک ہے۔ تخلیقی ذہن اور قدرے سنکی مزاج رکھتا ہے۔ دوسروں کے خیالات پڑھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ عموماً لکھنے پڑھنے کے شعبے سے متعلق ہوتے ہیں۔

3۔ زائچہ میں عدد 3 کی تین بار موجودگی سے ظاہر ہوتا ہے کہ صاحب زائچہ بہترین دماغی صلاحیتوں کا مالک ہے۔ یہ لوگ انتہائی تخلیقی ذہن کے مالک ہوتے ہیں۔ دوسروں کے خیالات فوراً پڑھ لیتے ہیں اور اپنے خیالات بھی دوسروں کے دماغ میں ڈال سکتے ہیں۔

4۔ عدد 3 کی زائچہ میں چار بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ صاحب زائچہ بہترین تخلیقی اور تحقیقی ذہن کا مالک ہے اور کوئی نہ کوئی ایجاد یا دریافت کرتا ہے۔ زندگی مسلسل دماغی محنت میں گزارتا ہے اور عزت شہرت نام و ترقی مرتبہ پاتا ہے۔

عدد 4 کی موجودگی تعداد مطلب

1۔ زائچہ میں عدد 4 کی ایک بار موجودگی ظاہر کرتی ہے۔ صاحب زائچہ عملی زندگی میں بہت محنتی اور دوسروں کے ساتھ ہاتھ بٹانے والا ہے۔ تخیلاتی خیالات اور غیر ثابت شدہ نظریات و حقائق کو ترجیح دینے والا ہے۔ دوسروں کو منظم کرنے اور ان کی منصوبہ بندی کرنے کی بہترین صلاحیت کا مالک ہے۔ انہیں علم موسیقی اور ہینڈی کرافٹ پسند ہوتا ہے۔

2۔ زائچہ میں عدد 4 دو بار آئے تو اس کا مطلب ہوتا ہے کہ صاحب زائچہ منظم اور بہترین منصوبہ بندی کرنے کا مالک ہے۔ کوئی کام شروع کرے تو اُسے مکمل کر کے ہی چھوڑتا ہے انہیں اپنے ہاتھوں سے چیزیں بنانے سے پیار ہوتا ہے۔ درست فیصلہ کرتے ہیں۔

3۔ عدد 4 زائچہ میں تین بار آنے سے صاحب زائچہ جسمانی سرگرمیوں میں ترقی کی منازل طے کرے۔ سخت جسمانی محنت آسانی سے کر لے۔ دوسروں کے بارے میں صحیح رائے قائم کریں اور صحیح اور بروقت فیصلے کریں۔

4۔ زائچہ میں عدد 4 چار بار آئے تو ایسے لوگ دانشور، جذباتی اور مشکل دماغ و خیالات کے مالک ہوتے ہیں انہیں سمجھنا آسان نہیں ہوتا یہ لوگ مکمل جسمانی سرگرمیوں میں ڈوبے رہتے ہیں۔ عموماً روحانی لوگوں کے ساتھ منسلک رہتے ہیں۔

عدد 5 کی موجودگی تعداد مطلب

1۔ عدد 5 کی زائچہ میں ایک بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ صاحب زائچہ شفیق، ہمدرد، ملنسار، دوسروں کی دیکھ بھال کرنے والا، حوصلہ مند ہر اچھے برے کو سمجھنے والا اور دوسروں کی بھی حوصلہ افزائی کرنے والا ہوتا ہے دوسروں کو درست اور صحیح مشورہ دینے والا ہوتا ہے۔

2۔ زائچہ میں عدد 5 کی دو بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ صاحب زائچہ بے چین طبیعت کا مالک ہے۔ اپنی آزادی سے محبت رکھتا ہے۔ حقیقت کے وقت جذبات کو کنٹرول کرنا ان کے لئے مشکل ہوتا ہے۔ ان کی انہیں جذباتی طبیعت کے باعث گھریلو وازدواجی مسائل کا شکار رہتے ہیں۔

3۔ عدد 5 زائچہ میں تین بار آئے تو یہ لوگ بغیر سوچے سمجھے بولنے کے عادی ہوتے ہیں۔ نادانستہ طور پر دوسروں کو چوٹ پہنچا سکتے ہیں۔ خطروں کی پروا نہیں کرتے اپنی آزادی سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

4۔ عدد 5 کی زائچہ میں چار بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ یہ لوگ بولنے یا کچھ کرنے سے پہلے بالکل نہیں سوچتے پھر نقصان ہونے پر دوسروں کو برا بھلا کہتے ہیں اس لئے انکو چاہیے کہ ہر کام سوچ سمجھ کر اور اپنے ہمدردوں کے مشورہ سے کریں۔

عدد 6 کی موجودگی تعداد مطلب

1- عدد 6 کی زائچہ میں ایک بار موجودگی سے ظاہر ہوتا ہے ان لوگوں کو اپنے گھر اور خاندان سے محبت عظیم ہے یہ گھریلو ذمہ داریوں سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور اچھے ماں باپ بنتے ہیں۔ تخلیقی صلاحیت کے مالک ہوتے ہیں۔ دوسروں کے بارے میں فکرمند رہتے ہیں۔

2 عدد 6 کی زائچہ میں دو بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ یہ لوگ اپنے گھر و خاندان کے بارے میں بیکار فکر میں لگے رہتے ہیں اور یہ بوجھ ان پر بہت اثر انداز ہوتا ہے اور بالکل آرام کا خیال نہیں رکھتے۔ اس وجہ سے زیادہ شکی مزاج والدین ثابت ہوتے ہیں۔ تخلیقی ذہن کے مالک ہوتے ہیں۔

3- عدد 6 کی زائچہ میں تین بار موجودگی سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لوگ چھوٹی چھوٹی باتوں پر فکرمند ہو جاتے ہیں اور بچوں پر بھی اپنا حق جتاتے رہتے ہیں۔ زندگی کے منفی پہلوؤں پر زیادہ نظر رکھتے ہیں اور کافی تخلیقی صلاحیت کے حامل ہوتے ہیں۔

4- عدد 6 کی زائچہ میں چار بار موجودگی سے ظاہر ہوتا ہے کہ صاحب زائچہ اعلیٰ تخلیقی ذہن کا مالک ہے۔ یہ لوگ روزمرہ زندگی میں فٹ ہونے کے لئے بہت جدوجہد کرتے ہیں۔ جو جذباتی طور پر ان کے اوپر اثر انداز رہتی ہے۔

عدد 7 کی موجودگی تعداد مطلب

1- عدد 7 کی زائچہ میں ایک بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ ان لوگوں کو محبت کے معاملے میں مالی یا جانی نقصان کا خدشہ رہتا ہے۔ ان تجربات سے کچھ سیکھنے کی بجائے ان کو رد کردیتے ہیں۔ عموماً روحانی موضوعات میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

2- عدد 7 کی دو بار موجودگی سے صاحب زائچہ نفسیاتی یا خفیہ و روحانی دنیا میں دلچسپی رکھتا ہے اور اس میں عمل دخل کرتا رہتا ہے۔ محبت کے معاملے میں کافی نقصانات

اٹھاتا ہے جو جسمانی یا مالی ہوسکتا ہے، اچھا تجزیاتی دماغ رکھتے ہیں۔

3- عدد 7 کی تین بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ یہ لوگ محبت کے معاملے کے علاوہ بہت کم کسی دوسرے کام کی طرف توجہ دیتے ہیں۔ محبت کی وجہ سے دکھی زندگی گزارتے ہیں۔ اندرونی صحت بھی بہت متاثر کر لیتے ہیں۔

4- زائچہ میں عدد 7 کی چار بار موجودگی سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ان لوگوں نے تمام زندگی عشق و محبت میں گزاری ہے اور محبت کی وجہ سے بہت نقصانات اٹھا چکے ہیں۔ صحت اور پیشہ دونوں برباد کر دیا ہے لیکن پھر بھی محبت کا حصول ممکن نہیں ہوا اور نہ ہی آئندہ زندگی میں حاصل ہوسکتا ہے۔

عدد 8 کی موجودگی تعداد مطلب

زائچہ میں اگر عدد 8 ایک بار موجود ہو تو ایسے لوگ ہر کام کی مکمل تفصیل جاننے کی کوشش کرتے ہیں اور پھر اس کو شروع کرتے ہیں۔ تاہم ان کا شروع کیا ہوا کام ان کا بے چین ذہن ان کو پورا کرنے نہیں دیتا اس وجہ سے یہ مسلسل ذہنی چیلنجوں کا شکار رہتے ہیں۔

2- زائچہ میں عدد 8 کی دو بار موجودگی سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لوگ اگر کسی بھی کام کے لئے ایک فیصلہ کرلیں تو پھر ان کو واپس پلٹانا بہت مشکل ہوتا ہے اگر یہ فیصلہ غلط بھی ہو تو پھر بھی یہ واپس نہیں لیتے۔ اپنے قول و اقرار اور رائے پر قائم رہتے ہیں۔

3- عدد 8 کی زائچہ میں تین بار موجودگی سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لوگ بے چین طبیعت کے مالک ہوتے ہیں ان لوگوں کی زندگی تبدیلی اور مختلف قسم کے کاروباروں میں گزرتی ہے یہ لوگ ضرورت سے زیادہ مادی ہوتے ہیں روپیہ پیسہ کمانے کی فکر لاحق رہتی ہے

4- عدد 8 کی چار بار موجودگی سے صاف ظاہر ہے کہ یہ لوگ انتہائی بے چین اور اضطرابی طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ ہر وقت تبدیلی اور نئے نئے کاروبار کے

متعلق سوچتے رہتے ہیں۔ اگر ان کو کچھ مل جائے تو پھر زندگی بہتر بنانے میں لگ جاتے ہیں۔

عدد 9 کی موجودگی تعداد مطلب

1۔ زائچہ میں عدد 9 اگر ایک بار آئے تو مطلب ہے کہ یہ لوگ خود کو بہتر بنانے کے لئے اور دنیا کو بہتر بنانے کے لئے ایک مضبوط خواہش رکھتے ہیں۔ بہت سے تخلیقی اور سماجی کاموں میں مصروف عمل رہتے ہیں۔

2۔ عدد 9 کی زائچہ میں دو بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ یہ لوگ بہت ہوشیار اور تیز طرار طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ جس کام کو شروع کریں اُسے مکمل کر کے چھوڑتے ہیں۔

3۔ عدد 9 زائچہ میں تین بار آئے تو ایسے لوگ خوش قسمت اور مثبت سوچ کے حامل ہوتے ہیں۔ دوسروں کی نسبت اپنی ذات اور اپنے مفاد کو مدنظر رکھتے ہیں۔ کسی قدر ضدی ہوتے ہیں اپنی بات منوانے پر اصرار کرتے ہیں۔ دوسروں کی رائے پر اپنی رائے کو سبقت دیتے ہیں۔

4۔ عدد 9 کی زائچہ میں چار بار موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ ایسے لوگ انتہائی ذہین ہوتے ہیں لیکن ان کی یہ ذہانت انتہائی باصلاحیت اور پاگل پن کے درمیان ایک ہلکی لکیر کی طرح ہوتی ہے اگر ان کی ذہانت کو صحیح استعمال کیا جائے تو دنیا کو تبدیل کر سکتے ہیں ورنہ یہی ذہانت ان کی دشمن بھی بن سکتی ہے۔

مثبت تیر کے اثرات

زائچہ نقش مثلث میں جب تین لگاتار خانوں میں اعداد موجود ہوں تو یہ مثبت (تیر) اثرات کا حامل ہوتا ہے جیسے اگر کسی کے زائچہ میں لگاتار خانہ جات 1-2-3 یا 4-5-6 یا 7-8-9 یا 1-4-7 یا 2-5-8 یا 3-6-9 یا 1-5-9 یا 3-5-7 میں اعداد موجود ہوں تو یہ مثبت اثرات ظاہر کرتا ہے اور صاحب زائچہ کی زندگی کے روشن پہلوؤں کو مزید اجاگر کرنے میں مدد دیتا ہے۔

ان تین تین خانوں کے مختلف اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ان کی تفصیل ملاحظہ ہو۔

مثال:

تاریخ پیدائش 3 فروری 2001 ہو تو زائچہ یہ بنا۔

مثبت تیر

اس زائچہ میں خانہ جات 1-2-3 میں لگاتار اعداد موجود ہیں لہٰذا یہ مثبت تیر ہوگا ان کے اثرات ملاحظہ ہوں۔

بہترین منصوبہ بندی کا نشان

مثبت تیر

جن لوگوں کی تاریخ پیدائش کے زائچہ میں ان تین گھروں میں اعداد موجود ہوں تو یہ لوگ آگے کی منصوبہ بندی پہلے کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔ اچھے منتظم ثابت ہوتے ہیں۔ بہترین منصوبہ بندی کی قدرتی صلاحیت رکھتے ہیں۔ دوسروں کے مددگار اور اچھے رہنما ثابت ہوتے ہیں۔ مخلص ہمدرد اور مہربان ہوتے ہیں مشکل میں کام آتے ہیں۔

قوت ارادی کا نشان

مثبت تیر

یہ لوگ بہترین قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنا کام مقررہ وقت پر ختم کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔ تاہم اس عادت کی وجہ سے کبھی کبھار دوسروں کے جذبات سے بے خبر ہو جاتے ہیں۔ اپنے مقاصد کے حصول کے لئے ان تھک جدو جہد کرتے ہیں اور ایڑی چوٹی کا زور لگا دیتے ہیں۔

سرگرم عمل رہنے کا نشان

		9
		8
		7

مثبت تیر

ایسے لوگ ہر وقت جسمانی یا ذہنی طور پر مصروف عمل رہتے ہیں اپنے کام و کاروبار کے سلسلے میں ہر وقت کھوئے رہتے ہیں اور اردگرد کے ماحول سے بے خبر اپنے کام میں لگے رہتے ہیں جس کام کو ہاتھ میں لیں تو پھر اُس کو پورا کر کے ہی دم لیتے ہیں۔

عملی زندگی کا نشان

مثبت تیر

یہ لوگ عملی آدمی ہوتے ہیں خواہ مخواہ سوچ بچار میں وقت ضائع نہیں کرتے ان کے اندر یقین کا مادہ بہت ہوتا ہے کسی بھی چیز کے حصول کے لئے طویل اور سخت محنت کرتے ہیں۔

جذبات کا نشان

2	5	8

یہ لوگ جذباتی طور پر متوازن ہوتے ہیں اور اپنے مقاصد کا حاصل کرنے میں لگے رہتے ہیں۔ اپنے اوپر قابو رکھتے ہیں۔ صحیح اور بروقت درست فیصلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان میں قوت برداشت کافی ہوتی ہے۔ سوچ سمجھ کر فیصلہ کرتے ہیں۔

ذہانت کا نشان

3	6	9

یہ لوگ اچھے دماغ کے مالک ہوتے ہیں بہترین یادداشت رکھتے ہیں۔ ان لوگوں کی تمام زندگی مطالعہ کرنے اور سیکھنے میں گزرتی ہے لوگوں کو اپنی دانشمندانہ باتوں سے متوجہ رکھتے ہیں اور دوسروں کو بھی صحیح راستہ دکھاتے ہیں۔ عملی ذہین کے مالک ہوتے ہیں۔ فضول کاموں کی طرف توجہ نہیں دیتے۔

صحیح تعین کا نشان

یہ لوگ زندگی گزارنے کے لئے بغیر کسی کے مشورے کے بالکل صحیح راستہ معین کر لیتے ہیں اور پھر اس پر چلتے رہتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے ذہن میں جو بات بیٹھا لیتے ہیں پھر ان کو اسی سے ہٹانا بہت مشکل ہوتا ہے ایک بری عادت ان میں ہوتی ہے کہ یہ لوگ ذرا غصہ میں آجاتے ہیں۔

ہمدردی کا نشان

یہ لوگ زندگی مضبوط ایمان، تصوف اور روحانی دلچسپی کے ساتھ گزارتے ہیں۔ ان لوگوں کو نفسیات پڑھنے کا ملکہ ہوتا ہے۔ ان میں استحکام، مضبوط ایمان، ہمدردی، تقوی ہوتا ہے۔ یہ لوگ گانے بجانے اور راگ رنگ کو پسند نہیں کرتے، کافی روحانی ترقی حاصل کر سکتے ہیں۔

منفی تیر کے اثرات

زائچہ نقش مثلث میں اگر تین لگاتار خانوں میں اعداد موجود نہ ہوں تو یہ منفی (تیر) اثرات کا حامل ہوتا ہے۔ جیسے اگر کسی کے زائچہ پیدائش میں لگاتار خانہ جات 1-2-3 یا 4-5-6 یا 7-8-9 یا 1-4-7 یا 2-5-8 یا 3-6-9 یا 1-5-9 یا 3-5-7 میں اعداد موجود نہ ہوں تو یہ منفی اثرات ظاہر کرتا ہے اور صاحب زائچہ کی زندگی کے روشن پہلوؤں کو کم کرتا ہے اور تاریک پہلوؤں کو مزید اجاگر کرتا ہے۔ ان تین خانوں کے مختلف اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

مثال:

تاریخ پیدائش 12 مارچ 1987ء ہے۔

3		9
2		8
11		7

منفی تیر

اس زائچہ میں خانہ جات 4-5-6 خالی ہیں لہذا یہ منفی تیر ہوگا اس کے اثرات ملاحظہ ہوں۔

ناقص حکمت عملی کا نشان

حتی تیر

ان لوگوں میں بروقت فیصلہ کرنا اور درست فیصلہ کرنے کی صلاحیت نہیں ہوتی اپنے کام کی تکمیل کا صحیح لائحہ عمل اختیار نہیں کر پاتے دوسروں کے محتاج اور طلب گار رہتے ہیں۔ مشکل وقت میں جلد گھبرا جاتے ہیں۔

مایوسی کا نشان

3		9
2		8
1		7

حتی تیر

ایسے لوگ اپنی خامیوں کے بارے میں سوچ سوچ کر مایوسی اور پریشان رہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے کبھی کبھی ڈپریشن کا شکار رہتے ہیں۔ مایوسی کبھی کبھی جارحیت کی صورت اختیار کر جاتی ہے دوسروں لوگوں سے توقعات بہت کر لیتے ہیں اور جب توقعات پوری نہ ہوں تو حد سے زیادہ غمگین ہو جاتے ہیں۔

غیر فعالیت کا نشان

3	6	
2	5	
1	4	

حتی تیر

ان لوگوں میں حوصلہ کی کمی ہوتی ہے یہ لوگ منصوبہ بندی کرنے میں ناکام رہتے ہیں اور ہچکچاہٹ کا شکار رہ کر آج اور کل کرتے رہتے ہیں اور کسی نتیجہ پر نہیں پہنچ پاتے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ یہ لوگ بہت کم کامیاب ہوتے ہیں۔ اگر یہ لوگ حقیقت پسندانہ اور قابل حصول اہداف

مقرر کر لیں اور مکمل نظم وضبط اور منظم ہو کر کوشش کریں تو اعلیٰ کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

خیالی زندگی کا نشان

3	6	9
2	5	8

حتی تیر

یہ لوگ عملی نہیں ہوتے یہ تمام عمر منطق اور دلائل کے استعمال میں زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہ لوگ حقیقی زندگی کی بجائے خیالی سوچ بچار میں وقت برباد کر دیتے ہیں۔ محنت سے بھی جی چراتے ہیں مشکل میں جلد گھبرا جانے والے ہیں۔

حساسیت کا نشان

3	6	9
1	4	7

حتی تیر

یہ لوگ بہت حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں اور ان کو آسانی سے چوٹ پہنچائی جاسکتی ہے یہ لوگ اپنے احساسات کو چھپانے کی کوشش کرتے ہیں مگر چھپا نہیں سکتے۔ یہ لوگ بچوں کی طرح شرمیلے ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کو دوسروں پر تنقید کی بجائے ان سے کوشش سیکھنا چاہئے۔

کمزور یادداشت

2	5	8
1	4	7

حتی تیر

یہ لوگ غائب دماغ اور بھول جانے والے ہوتے ہیں یادداشت بہت کمزور ہوتی ہے۔ یہ لوگ ہوشیار و چالاک بالکل نہیں ہوتے وقت کے ساتھ ساتھ ان کی یادداشت مزید کمزور ہو جاتی ہے۔

کمزور ارادے کا نشان

3	6	
2		8
	4	7

حتی تیر

حتی تیر

یہ لوگ عزم کی کمی کا شکار ہوتے ہیں اور آسانی کے ساتھ ہار مان جاتے ہیں۔ فیصلہ کے وقت ان کا انتخاب کرنا بہت مشکل میں ڈال سکتا ہے۔ فیصلہ کا حل ان کے پاس نہیں ہوتا ان کو یہ بھی پتہ نہیں چلتا کہ شروع کہاں سے کریں اور ختم کہاں پر کریں۔

شکوک وشبہات کا نشان

	6	9
2		8
1	4	

حتی تیر

حتی تیر

یہ لوگ دوسروں کے ساتھ مل کر چلنے کی بجائے اکیلے چلنا پسند کرتے ہیں۔ دوسروں کے متعلق غلط اندازہ لگاتے ہیں۔ کمزور دل اور کمزور ایمان والے ہوتے ہیں، دین کی زیادہ پروا نہیں کرتے اپنے فیصلے کرنے کی بجائے دوسروں پر اعتماد کرنا سیکھیں۔

اداری ہذا کی خدمات حاصل کریں

اپنے نام کے مطابق اسم اعظم معلوم کریں۔	500روپے
زائچہ پیدائش بنوائیں ہ ادوار زندگی معلوم کریں۔ (ہندی یا یونانی)	700روپے
اپنی تاریخ پیدائش کے حساب سے اپنا سعد نگینہ معلوم کریں۔	500روپے
صرف سالانہ زائچہ اور اس کے ادوار زندگی معلوم کریں۔	700روپے
صرف سالانہ زائچہ اور اس کے ادوار زندگی معلوم کریں۔ (پانچ سال)	3000روپے
بچوں کا نام تاریخ پیدائش کے حساب سے معلوم کریں۔	500روپے
لکی نمبرز ہر سال ہر ماہ اور ہر دن کے معلوم کریں۔ (3ماہ کے لئے)	300روپے
لکی نمبرز ہر سال ہر ماہ اور ہر دن کے معلوم کریں۔ (1سال کے لئے)	800روپے
لکی نمبرز ہر سال ہر ماہ ہر دن کے معلوم کریں۔ (5سال کے لئے)	3000روپے
پیدائشی زائچہ کے کواکب اور موجودہ ماہ و سال کے کواکب کا آپس میں نظرات اور ان نظریات کی تاریخ اور وقت معلوم کریں۔ (1سال)	700روپے
تقویم سیارگان (ہندی یا یونانی) آپ کے مطلوبہ وقت و شہر کے مطابق معلوم کریں۔ (20سال)	1000روپے
تقویم سیارگان (ہندی یا یونانی) آپ کے مطلوبہ وقت و شہر کے مطابق 50سال	1600 روپے
تقویم سیارگان یونانی 100سال 1950تا2050	2700روپے
شادی کے لئے مرد و عورت کے زائچوں کا موازنہ کرنا	700روپے

ہر قسم کی روحانی جسمانی سحری و آسیبی اثر

اثرات اور اُس کے مکمل علاج کے لئے رابطہ کریں۔

ہر قسم کی جسمانی پیچیدہ و پوشیدہ امراض کا علاج کیا جاتا ہے۔

باب چہارم

اعداد اور سوالات کا جواب

گذشتہ ابواب میں سوالات کے جواب دینے کے مختلف طریق ہائے پیش کئے گئے ہیں۔ جس سے بعض قواعد سے مستقبل کے حالات یا سائل کے سوال اور اس کے جواب پیش کر سکتے ہیں۔

یہاں پر ایک قاعدہ گذشتہ مثالوں کی روشنی میں پیش کیا جا رہا ہے جس کے ذریعے آپ سائل کے ہر طرح کے سوالات جواب مکمل اعتماد کے ساتھ دے سکتے ہیں۔ یہ قواعد میرے آزمودہ ہیں۔ آپ بے فکر ہو کر استعمال کر سکتے ہیں۔

عدد مستحصلہ حاصل کرنا

کسی بھی قسم کے سوالات کا جواب حاصل کرنے کے لئے پہلے آپ عدد مستحصلہ حاصل کریں گے اور پھر اس پر باقی عمل کر کے جواب حاصل کریں گے اگر کسی خاص سوال کے جواب میں کوئی خاص قاعدہ کلیہ لکھا گیا ہو تو پھر آپ اسے استعمال کریں ورنہ عدد مستحصلہ نکال کر جواب لیں۔ عدد مستحصلہ نکالنے کے لئے نام سائل مع والدہ کے اعداد، جس دن سوال کیا جا رہا ہے اس کے اعداد، ساعت سوال کے اعداد اور مکمل سوال کے اعداد شامل کریں ان چاروں کے اعداد کے حاصل جمع کو عدد مستحصلہ کہیں گے پھر اس کے مطابق باقی عمل کر کے جواب حاصل کریں۔

مثال:

ایک سائل آ کر کہتا ہے کہ "مجھے کیا بیماری ہے" سوال کے وقت ساعت مریخ تھی دن جمعہ اور سائل کی والدہ کا نام بلقیس ہے۔ اب عدد مستحصلہ اس طرح حاصل ہوگا۔

1۔ نام سائل معہ والدہ	اقبال بن بلقیس	=	336
دن	جمعہ	=	118
ساعت	مریخ	=	850
سوال سائل	مجھے کیا بیماری ہے	=	367
	عدد مستحصلہ		1671

اب عدد مستحصلہ 1671 حاصل ہوا اس پر قانون کے مطابق عمل کر کے جواب حاصل کر سکتے ہیں۔ اسی طرح ہر سوال کے جواب کے لئے عدد مستحصلہ حاصل کر کے عمل کریں۔

سائل کے دل کا حال بتانا

عموماً لوگ جب کسی کے پاس کسی کام کے لئے آتے ہیں تو اُن کی دلی خواہش ہوتی ہے کہ عامل خود سائل کے دل کا حال جان کر اُس کا مسئلہ بتائے چنانچہ ذیل میں ایک قاعدہ دیا جا رہا ہے، جس کے ذریعے آپ سائل کے دل کا حال معلوم کر سکتے ہیں۔

رازِ دل معلوم کرنے کا طریقہ:

سائل جب اپنے دل کا حال معلوم کرنے کے لئے کہے تو اس سے کہا جائے کہ وہ اپنے دل میں سوال اچھی طرح جمالے اس کے بعد 9 عدد جس ترتیب سے اس کے جی میں آئے ایک لائن میں لکھ دے ان اعداد کو جوڑ کر میزان میں 3 عدد مزید شامل کریں اس طرح جو کچھ حاصل ہو وہ سائل کا سوال ہو گا مثلاً سائل نے یہ اعداد لکھے:

2 1 3 1 2 4 1 2 3

ان اعداد کا مجموعہ 19 ہوا اس مجموعہ میں مزید 3 عدد قانون کے شامل کئے تو 22 = 3+19 میزان ہوئے اس کا جواب ہے کہ سائل کا سوال یا اس کے دل میں اپنے کسی دشمن یا شریک کاروبار کا خیال ہے۔

جس وقت سائل اس بات کا اقرار کرلے تو اس کا سوال اسی کے الفاظ میں علیحدہ لکھ کر

قاعدے کے مطابق جواب دینا چاہئے۔

جواب کا طریقہ:

جب سائل مطمئن ہو جائے تو سائل کے سوال کا جواب حاصل کرنے کا ایک آسان قاعدہ بھی لکھ دیتا ہوں مثلاً اسی سائل کا سوال اس کے اپنے الفاظ میں یہ ہے کیا مجھے دشمن پر فتح حاصل ہو گی۔

اب یہ دیکھیں کہ سوال کے ہر ایک لفظ میں کتنے حروف ہیں۔ اسی جملے میں کیا۔ مجھے دشمن پر فتح حاصل ہو گی۔ سات الفاظ ہیں یہ عدد یعنی 7 علیحدہ لکھ لیا جائے۔ اس کے بعد ہر ایک لفظ میں جتنے حروف ہیں ان کی تعداد درج کر لی جائے مثلاً کیا میں 3 حروف ہیں، مجھے میں 4، دشمن میں 4، پر میں 2، فتح میں 3، حاصل میں 4، ہو گی میں 4 حروف ہیں۔

ان اعداد کی ترتیب اس طرح ہو گی۔

4 4 3 2 4 4 3 7

اس کے بعد ہر ایک عدد کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑتے جائیں یہاں تک کہ صرف ایک عدد رہ جائے مثلاً

1 = 10 = 3+7
7 = 4+3
8 = 4+4
6 = 2+4
5 = 2+3
7 = 3+4
8 = 4+4

اس کے بعد حاصل جمع کے اعداد کو ترتیب کے ساتھ اس طرح لکھ لیا جائے۔

8 7 5 6 8 7 1

ان تمام اعداد کا مجموعہ 42 ہوا اور 42 کا مجموعہ 6 عدد نکلا یہی عدد سائل کے سوال کا

جواب ہے۔ عدد 6 ستارہ زہرہ سے منسوب ہے اس لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ سائل کی دشمن کے ساتھ صلح ہو جائے گی اگر باقی حاصل اعداد

2 یا 7 = ہوں تو یہ اعداد ستارہ قمر سے منسوب ہیں ۔ جواب صورت حال میں انقلاب ہوتے رہیں گے ۔ کبھی ایک کو غلبہ حاصل ہو کبھی دوسرے کو لیکن انجام بخیر ہوگا اور نقصان کسی کو نہ ہوگا۔

3 = باقی عدد 3 سے یہ عدد مشتری سے منسوب ہے خاصیت اس کو توسیع و ترقی ہے مطلب سائل کو مژدہ کامیابی سنایا جا سکتا ہے عروج و کامیابی سے متعلق ہے۔

8 = باقی عدد 8 سے یہ عدد زحل سے منسوب ہے خاصیت دشمن کے مقابلہ میں شکست کا سامنا کرنا پڑے مقاصد میں رکاوٹ پریشانی کا سامنا کرنا پڑے تخریب، زوال، نقصانات و امراض سے متعلقہ جوابات ہوں۔

1 یا 4 = حصول خواہشات، امیدوں کی تکمیل، شہرت، عزت، نمود و نمائش، اپنی قوت پر اعتماد، امتیاز، خصوصیت۔

5 = عطارد سے منسوب ہے موقع سے فائدہ اٹھانے والا، دماغی قابلیت، سیر و سیاحت، منطق، دلیل، جواب یہ ہوگا تھوڑی محنت اور دماغی کاوش سے کامیابی ممکن ہے۔

6 = زہرہ سے منسوب ہے ہمدردی خلائق، مفاہمت، عیش و عشرت، صلح جوئی، اشتراک عمل، رقص و سرور اس کا جواب یہ ہوگا اگر مخالفت کا سوال ہو تو مفاہمت اور صلح ہو جائے گی مقاصد کا حصول ممکن ہوگا۔

9 = مریخ سے متعلق ہے جنگ و جدل، عروج کی خواہش، سرگرمی عمل، جدوجہد، اگر دشمن مقابلہ کا سوال ہو تو کافی جدوجہد و مقابلہ کے بعد فتح ہو دشمن مغلوب ہوں اچھے کاموں میں کامیابی کا امکان کم ہوتا ہے برے کاموں میں کامیابی جلد ممکن ہو صلح و صفائی ممکن نہ ہوگی۔

رازِ دل معلوم کرنا

سائل کے دل کا حال معلوم کرنے کے لئے سائل جب ایک سے نو تک کوئی اعداد لکھے تو ان کو جمع کر کے مزید 3 عدد جمع کریں اور حاصل عدد سے سائل کے دل کا حال جانئے۔

1۔ اگر حاصل جمع ایک آئے تو سائل کا سوال یہ ہے کہ اسے اپنی ملازمت سے فائدہ ہوگا یا نہیں اسے اپنی ترقی کی فکر ہے یا اس کے دل میں حکام بالادست کا خیال ہے۔

2۔ کسی دور دراز مقام کا خیال دل میں ہے سائل خود سفر کرنا چاہتا ہے یا کسی دور افتادہ شخص کا خیال دل میں ہے۔

3۔ سائل اپنی جسمانی تکلیف درد یا بخار کے متعلق خیال رکھتا ہے۔

4۔ اس وقت اس کے دل میں خانگی معاملات کا تصور ہے غالباً یہ سوال کرنا چاہتا ہے کہ اس کی بیوی کو اس سے محبت ہے یا نہیں۔ یا اس کے دل میں کسی ایسی چیز کا خیال ہے جس کا تعلق دل سے ہے۔

5۔ سائل کے دل میں اپنی شادی کا خیال ہے یا وہ وصل محبوب کے متعلق سوال کرنا چاہتا ہے۔

6۔ سائل اپنے دور افتادہ عزیز و اقارب کی خبر دریافت کرنا چاہتا ہے اور بہت ممکن ہے کہ اس کی تلاش میں وہ خود بھی جانے کا ارادہ کر رہا ہو۔

7۔ سائل کے دل میں کسی ایسی چیز کا خیال ہے جو زیر زمین مدفون ہے یا وہ مکان بنانے کے لئے زمین کی فکر کر رہا ہے۔

8۔ سائل کے دل میں کسی غیر ملک یا کسی قدیم چیز کا تصور و خیال ہے۔

9۔ سائل کے دل میں موت، بربادی یا کسی مالی نقصان کی فکر ہے۔

10۔ سائل اپنی بیوی سے نالاں ہے اور گھریلو جھگڑوں کے متعلق سوال کرنا چاہتا ہے۔

11۔ سائل کے دل میں اس وقت کسی جائیداد یا میراث کا خیال ہے۔

12۔ اپنے ذاتی عیش و عشرت کے متعلق سوال کرنا چاہتا ہے یا وہ کوئی محفل عیش و عشرت

آراستہ کرنا چاہتا ہے۔

13۔ دل میں مالی مفاد کا خیال ہے اس فکر میں ہے کہ کہیں سے روپیہ حاصل ہو۔

14۔ سائل کسی قریبی مقام پر سفر کرنا چاہتا ہے اور اس سفر کا تعلق کسی عورت سے ہوگا۔

15۔ اپنے کسی عزیز کی موت سے متفکر ہے اور اس وقت مبتلائے مصائب ہے۔

16۔ سائل اس وقت کسی خوبصورت اور مالدار عورت سے شادی کرنے کی فکر میں ہے۔

17۔ سائل کو کوئی جسمانی تکلیف ہے یا اس کا کوئی ایسا ملازم جس سے اسے محبت تھی اس کے یہاں سے چلا گیا ہے۔

18۔ سائل کے دل میں خانگی مسرت اور کسی پر لطف سفر کا خیال ہے یا اپنے بھائی کی خیریت معلوم کرنا چاہتا ہے۔

19۔ سائل کے دل میں اولاد کی تمنا ہے یا کسی ایسے شخص کا خیال کر رہا ہے جو قید میں ہے۔

20۔ کسی کے خط و خبر کا انتظار کر رہا ہے۔

21۔ سائل اپنے ذاتی مفاد کی فکر میں ہے اور اس وقت اس کے دل میں کسی نقرئی چیز کا خیال ہے۔

22۔ سائل اپنی بدمزاج بیوی یا شریک کاروبار کے ہاتھوں پریشان ہے اس سے کسی نے ناقص معاہدہ کیا ہے اس وقت کسی دشمن کا خیال دل میں کر رہا ہے۔

23۔ سائل اس فکر میں ہے کہ عیش و آرام کی زندگی بسر کرے ایک عمدہ مکان رہنے کے لئے ہو اور روپیہ پیسہ بے دریغ خرچ کرنے کے لئے ملے۔

24۔ سائل اپنے خانگی جھگڑوں یا کسی عورت کی ناجائز محبت میں گرفتار ہے اس کی ملازمت یا کاروبار بھی متزلزل ہے۔

25۔ سائل اس وقت کسی خوبصورت چمکدار چیز کا تصور کر رہا ہے یا اس کے دل میں کسی عظیم الشان خزانہ کا خیال ہے۔

26۔ سائل کے دل میں جائیداد، ترکہ اور میراث کا خیال ہے۔

27۔ سائل کے دل میں کسی بند مقام کا خیال ہے یا اپنے کسی عزیز قریب کی خبر معلوم کرنا

چاہتا ہے۔

28۔ سائل اس وقت خود اپنی ذات کا تصور کر رہا ہے یا اس کے دل میں کسی سفید کپڑے نقرئی زیور یا نئے چاند کا خیال ہے۔

29۔ سائل اس وقت پریشانیوں میں مبتلا ہے اس کی صحت جسمانی ناقص ہو رہی ہے۔

30۔ سائل اس وقت بہت خوش ہے اپنے بچوں کے متعلق کوئی سوال کرنا چاہتا ہے یا اسے کہیں سے میراث ملنے کی امید ہے۔

31۔ سوال کنندہ کسی مدفون چیز کا خیال کر رہا ہے یا اس کے مکان میں کوئی زہریلا جانور ہے جس کی اسے فکر ہے۔

32۔ سوال کنندہ اس وقت کسی بادشاہ یا والی ملک کا خیال کر رہا ہے اور اس سے کچھ فائدہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔

33۔ سائل کسی مسرت آمیز اور منفعت بخش پیام کے انتظار میں ہے۔

34۔ سائل کے دل میں اس وقت غلہ وغیرہ کی خریداری کا خیال ہے۔

35۔ سوال کنندہ کے دل میں اس وقت اپنی بیوی کا خیال ہے کہ اس کی بیوی حاملہ ہے یا نہیں۔

36۔ سائل اس وقت بہت پریشان ہے اسے اپنی توقعات میں شدید ناکامی ہوتی ہے یا اس کا بچہ اس وقت بہت بیمار ہے۔

37۔ سائل کے خانگی حالات مشکلات کا شکار ہیں۔ بیوی کے ہاتھوں پریشانی ہے یا اس سے کسی نے ناقص معاہدہ کیا ہے۔

38۔ سائل کے دل میں اس وقت وبائی امراض سے کسی شخص کی موت کا خیال ہے یا اپنی بہن کی خیریت معلوم کرنا چاہتا ہے۔

39۔ سائل اس وقت کسی بند محفوظ مقام یا کسی عبادت گاہ کا تصور کر رہا ہے۔

40۔ سوال کنندہ اس وقت جواہرات یا دوسری بیش بہا قیمت چیزوں کا خیال کر رہا ہے یا غلہ کا نرخ معلوم کرنا چاہتا ہے۔

41۔ سائل اپنی عزت، مالی مفاد یا منصف کے متعلق سوال کرنا چاہتا ہے۔
42۔ سائل اپنے کسی عزیز دوست یا کسی محسن خاتون کا خیال کر رہا ہے۔
43۔ سائل کے دل میں اس وقت اپنی موروثی جائیداد کا تصور یا کسی بوڑھے شخص کا یا قدیم عمارات کا خیال ہے۔
44۔ سائل اس وقت اپنے غیر ملکی بھائی کی خیریت نہ معلوم ہونے سے پریشان ہے لیکن اس کے ساتھ ہی اپنے ذاتی عیش و آرام کی بھی فکر میں ہے۔
45۔ سائل اس وقت یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ کسی خاص جگہ اس کی شادی ہوگی یا نہیں یا اس کے دل میں کسی بہت ہی خفیف نقصان کا خیال ہے۔
46۔ سائل اس وقت اپنے یا کسی باعزت یا امیر دوست سے کچھ فائدہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔
47۔ سائل اس وقت اپنی موجودہ مشکلات سے پریشانی ہے اور یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ اسے اطمینان خاطر کب نصیب ہوگا۔
48۔ سائل کے دل میں کسی خلوت سرا کا تصور ہے یا اپنے معتمد ملازم کے ذریعہ عورت سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔
49۔ سوال کنندہ اس وقت کسی باعظمت خاتون یا اپنی ماں کا تصور کر رہا ہے اور اس فکر میں ہے کہ اس عورت سے مالی منفعت حاصل کرے۔
50۔ سائل کو اپنی بہن کے پاس سے کوئی افسوس ناک پیام موصول ہوا ہے یا اس کی ملازمت پر زوال آ رہا ہے غالباً وہ بددل ناخواستہ کسی دوسرے مقام پر جانا بھی چاہتا ہے۔
51۔ سوال کنندہ کے دل میں منفعت کاروبار کا خیال ہے تا کہ اس سے اپنی اولاد کی کفالت کر سکے۔
52۔ سوال کنندہ اپنی علالت سے پریشان ہے یا اس کی کوئی چیز تلف ہو گئی ہے یا اس کا ملازم فرار ہو گیا ہے۔

53۔ سائل کسی با اقتدار شخصیت کا خیال کر رہا ہے یا اس کی کوئی سونے کی چیز کھو گئی ہے۔
54۔ سائل کسی مصیبت زدہ عورت کا تصور کر رہا ہے یا اس کے قریبی رشتہ داروں میں کوئی عورت سخت بیمار ہے۔
55۔ سائل کسی نو عمر لڑکی کے فراق میں تڑپ رہا ہے یا اس کے کسی دوست کی موت ہو گئی ہے۔
56۔ سائل کسی غیر ملک کی سیاحت کا تصور کر رہا ہے جس کا تعلق مذہبی مقامات سے ہوگا۔
57۔ سائل اس وقت اپنے موجودہ اندوختہ یا پنشن کے متعلق فکر رکھتا ہے۔
58۔ سائل کے دل میں اس وقت کسی مقدمے کی فکر ہے اور اس وقت اپنے مرشد کامل یا جج کی فکر کر رہا ہے مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنا چاہتا ہے۔
59۔ سائل کسی ایسے مقام کا تصور کر رہا ہے جہاں کوئی شخص مر گیا ہے یا اس کے ذہن میں کسی ہسپتال کا خیال ہے۔
60۔ کسی مذہبی تقریب یا غیر ملکی بادشاہ کا تصور کر رہا ہے اس وقت سائل کے دل میں یاد خدا بھی ہے۔
61۔ سائل اس وقت اپنے کسی عزیز دوست کا خیال کر رہا ہے اس فکر میں ہے کہ دوست کی امداد سے کوئی کاروبار شروع کرے۔
62۔ سائل اس وقت دل میں کسی معاہدہ یا قانونی کاروائی کا خیال کر رہا ہے۔
63۔ سائل دل میں کسی مردہ عورت کا خیال کر رہا ہے اس کے ہاتھ سے کوئی چیز نکل گئی ہے یا اپنی بیوی کا مال اسباب حاصل کرنے کی فکر میں ہے۔
64۔ سائل اس وقت اپنے متعلق معلوم کرنا چاہتا ہے کہ اسے کاروبار سے فائدہ ہوگا یا نہیں اور کسی عمر رسیدہ شخص کا تصور ہے۔
65۔ سائل چند روز کے لئے کسی مقام پر جانا چاہتا ہے اس کے دل میں اس وقت اپنی بیوی کے حمل یا اپنی بہن کی بیماری کا تصور ہے۔
66۔ سائل اس وقت اپنے کسی مردہ دوست کا تصور کر رہا ہے یا اس کے دل میں کسی

قبرستان کا خیال ہے۔

67۔ سائل اس وقت کسی مردہ عزیز کے خیال میں ہے یا اپنی بیوی کا ترکہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔

68۔ سائل کے دل میں کسی نوعمر بچی کا خیال ہے یا کوئی اعتماد کی جگہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔

69۔ سائل کوئی نیا کاروبار شروع کرنے کی فکر میں ہے یا نئے کپڑے بنوانا چاہتا ہے۔

70۔ سوال کنندہ کے دل میں اس وقت اپنی شادی کی فکر ہے۔

71۔ سائل کے دل میں اس وقت کسی پرائیویٹ کمرے یا پانی سے بھری ہوئی مٹکی کا تصور ہے۔

72۔ سائل اس وقت اپنے حصول دوست کا خیال کر رہا ہے تا کہ اس سے مالی نفع حاصل کر سکے۔

73۔ سائل کو کوئی افسوسناک پیام موصول ہوا ہے جس کی وجہ سے وہ اس وقت غصے میں ہے اس پیام کا تعلق اس کے بھائی سے ہے اور وہ بہت جلد کسی دوسری جگہ جانا چاہتا ہے۔

74۔ سائل کی زبردست دشمن ہر کش بیوی ہے یا کسی چمکدار چیز کے تصور میں ہے۔

75۔ سائل کی خوشنما مقام، وسیع املاک یا مدفون خزانہ کا خیال کر رہا ہے۔

76۔ سائل اپنے بیٹے کا خیال کر رہا ہے غالباً اس کی شادی کرنے کی فکر میں ہے یا اسے کسی اچھی درس گاہ میں تعلیم دلانا چاہتا ہے۔

77۔ سائل کسی سفید کپڑے، دوا یا پانی کا خیال کر رہا ہے۔ اسے اس وقت اپنی ایک خادمہ کی وجہ سے فکر ہے۔

78۔ سوال کنندہ کے دل میں اپنے کسی عمر رسیدہ دوست کا خیال ہے یا کسی محبوس کی وجہ سے متفکر ہے۔

79۔ سائل اپنے مالی مفاد اور ترقی کاروبار کے متعلق سوال کرنا چاہتا ہے۔

80۔ سائل کو آتش زنی سے کچھ نقصان پہنچا ہے یا کسی دور دراز مقام پر اس کے کسی عزیز

دوست کی وفات ہو گئی ہے۔

81۔ سائل اپنے کسی دولت مند عزیز کے خیال میں ہے اور اس سے مالی مفاد حاصل کرنا چاہتا ہے۔

82۔ سائل کسی جگہ سے مسرت آمیز پیام ملنے کی امید میں ہے یا اپنے کسی عزیز کا ترکہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔

83۔ سائل کوئی تجارت شروع کرنا چاہتا ہے یا کرائے پر کچھ زمین لینے کی فکر میں ہے اس وقت اس کے دل میں اپنی شادی کا خیال بھی ہے۔

84۔ سائل اپنے کسی محبوب کا تصور کر رہا ہے یا اپنی بیٹی کی وجہ سے پریشان ہے۔

دوستی، دشمنی، شراکت، جنگ، ہار جیت کے نتائج معلوم کرنا

اس کلیہ کے ذریعے مرد و عورت کی موزونیت، دوستی دشمنی شراکت، مدعی اور مدعا الیہ، جنگ کے نتائج ہار جیت کسی عمل کے نتائج معلوم کئے جا سکتے ہیں۔ طریقہ کار یہ ہے کہ دونوں کے نام معہ والدہ ابجد قمری سے اعداد لیکر علیحدہ علیحدہ 9 پر تقسیم کریں جو باقی بچے اس کی روشنی میں آپ نتائج سے آگاہ ہو سکتے ہیں۔ اگر کوئی عمل شروع کرنا ہے تو عمل کی پوری عبارت کے اعداد لیکر 9 پر تقسیم کر پھر اپنا نام معہ والدہ کے اعداد لیکر 9 پر تقسیم کر و اب ان دونوں باقیات سے عمل کا نتیجہ معلوم کر لیں۔

1-1 اگر دونوں کے باقی ایک ایک رہیں تو دونوں میں باہم اخلاص رہے گا۔

2-1 فریقین میں محبت نہ رہے۔

3-1 دونوں میں اعتبار رہے گا اور موافقت نہ رہے گا فساد جھگڑا فریقین میں رہے گا۔

4-1 دونوں میں ہمیشہ لڑائی جھگڑا رہے گا۔

5-1 ہمیشہ خوش رہیں اور ایک دوسرے کو فائدہ دیں۔

6-1 ان کے درمیان بدنامی اور بے عزتی ہو۔

7-1 آخر میں بدنامی ہو خواہ مرد کی مرد سے دوستی ہی کیوں نہ ہو۔

8-1 موافقت زن وشوہر ہوں تو نسل بہت ہو۔
9-1 دونوں میں موافقت کامل ہو۔
2-2 دونوں میں محبت واخلاص رہے۔
3-2 دونوں میں دوستی و یک جہتی رہے۔
4-2 آپس میں اتفاق سے رہیں۔
5-2 ثابت قدم نہ رہے ایک دوسرے کے ساتھ مہربان نہ ہوں۔
6-2 ناراضگی کے بعد جلدی موافقت ہو جایا کرے۔
7-2 محبت کامل ہو اور خوش دلی سے رہیں۔
8-2 دل حال بہ دشواری ہو اور پھر آخر مل جائیں اور درمیان اخلاص پیدا ہو۔
9-2 نعمت پیار ملے لڑکے بہت ہوں۔
3-3 عام طریقے سے رہیں لیکن عورت مرد سے اخلاص کے ساتھ نہ رہے مرد اخلاص کے ساتھ رہے یہ شادی نہ ہی کریں تو بہتر ہے۔
4-3 اس کا انجام جدائی اور طلاق ہو۔
5-3 اخلاص ہرگز نہ ہو عاقبت جدائی ہو۔
6-3 جنگ و خصومیت ہو اور انجام طلاق ہو۔
7-3 ایک دوسرے کے ہمراز اور اخلاص کے ساتھ رہیں۔
8-3 نیک ہو لیکن درمیان میں مکر و حیلہ سے کام لیتے رہیں گے۔
9-3 سازگار نہ ہوں اور بدنام ہوں۔
4-4 انجام طلاق ہو۔
5-4 چند دن باہم رہیں پھر آخر جدائی ہو۔
6-4 ہمیشہ باہم رہیں۔
7-4 ہمیشہ خوش رہیں دونوں میں اخلاص ہو۔
8-4 سازگار اور خوش دلی سے رہیں۔

9-4 جنگ وجدل اور طعنہ دینے والے ہوتے ہیں۔
5-5 دونوں کے درمیان ہمیشہ لڑائی جھگڑا رہے آخر میں جدائی ہو۔
6-5 دونوں میں موافقت رہے۔
7-5 دونوں اچھی زندگی گزاریں گے۔
8-5 خوش دل وسازگار رہیں۔
9-5 سازگار وصلاحیت اخلاص نہ رہے۔
6-6 اوسط درجے کی نباہ رہے ایک دوسرے سے بنی رہے۔
7-6 دونوں میں بہت اخلاص ہو ایک ساعت بھی جدا نہ ہوں۔
8-6 معتدل رہیں بعض اوقات دشمن ہو پھر عورت کی طرف سے صلح ہو یا آخر محبت پیدا ہو
9-6 عورت مرد پر مسلط رہے۔
7-7 دونوں کے درمیان نزاع سی حالت ہو۔
8-7 دونوں میں محبت والفت نہ ہو۔
9-7 تھوڑا وقت اکٹھے رہیں پھر جدائی ہو۔
8-8 محبت ہو جو روز بروز بڑھتی جائے۔
9-8 بہت محبت ہو قیامت تک جدا نہ ہوں۔
9-9 ہرگز ان کے درمیان کسی قسم کا معاہدہ نہ ہونا چاہئے۔

سوالوں کے جوابات

ذیل میں روزمرہ زندگی سے متعلق مختلف سوالوں کے جوابات دیے جا رہے ہیں۔ اس طریقہ کار کو استعمال کر کے آپ کو یقیناً مایوسی نہیں ہوگی کیونکہ یہ تمام قواعد عرصہ سے میرے زیر استعمال رہیں اور تقریباً 99% ان کا جواب درست آتا ہے۔

امید پوری ہوگی یا نہیں

سائل آ کر سوال کرتا ہے کہ میں ایک امید رکھتا ہو وہ پوری ہوگی یا نہیں جواب کے لئے اسی باب کے شروع کے صفحات میں عدد مستحصلہ نکالنے کی طریقہ بتایا گیا ہے عدد مستحصلہ حاصل کریں۔ عدد مستحصلہ کو چار پر تقسیم کریں اگر باقی ایک بچے تو امید پوری ہوگی۔ 2 بچیں تو آج امید پوری نہ ہو کچھ محنت کے بعد پوری ہو باقی 3 بچے تو دشواری کے بعد پوری ہو 4 بچے تو امید کبھی پوری نہ ہو۔

اس دوا سے فائدہ ہوگا یا نہیں

اگر سائل سوال کرے کہ اس دوا سے فائدہ ہوگا یا نہیں تو عدد مستحصلہ کو 3 سے تقسیم کرو باقی 1 سے فائدہ ہو۔ 2 سے حکم میانہ یعنی نہ نقصان نہ فائدہ۔ 3 سے اس دوا سے نقصان کا احتمال ہے۔

سفر کروں یا نہ کروں

عدد مستحصلہ کو 2 پر تقسیم کرو باقی

1 سے سفر نہ کرو باقی۔

2 سے سفر کرنا بہتر ہے۔

اس سفر سے فائدہ ہوگا یا نہیں

عدد مستحصلہ کو 3 پر تقسیم کرو باقی

1 سے فائدہ نہ ہوگا۔

2 سے اس سفر سے نفع حاصل ہو۔

3 سے حکم اوسط ہے۔

کون سا کام کروں جس سے فائدہ ہو

عدد مستحصلہ کو 4 پر تقسیم کرو باقی

1 سے تجارت زمین سے پیدا ہونے والی اشیاء کی۔

2 سے کھیتی اور زراعت وغیرہ۔

3 سے تجارت پارچہ۔

4 سے نوکری اور ملازمت سے مالی ہاتھ آئے

شراکت کرنا مفید ہوگا یا نہیں

عدد مستحصلہ کو 2 پر تقسیم کرو باقی۔

1 سے شراکت کرنا بہتر نہیں ہے۔

2 سے شراکت کرنا مفید اور فائدہ مند ہے۔

مقدمہ کا انجام کیا ہے

دونوں یعنی مدعی اور مدعی علیہ کے نام معہ والدہ میں عدد مستحصلہ جمع کر کے 4 پر تقسیم کرو باقی

1 سے سائل غالب آئے۔

2 سے سائل مغلوب ہو۔

3 سے صلح کی امید ہے۔

4 سے رنجش و خصومت زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

یہ خبر صحیح ہے یا جھوٹ

عدد مستحصلہ کو دو پر تقسیم کرو باقی۔

1 سے خبر جھوٹی اور بے بنیاد ہے۔

2 ــ خبر یچی اور درست ہے۔

فلاں سے شادی کرنا بہتر ہے یا نہیں

دونوں کے نام معہ والدہ میں عدد متصلہ جمع کر کے 3 پر تقسیم کرو باقی

1 ــ موافقت رہے اچھی ہے۔

2 ــ شادی کرنا بہتر نہیں موافقت نہ ہو۔

3 ــ عورت کے صالح ہونے کی علامت ہے۔

مال مجھے کہاں سے ملے گا

عدد متصلہ کو 7 پر تقسیم کرو باقی۔

1 ــ عورتوں سے یا جو لکھنے کا کام کرتے ہیں۔

2 ــ مردوں سے فائدہ ہو۔

3 ــ زمین کی پیداوار سے مال ملے۔

4 ــ سفر کرنے سے مالی فائدہ ہو۔

5 ــ میراث ترکہ وغیرہ سے فائدہ ہو۔

6 ــ تجارت کرنے سے مالی فائدہ ہو۔

7 ــ قرض لیکر استعمال کرنا پڑے گا۔

فلاں چیز ہاتھ آئے گی یا نہیں

عدد متصلہ کو 4 پر تقسیم کرو باقی

1 ــ جانی دشمنی پیدا ہو جائے۔

2 ــ دوستی ضرور ہو جائے گی۔

3 ــ بظاہر دوستی اور محبت جتائے مگر درپردہ دلی دشمنی رکھے۔

4 ــ ہر طرح ظاہر و باطن دوستی و محبت ہو۔

فلاں دوستی سے پیش آئے گا یا نہیں

عدد متصلہ کو 4 پر تقسیم کرو باقی

1: ــ جانی دشمنی پیدا ہو جائے۔

2: ــ دوستی ضرور ہو جائے گی۔

3: ــ بظاہر دوستی اور محبت جتائے مگر درپردہ دشمنی رکھے۔

4: ہر طرح ظاہر و باطن دوستی و محبت ہو۔

مابین مرد و زن وصل ہوگا یا نہیں

عدد متصلہ کو 5 پر تقسیم کرو باقی

1 ــ دونوں میں وصل ہو اور دوستی قائم رہے۔

2 ــ ہرگز دوستی اور وصل کی امید نہیں ہے۔

3 ــ وصل اور دوستی قائم ہو۔

4 ــ ہرگز دوستی اور وصل نہ ہو۔

5 ــ دونوں میں وصل اور دوستی قائم ہو۔

فلاں حاکم ظالم ہے یا عادل

نام سائل معہ والدہ اور نام حاکم معہ والدہ میں عدد متصلہ جمع کر کے 3 پر تقسیم کرنے پر باقی

1 ــ حاکم عادل ہے۔

2 ــ حاکم ظلم و عدل میں میانہ روش اختیار کئے ہوئے ہے۔

3 ــ حاکم ظالم ہے۔

اس کام میں کامیابی ہوگی یا نقصان

عدد متصلہ حاصل کر کے اُسے 3 پر تقسیم کرو باقی

1 ــ کامیابی کی طرف اشارہ ہے۔

2 سے کوئی خاص کامیابی کی امید نہیں ہے۔

3 سے اس کام میں نقصان کا اندیشہ ہے۔

آج کا دن کیسا گزرے گا

عدد مستحصلہ کو 9 پر تقسیم کریں باقی

1 سے یہ دن براہ راست اور طے شدہ عمل کا دن ہے نئے کاموں کے لئے بہترین دن ہے۔

2 سے فیصلہ کا دن ہے مسائل پر غور خوض کیجئے۔ یہ دن تضاد کا دن ہے ہو سکتا ہے بظاہر حالات اچھے ہوں اور انجام خراب نکلے یا حالات بظاہر خراب ہوں اور انجام اچھا نکلے۔

3 سے کسی کام کو شروع کرنے کے لئے اچھا دن ہے کسی مقصد پر دھیان دینے کے لئے بھی اچھا دن ہے۔

4 سے روزمرہ کے کاموں پر نظر ثانی کا دن ہے گھر سے نہ نکلئے۔ رسک مول نہ لیں۔

5 سے کسی غیر متوقع بات کا دن ہے ہمت ہو تو خطرہ مول لیں مگر احتیاط کے ساتھ۔

6 سے صلح اور حفاظت کا دن ہے کسی منصوبے کو شروع کرنا بہتر نہیں۔

7 سے الجھنوں سے پرہیز کرو یہ دن آرام کا دن ہے۔

8 سے بڑے بڑے کاموں کے لئے مناسب دن ہے اس دن مشکل مسائل حل ہو سکتے ہیں۔

9 سے کامیابی اور کامرانی کا دن ہے کسی بھی معاملے میں ہاتھ ڈال سکتے ہیں۔

عمل شروع کرنا کیسا ہے

مطلوبہ عمل کے حروف شمار کر کے اُسے 3 سے ضرب دو حاصل ضرب میں اپنا نام معہ والدہ کے اعداد شامل کرو، مجموعہ کو 12 سے تقسیم کرو، اگر باقی 3-10-11 بچیں تو عمل پڑھنا مفید رہے گا اور اگر باقی 1-2-4-6 بچیں تو عمل پڑھنا غیر مفید رہے گا اور اگر باقی 5-9 بچیں تو عمل پڑھنا باعث نقصان ہوگا اور اگر 12 بچے تو آپ کو اختیار ہے پڑھیں یا نہ پڑھیں نفع و نقصان دونوں باتوں کا احتمال ہے۔

مثال:

پڑھائی کا وظیفہ ہے یا عزیز اس کے مفرد حروف 6 ہیں اس میں نام معہ والدہ کے اعداد 748 جمع کئے تو 754 ہوئے تقسیم 12 سے باقی 10 حاصل ہو مطلب عمل پڑھنا مفید ہوگا۔

بچوں کی شادی کس دن کرنی چاہئے

دونوں بچوں کے نام معہ والدہ کے نام جمع کر کے عدد مستحصلہ میں جمع کر دیں حاصل عدد کو 7 پر تقسیم کرو باقی

1 سے اتوار کو شادی کرنا بہتر ہے۔

2 سے پیر

3 سے منگل

4 سے بدھ

5 سے جمعرات

6 سے جمعہ

7 سے ہفتہ

غالب و مغلوب معلوم کرنا

اس طریقے سے کسی لڑائی، مقدمہ، عدالت، بیماری، دوائی، مرض، شادی بیاہ، غرض ہر کام کے لئے غالب و مغلوب معلوم کیا جا سکتا ہے قاعدہ یہ ہے کہ

دونوں فریقوں کے نام معہ والدہ کے نام کے اعداد نکال لیں پھر علیحدہ علیحدہ دونوں کے مجموعہ کو 9 پر تقسیم کریں اور دیکھیں کہ تقسیم کرنے پر اگر دونوں کے باقی اعداد طاق ہوں یعنی 1-3-5-7-9 رہیں تو جس کے اعداد کم ہوں گے وہ فاتح ہوگا۔ اگر دونوں کے اعداد جفت ہوں تو صلح یا برابر ہوگا اگر ایک طاق دوسرے کے جفت ہوں یعنی 2-4-6-8 تو جس کے اعداد زیادہ ہوں گے وہ غالب ہوگا۔ اگر دونوں کے اعداد برابر ہوں تو جو عمر میں چھوٹا ہوگا وہ غالب ہوگا۔

دوست و دشمن معلوم کرنا

جن دو شخصوں کے بارے میں یہ معلوم کرنا ہو کہ ان کے دل میں تعلقات کی کیفیت کیا ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں کے نام معہ والدہ کے اعداد علیحدہ علیحدہ 9 پر تقسیم کریں اور جدول میں دیکھیں۔

اعداد	1	2	3	4	5	6	7	8	9
1	محبت	محبت	الفت	محبت	نفاق	کشا کشی	محبت	محبت	[illegible]
2	محبت	اتفاق	معمولی محبت	نفاق	دکھاوا	بظاہر تعلق	یک دل	دوستی	محبت
3	اختلاف	معمولی محبت	نفاق	یک مزاج	یک مزاج	مکمل محبت	مکمل محبت	نفاق	اختلاف
4	محبت	مکمل محبت	معمولی محبت	نفاق	یک مزاج	یک مزاج	مکمل محبت	نفاق	اختلاف
5	نفاق	دشمنی	بے انتہا محبت	یک مزاج	یک مزاج	جانب داری	عارضی محبت	مکمل محبت	یک مزاج
6	مصالحت پسندی	نفع دینے والا تعلق	دوستی	یک مزاج	اطاعت	بے انتہا محبت	عارضی تعلق	اتفاق	اتفاق
7	محبت	دشمنی	دوستی	محبت	عارضی محبت	عارضی دوستی	اختلاف	نفع دینے والی محبت	دشمنی
8	محبت	محبت	دشمنی	نفاق	محبت	دوستی	نفع دینے والا تعلق	محبت	جدائی
9	دوستی	یک مزاج	محبت	مزاجوں میں اختلاف	محبت	یک مزاج	دشمنی	دشمنی	مزاجوں کا اتفاق

فلاں شخص کس طرح پیش آئے گا

عدد متصلہ میں مطلوبہ شخص کے نام کے اعداد معہ والدہ شامل کر کے 4 پر تقسیم کریں

باقی

1 سے دشمنی کا اندیشہ ہے۔
2 سے دوستی کی امید ہے۔
3 سے بظاہر دوستی مگر باطن دشمنی رکھے گا۔
4 سے دوستی کا اظہار کرے گا بعد میں دشمنی کرے گا۔

فلاں کام کس دن کرنا بہتر ہے

عدد متصلہ کو 8 پر تقسیم کرو باقی

1 سے اتوار کو شروع کرنا بہتر ہے۔
2 سے پیر
3 سے منگل
4 سے بدھ
5 سے جمعرات
6 سے جمعہ
7 سے ہفتہ
8 سے اس کام کو چند دن کے لئے ملتوی کرنا بہتر ہے اسی میں مصلحت ہے

مجھے کیا کام کرنا چاہیے

عدد مستحصلہ کو 4 پر تقسیم کرو باقی

1 سے سفر کرنے سے فائدہ ہوگا۔

2 سے زراعت کے کاموں میں نفع ہو۔

3 سے تجارت نفع بخش ثابت ہوگی۔

4 سے ملازمت کرنی بہتر ہے۔

فلاں کام کس وقت ہو جائے گا

سائل کا نام معہ والدہ میں حروف مقصد کے اعداد، یوم سوال تاریخ سن و ماہ کے اعداد اور منزل قمر کے اعداد اور جس ساعت میں سوال کیا ہے تمام اعداد کو 2 سے ضرب دیکر 6 عدد مزید جمع کر کے 9 پر تقسیم کر کے جواب حاصل کریں۔ باقی عدد

1 سے تقریباً 15 دن میں کام ہو جائے گا۔

2 سے ایک ماہ میں کام ہو۔

3 سے دو ماہ میں کام ہو۔

4 سے چھ ماہ میں کام ہو۔

5 سے ایک دن میں کام ہو۔

6 سے بارہ گھنٹوں میں کام ہو۔

7 سے ایک ہفتے میں کام ہو۔

8 سے چند دنوں بعد کام ہو۔

9 سے ممکن ہے بہت جلد کام ہو جائے گا۔

میاں بیوی میں پہلے کون مرے گا

دونوں کے نام معہ والدہ کے اعداد لیکر 2 پر تقسیم کرو باقی

1 سے عورت پہلے مرے گی۔

2 سے مرد پہلے مرے گا۔

قرض وصول ہوگا یا نہ

عدد مستحصلہ میں جس سے قرض لینا ہے اس کا نام معہ والدہ جمع کر کے 4 پر تقسیم کرو باقی

1 سے قرض جلد وصول ہوگا۔

2 سے کچھ دیر بعد وصول ہو۔

3 سے کچھ وصول ہو کچھ نہ ہو سکے گا بمشکل سے تھوڑا بہت ملے۔

4 سے قرض کی وصول یابی مشکل ہے۔

فلاں میں صلح ہو سکے گی یا نہیں

عدد مستحصلہ میں فریق دوم کا نام معہ والدہ جمع کر کے 2 پر تقسیم کرو باقی

1 سے صلح ہونی بہت مشکل ہے۔

2 سے صلح بہت جلد ہو جائے گی۔

دفینہ ملے گا یا نہ

عدد مستحصلہ میں اس آدمی کا نام معہ والدہ شامل کرو جس کے گھر میں دفینہ ہو اگر گھر سے باہر ہو تو دوسرے آدمی کا نام شامل کرنے کی ضرورت نہیں اس کو 3 پر تقسیم کرو باقی

1 سے بہت محنت مشقت کے بعد کچھ حصہ ملے گا۔

2 سے دفینہ ملنا بہت مشکل ہے بلکہ نہ ملے گا۔

3 سے بغیر کسی محنت کے آسانی کے ساتھ مل جائے۔

شادی کب ہوگی

عدد مستحصلہ میں مطلوبہ دن، ماہ سال کے اعداد بھی شامل کریں کہ جس میں سوال کیا گیا ہے حاصل عدد 4 پر تقسیم کرو باقی

1 سے تین ماہ کے اندر رشتہ طے ہو جائے گا۔

2 سے چھ ماہ کے اندر بات پکی ہو سکتی ہے۔

3 سے جلد رشتہ ہو تقریباً چھ ماہ کے اندر لیکن کسی بدخواہ کی ریشہ دوانی کی وجہ سے رکاوٹیں بہت پیدا ہوں گی۔

4 سے شادی میں ایک سال سے اس سے بھی زیادہ تاخیر ہوگی۔

فلاں شہر یا ملک سفر، تجارت، ملازمت کرنا کیسا ہے

سائل کے نام معہ والدہ کے اعداد کو 8 پر تقسیم کریں پھر مطلوبہ شہر یا ملک کے اعداد کو دو سے ضرب دیکر 8 سے تقسیم کرو اگر حاصل اعداد علاقے یا ملک کے زیادہ ہوں تو وہاں ملازمت، تجارت یا سفر کرنا فائدہ مند ثابت ہوگا اور اگر نام کے اعداد زیادہ اور جگہ کے کم ہوں تو وہاں جانا نقصان کا اندیشہ ظاہر کرتا ہے۔

آجکل قسمت کیسی ہے

عدد متصلہ میں مطلوبہ دن، ماہ و سال کے اعداد جمع کر کے سات پر تقسیم کرو اگر تقسیم کے بعد باقی

1، 3، 5 سے تمہاری قسمت ابھی گردش میں ہے۔

2-4 سے تمہارے برے دن گزر گئے۔ اچھے دن جلد آنے والے ہیں

6 سے حالات ٹھیک ہی ہیں لیکن دل پر وہم کا اثر غالب ہے

7 سے تمہیں کسی نے بندش کرا رکھی ہے۔

شراکت کرنا کیسی ہے

عدد متصلہ میں فریق ثانی کے نام معہ والدہ کے اعداد جمع کر کے دو پر تقسیم کرو باقی

1 سے مطلوبہ شخص سے شراکت کرنا ٹھیک نہیں ہے۔

2 سے شراکت کرنا بہتر ہے فائدہ ہوگا۔

فلاں چیز خریدنا کیسا ہے

عدد متصلہ کو 2 پر تقسیم کرو باقی

1 سے اس چیز کے خریدنے میں فائدہ ہوگا۔

2 سے اس چیز کے خریدنے میں نقصان ہوگا۔

مسافر خیریت سے ہے یا نہیں

عدد متصلہ میں مسافر کے نام معہ والدہ کے اعداد شامل کر کے کل مجموعہ کو دو پر تقسیم کرو باقی

1 سے مسافر خیریت سے ہے جلد پہنچ جائے گا۔

2 سے مسافر خیریت سے نہیں ہے پریشان و تکلیف میں ہے۔

محبت قائم رہے گی یا نہیں

طالب و مطلوب دونوں کے نام معہ والدہ کے اعداد جمع کر کے پانچ پر تقسیم کرو باقی

1-3-5 سے دونوں میں محبت انتہائی درجے کی رہے گی کبھی ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے۔

2-4 سے چند دنوں میں قطع الفت ہو جائے گی۔

فلاں وفادار ہے یا نہیں

طالب و مطلوب دونوں کے نام معہ والدہ کے اعداد لیکر تین پر تقسیم کرو باقی

1 سے عورت یا مرد وفادار ہے۔

2 سے عورت یا مرد کے خیالات پاک و صاف نہیں ہیں۔

3 سے عورت یا مرد ایک دوسرے سے بھی محبت رکھتے ہیں اور اس کے علاوہ بھی کسی اور کے ساتھ بھی محبت رکھتے ہیں۔

میاں بیوی میں موافقت ہو گی یا نہیں

دونوں کے نام معہ والدہ جمع کر کے اسے عدد مستحصلہ میں شامل کر کے کل مجموعہ کو 3 پر تقسیم کریں باقی

1 سے ہرگز موافقت نہ ہو گی۔

2 سے موافقت ہو جائے مگر دیر لگے گی۔

3 سے بہت جلد موافقت ہو جائے گی۔

میری زندگی کس طرح گزرے گی

عدد مستحصلہ کو 3 پر تقسیم کریں باقی

1 سے نہایت عزت سے گزرے گی۔

2 سے طبیعت میں اکثر حیرانی و پریشانی اور تنگدستی و افلاس رہے۔

3 سے جو کچھ ہونا تھا ہو چکا اب آخرت کے لئے نیک عمل کرو۔

کیا فلاں کام ہو چکا ہے

عدد مستحصلہ کو تین پر تقسیم کریں باقی

1 سے اس سے قبل وہ کام ہو چکا ہے۔

2 سے اب ہونے والا ہے۔

3 سے ابھی نہیں ہوا آئندہ ہو گا۔

امتحان میں پاس فیل معلوم کرنا

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کریں باقی

7-4-1 سے کامیابی یقینی ہے۔

8-5-2 سے ناکامی ہو گی۔

9-6-3 سے نتیجہ دیر سے نکلے گا۔

شادی کتنے عرصہ میں ہو گی

عدد مستحصلہ میں جس سے شادی کرنی ہے اُس کے اعداد بھی شامل کر کے کل مجموعہ کو 9 پر تقسیم کریں باقی

4-3-2-1 سے شادی اتنے سال بعد ہو گی۔

5 سے شادی پانچ ہفتے بعد ہو گی۔

9-8-7-6 سے شادی اتنے ماہ کے بعد ہو جائے گی۔

قیدی کو رہائی کب ملے گی

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

3-2-1 سے قیدی ابھی قید میں رہے گا۔

6-5-4 سے قیدی کو جلد معافی مل جائے گی۔

9-8-7 سے قیدی جلد رہا ہو جائے گا۔

زمین و جائیداد ملے گی یا نہیں

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

7-5-3-1 سے ضرور مل جائے گی۔

8-6-4-2 سے ملنے کی امید نہیں ہے۔

9 سے شاید مل جائے۔

الیکشن یا مقابلے میں کامیابی ہو گی یا نہیں

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کریں باقی

7-1 سے کافی محنت سے کامیابی ہو۔

6-4-2 سے ابتدائی کامیابی ہو گی۔

5-3 سے کامیابی یقینی ہے۔

9 سے دوسری بار کامیابی ملے گی۔

عہدہ میں ترقی کب ہوگی

عدد متصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

1-2-3 سے ترقی اتنے سالوں میں ہوگی۔

4-5-6 سے ترقی اتنے مہینوں میں ہوگی۔

7-8-9 سے ترقی اتنے ہفتوں میں ہوگی۔

کاروباری بندش کب ختم ہوگی

عدد متصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

1-2-3 سے اتنے ماہ میں بندش ختم ہوکر کاروبار ٹھیک ہو جائے گا۔

4-5-6 سے اتنے سالوں میں بندش ختم ہوکر کاروبار ٹھیک ہوگا۔

7-8-9 سے اتنے ہفتوں میں بندش ختم ہوکر کاروبار ٹھیک ہو جائے۔

میں فلاں علم سیکھ جاؤں گا

عدد متصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

1 سے سائل علم نجوم، رمل، جفر، عملیات وغیرہ سیکھ سکتا ہے۔

2 سے سائل علم حاصل کرے گا مگر اس پر عمل نہ کرے۔

3 سے سائل بیچ میں سیکھنا چھوڑ دے۔

4 سے سائل علم شوقیہ حاصل کرے گا۔

5 سے سائل علم حاصل نہ کر سکے گا۔

6 سے

7 سے سائل علم خوب سیکھے اور کامل ہو جائے گا۔

8 سے سائل کی تمام محنت اکارت جائے گی۔

9 سے سائل کو اس علم کو سیکھنے کا فائدہ نہ ہو۔

مریض کی موت آسانی سے ہوگی

عدد متصلہ کو دو پر تقسیم کریں باقی

1 سے موت آسانی کے ساتھ ہوگی۔

2 سے موت سخت تکلیف میں واقع ہوگی۔

مریض کی کس جگہ موت ہوگی

عدد متصلہ کو تین پر تقسیم کرو باقی

1 سے گھر میں موت واقع ہو۔

2 سے دوسرے کے مکان میں موت واقع ہو۔

3 سے سفر میں موت واقع ہوگی۔

محبت و عداوت معلوم کرنا

طالب و مطلوب کے نام بمع والدین جمع کر کے بارہ پر تقسیم کریں

2-3-4-6-8-11 بقایا ہوں ان میں محبت ہے۔

1-5-7-9-10 سے بظاہر محبت مگر ان میں عداوت ہے یا پھر کچھ عرصہ پر ہو جائے گی۔

12 سے مشترک یعنی محبت و عداوت دونوں ہیں۔

کیا میں صاحب اولاد ہو سکتا ہوں

عدد متصلہ میں میاں بیوی دونوں کے نام کے اعداد بمعہ والدین جمع کر کے کل مجموعہ کو سات پر تقسیم کرو باقی

1-3-7 سے اولاد ہونا مشکل ہے۔

4-6 سے لڑکیاں زیادہ ہوں گی۔

2-5 سے لڑکے زیادہ ہوں گے

اگر خارج قسمت کو 2 پر تقسیم کرنے کے بعد طاق بچے تو دوسری شادی کرنے سے لڑکا

پیدا ہوگا اگر تقسیم پوری ہو جائے تو دوسری شادی سے اولاد نہیں ہوگی۔

بہن بھائیوں سے تعلقات کیسے ہونگے

عدد متصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

7-4-1 = تعلقات اچھے رہیں گے۔

5-2 = درمیانے تعلقات رہیں نہ اچھے نہ برے۔

6-3 = شروع میں اچھے آخر میں خراب و علیحدگی۔

8 = زیادہ کشیدہ ہوتے چلے جائیں گے۔

9 = ایک دفعہ علیحدگی کے بعد پھر ملاپ کی صورت بن جائے گی۔

بہن بھائیوں سے فائدہ ہوگا

عدد متصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

7-4-1 = بہت فائدہ ہوگا۔

5-2 = فائدہ بھی اور نقصان بھی برابر ہو۔

6-3 = فائدہ کے بعد نقصان اٹھانا پڑے۔

8 = نقصان پہنچے گا۔

9 = نقصان بعد کچھ اچھی صورت ہو جائے گی۔

کس طرح دوست تک رسائی ہوگی

عدد متصلہ میں دوست کے نام کے اعداد شامل کر کے کل مجموعہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

7-4-1 = دھن دولت خرچ کر کے رسائی ہوگی۔

8-5-2 = تگ و دو حیلہ و چالبازی و دھوکہ سے رابطہ ہو۔

9-6-3 = عملیات و تعویزات و دیگر روحانی ذریعہ سے رسائی ہو۔

فلاں مفرور گرفتار ہوگا

عدد متصلہ کو نو پر تقسیم کریں باقی

7-4-1 = مفرور جلد گرفتار ہو جائے۔

8-5-2 = گرفتار نہ ہو سکے گا۔

9-6-3 = مفرور کسی حادثہ کا شکار ہو جائے گا۔

دشمن مجھ سے قوی ہیں یا کمزور

عدد متصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

7-4-1 = دشمن طاقتور ہیں۔

8-5-2 = دشمن کمزور ہیں مغلوب ہو جائیں گے۔

9-6-3 = آپ اور دشمن دونوں ایک جیسی طاقت رکھتے ہیں۔

کیا میرا قرض مجھ سے ادا ہوگا

عدد متصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

7-4-1 = قرضہ آپ سے جلد ادا ہوگا۔

8-5-2 = آپ سے قرضہ ادا نہ ہو سکے گا۔

9-6-3 = آپ کافی دیر سے قرضہ ادا کر سکیں گے۔

ریس میں ہار جیت

عدد متصلہ کو سات پر تقسیم کریں باقی

1 = سرخی مائل رنگ کا گھوڑا ریس جیتے گا۔

2 = سبز یا سبزی مائل رنگ کا گھوڑا جیتے گا۔

3 = نیلا و ہلکا نیلے رنگ والا گھوڑا جیتے۔

4 = گرے، براؤن۔

5 = سفید رنگ۔

6 = سفیدی مائل نیلا۔

7 = ہلکا پیلا، ہلکا سبز۔

پرائز بانڈ ولاٹری نمبر معلوم کرنا

عدد متصلہ کو نو پر تقسیم کریں حاصل عدد کو دھیان میں رکھیں پھر دوبارہ خارج قسمت کو نو پر تقسیم کریں اس دوبارہ کے خارج قسمت کو دوبارہ تیسری بار پھر نو پر تقسیم کر کے بنڈل نمبر بنا لیں ان نمبرز کو آگے پیچھے کر کے نمبر بنالیں۔

مثال:

عدد متصلہ 1178 ہے۔

$1178 \div 9 = 8$ خارج قسمت 130 اسے پھر نو پر تقسیم کیا۔

$130 \div 9 = 4$ خارج قسمت 14 اسے پھر نو پر تقسیم کیا۔

$14 \div 9 = 5$ اس طرح نمبر 845 حاصل ہوا۔

مقدمہ، لڑائی، دوڑ میں غالب مغلوب معلوم کرنا

طالب ومطلوب دونوں کے نام لیکر علیحدہ علیحدہ نو نو پر تقسیم کریں باقی حاصل اعداد کو جدول سے معلوم کریں کے کون غالب رہیں گا ہر قسم کے مقابلہ، دوڑ، لڑائی، مقدمہ، کشتی میں فتح وشکست معلوم کرنے کے لئے اس جدول کو استعمال کریں۔

نقشہ غالب ومغلوب

اعداد	1-8	1-7	1-6	1-5	1-4	1-3	1-2	1-1	1-9
غالب	8	1	6	1	4	1	2	طالب	1
اعداد	6-6	2-9	2-8	2-7	2-6	2-5	2-4	2-3	2-2
غالب	طالب	2	2	7	2	5	2	3	طالب
اعداد	3-9	3-8	3-7	3-6	3-5	3-4	3-3	6-8	6-7
غالب	3	8	3	6	3	4	طالب	6	7
اعداد	4-9	4-8	4-7	4-6	4-5	4-4	7-8	7-7	6-9
غالب	9	4	7	4	5	طالب	8	طالب	9

اعداد	5-9	5-8	5-7	5-6	5-5	9-9	8-9	8-8	7-9
غالب	5	8	5	6	طالب	طالب	9	طالب	7

میں کس طرف سفر کروں یا کرنا پڑے گا

عدد متصلہ کو 8 پر تقسیم کرو باقی

1 سے سفر شرق پر جانا بہتر ہے یا جانا پڑے گا۔

2 سے جنوب شرق

3 سے جنوب

4 سے جنوب مغرب

5 سے مغرب

6 سے شمال مغرب

7 سے شمال

8 سے شمال شرق

کہیں جانے کا ارادہ ہے جاؤں یا نہ

عدد متصلہ کو تین پر تقسیم کریں باقی

1 سے جہاں کا ارادہ ہے چلے جاؤ گے۔

2 سے جہاں کا ارادہ ہے نہ جاسکو گے۔

3 سے مطلوبہ جگہ جانے میں سخت نقصان ہے۔

فلاں آدمی اس وقت کیا کر رہا ہے

عدد متصلہ میں مطلوبہ آدمی کا نام مع والدہ جمع کر کے کل مجموعہ کو بارہ پر تقسیم کریں باقی

1 سے بکثرت آدمیوں کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے۔

2 سے کوئی تکلیف دہ کام کر رہا ہے۔

3 سے اپنی جگہ بیٹھا کچھ سوچ رہا ہے اور اٹھ کر دوسری جگہ جا رہا ہے۔

4 سے کچھ سوچ کر اٹھا ہے منہ ہاتھ دھو رہا ہے۔

5 سے کوئی چیز یا کھانا کھا رہا ہے۔

6 سے بازار یا کسی جگہ کی سیر کر رہا ہے۔

7 سے کسی سے باہم بغل گیر ہے۔

8 سے کسی فکر میں جتلا ہے۔

9 سے کسی نیک کام کا ارادہ کر رہا ہے۔

10 سے کسی حاکم سے ملنے کا ارادہ یا خط لکھ رہا ہے۔

11 سے کچھ اپنے فائدہ کی باتیں سوچ رہا ہے۔

12 سے طبیعت عیش و عشرت کی طرف مائل ہو رہی ہے۔

فلاں سے ملاقات ہوگی

عدد متصلہ میں مطلوبہ آدمی کا نام معہ والدہ کے اعداد شامل کر کے 4 پر تقسیم کریں باقی

1 سے ملاقات ہوگی۔

2 سے ملاقات نہ ہو دوسری مرتبہ جانا پڑے گا۔

3 سے ملاقات بالکل نہ ہو۔

4 سے ملاقات نہ ہو اگر ہو بھی تو وہ اپنی مشکلات بیان کرے گا۔

فلاں آدمی سے روپیہ ملے گا

عدد متصلہ میں مطلوبہ آدمی کا نام شامل کر کے تین پر تقسیم کرو باقی

1 سے اس سے زر روپیہ مل جائے گا۔

2 سے روپیہ نہ ملے گا۔

3 سے بڑے وعدوں کے بعد کچھ دے دیگا۔

فلاں آدمی سے کتنا روپیہ ملے گا

عدد متصلہ میں مطلوبہ آدمی کا نام شامل کر کے سات پر تقسیم کرو اور باقی کو یاد رکھو اور خارج قسمت کو پھر پانچ سے ضرب دیں اور حاصل ضرب میں سے جو عدد سابقہ تقسیم سے باقی رہے تھے تفریق کردو جو باقی رہے اسی قدر تعداد روپیہ کی بتاؤ مگر خیال رہے کہ سائل کی حیثیت کا اندازہ کرلو اور رقم سیکڑہ، ہزار وغیرہ میں بتاؤ۔

اس سال یا ماہ بارش ہوگی یا نہیں

عدد متصلہ میں 32 سے عدد قانون کے اور جمع کر کے مجموعہ کو 3 پر تقسیم کرو باقی

1 سے بارش بہت ہو زراعت کا فائدہ ہو۔

2 سے بارش کم ہو۔

3 سے بارش نہ ہوگی۔

مطلوب مجھے ملے گا یا نہیں

عدد متصلہ میں مطلوب کے نام معہ والدہ کے اعداد شامل کر کے کل مجموعہ کو چار پر تقسیم کریں باقی

1 سے مطلوب مل جائے گا۔

2 سے صرف گفتگو اور وعدہ وعید کیا کرے۔

3 سے کبھی ملے اور کبھی نہ ملے۔

4 سے ہرگز نہ ملے۔

کونسا شہر یا ملک رہائش کے لئے بہتر ہے

مطلوبہ شہر یا ملک کے اعداد جمع کر کے مفرد عدد حاصل کریں حاصل مفرد عدد سائل تاریخ پیدائش کے مفرد کا دوست نمبر ہو تو مطلوبہ شہر یا ملک رہائش کے لئے بہتر ہے۔ مخالف نمبر میں رہائش رکھنا بہتر نہیں ہوتی۔

گمشدہ کس حال میں ہے

عدد متصلہ میں غائب کے نام کے اعداد شامل کر کے کل مجموعہ اعداد کو 4 پر تقسیم کریں باقی

1 سے قید خانے میں ہے۔
2 سے جلد واپس آئے۔
3 سے ہرگز واپس نہ آئے۔
4 سے دو ہفتہ، دو ماہ یا دو سال بعد واپس آئے یا خیریت کی خبر ملے۔

گمشدہ زندہ ہے یا مردہ

عدد متصلہ میں گمشدہ کے نام کے اعداد شامل کر کے 2 پر تقسیم کرو باقی

1 سے زندہ ہونے کی امید ہے۔
2 سے زندہ اور خیریت سے ہے۔

گمشدہ واپس آئے گا یا نہیں

عدد متصلہ میں گمشدہ کے نام کے اعداد شامل کر کے 2 پر تقسیم کرو باقی

1 سے آنے کا ارادہ بالکل نہیں رکھتا۔
2 سے جلد واپس آجائے گا۔

گمشدہ کس حال میں ہے

عدد متصلہ میں گمشدہ کے نام کے اعداد شامل کر کے 3 پر تقسیم کرو باقی

1 سے عیش میں ہے۔
2 سے زندہ ہے مگر تکلیف میں ہے۔
3 سے بہت نازک حالت میں ہے

گمشدہ کس سمت گیا ہے

عدد متصلہ میں گمشدہ کے نام کے اعداد شامل کر کے 4 پر تقسیم کرو باقی

1 سے مشرق طرف گیا ہے۔
2 سے شمال
3 سے مغرب
4 سے جنوب

گمشدہ کب واپس آئے گا

عدد متصلہ اور گمشدہ کا نام ملکر کل مجموعہ کو 9 پر تقسیم کرو باقی

1 سے غائب صحیح سلامت واپس آئے۔
2 سے جلد واپس آجائے گا۔
3 سے گمشدہ کے آنے کی امید نہیں۔
4 سے گمشدہ کسی مصیبت میں گرفتار ہے۔
5 سے گمشدہ تکلیف سے واپس آئے۔
6 سے گمشدہ دیر سے واپس آئے گا۔
7 سے گمشدہ شاید واپس نہ آئے۔
8 سے ممکن ہے کہ آسکے شدید تکلیف ہے۔
9 سے بالکل آنے کی امید نہیں ہے۔

کیا واقعی چوری ہوئی ہے یا نہیں

عدد متصلہ کو 2 پر تقسیم کریں باقی

1 سے واقع سائل کی چوری ہوئی ہے۔
2 سے سائل جھوٹ بول رہا ہے اس کی چوری نہیں ہوئی۔

چوری شدہ مال ملے گا یا نہیں

عدد متصلہ کو تین پر تقسیم کریں باقی

1 سے مال مل جائے گا۔

2 ے بڑی دشواری کے بعد کچھ حصہ ملے گا۔

3 ے صرف خبر مل جائے مگر مال نہ ملے گا۔

چوری نے مال کہاں رکھا تھا

عدد مستحصلہ کو 12 پر تقسیم کریں باقی

1 ے مال اس شہر یا قصبہ یا بستی میں چور نے رکھا ہوا ہے۔

2 ے مال کسی کھیت کاشت وزراعت میں دفن ہے۔

3 ے چور مال راستہ میں کہیں پوشیدہ کیا ہوا ہے۔

4 ے زیرِ زمین مثل سرد خانے کے اندر رکھا ہے۔

5 ے کسی اونچی جگہ پر رکھا ہوا ہے۔

6 ے ویران جگہ پوشیدہ کیا ہوا ہے۔

7 ے مال اُس کے اپنے مکان میں ہے۔

8 ے مال کسی ناپاک جگہ پر ہے۔

9 ے مال کسی متبرک مقام پر رکھا ہوا ہے۔

10 ے مال کسی صندوق میں رکھا ہوا ہے۔

11 ے کسی حوض یا تالاب یا اس کے کنارے پر ہے۔

12 ے مال کسی ندی یا دریا کنارے پر دفن ہے۔

گمشدہ چیز ملے گی یا نہیں

عدد مستحصلہ کو تین پر تقسیم کریں باقی

1 ے گمشدہ چیز جلد ہاتھ آئے۔

2 ے چند دن کے بعد دستیاب ہو۔

3 ے ہرگز گمشدہ مال دستیاب نہ ہو۔

چوری شدہ مال اسی شہر میں ہے یا نہیں

عدد مستحصلہ کو تین پر تقسیم کرو باقی

1 ے مال بہت قریب ہے یعنی اس محلہ یا شہر میں۔

2 ے مال ایک جگہ سے منتقل ہو کر دوسری جگہ چلا گیا ہے۔

3 ے مال دوسرے شہر جا چکا ہے۔

چور مرد ہے یا عورت

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

اگر باقی جفت اعداد 2-4-6-8 بچے تو چور عورت ہے۔

باقی طاق اعداد 1-3-5-7-9 سے چور مرد ہے۔

چور کی عمر کیا ہے

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

1-2-3 ے چور کم عمر و بے ریش ہے۔

4-5-6 ے چور نوجوان اور طاقتور ہے۔

7-8-9 ے چور سن رسیدہ یعنی بوڑھا آدمی ہے۔

چور گھر کا ہے یا باہر کا

عدد مستحصلہ کو تین پر تقسیم کریں باقی

1 ے چور گھر کا ہے۔

2 ے گھر کے آس پاس کا ہے یعنی محلّہ کا۔

3 ے گھر سے باہر کہیں دور کا ہے۔

چور کے نام کا پہلا حرف معلوم کرنا

عدد متصلہ کو 28 پر تقسیم کرو باقی جو بچے نقشہ مندرجہ ذیل سے چور کے نام کا پہلا حرف معلوم کرلیں۔

اعداد	1	2	3	4	5	6	7
حروف	ا	ب پ	ت ٹ	ث	ج چ	ح	خ
اعداد	8	9	10	11	12	13	14
حروف	د ڈ	ذ	ر ڑ	ز ژ	س	ش	ص
اعداد	15	16	17	18	19	20	21
حروف	ض	ط	ظ	ع	غ	ف پھ	ق
اعداد	22	23	24	25	26	27	28
حروف	ک گ	ل	م	ن	و	ھ	ی

چور کا رنگ کیسا ہے

عدد متصلہ کو چار پر تقسیم کریں باقی

1 سے رنگ سفیدی مائل بہ زردی ہے۔

2 سے رنگ سرخ و سفید ہے۔

3 سے رنگ سانولا یا گندمی ہے۔

4 سے رنگ کالا ہے۔

اس مرد / عورت کا قدم نیک ہے یا نہیں

عدد متصلہ میں مطلوبہ مرد یا عورت کے اعداد شامل کر کے کل مجموعہ کو 2 پر تقسیم کرو باقی

1 سے اس عورت یا مرد کا قدم نیک نہیں ہے۔

2 سے اس عورت یا مرد کا قدم نیک ثابت ہوگا۔

کیا یہ عورت حاملہ ہے

عدد متصلہ کو دو پر تقسیم کریں باقی

1 سے عورت حاملہ نہیں ہے۔

2 سے عورت کو حمل ضرور ہوتا ہے۔

لڑکا ہوگا یا لڑکی

عدد متصلہ کو تین پر تقسیم کریں باقی

1 سے لڑکا ہونے کی امید ہے۔

2 سے لڑکی ہونے کی امید ہے۔

3 سے حمل ضائع ہو جائے یا لڑکا ہو کر مر جائے گا۔

لڑکا ہوگا یا لڑکی

یہ ایک زبردست کلیہ ہے اس کے مطابق عورت کی جتنی عمر ہو اور جس مہینے اس کو حمل ہو اسی کی عمر کے آگے دیکھ کر معلوم کرلیں کہ لڑکا ہوگا یا لڑکی مثلاً ایک لڑکی کی عمر 28 سال ہے اور ماہ اپریل میں اس کو حمل ہوتا ہے تو عمر 28 کے آگے ماہ اپریل کے پہلے G سے مراد لڑکی ہو گی۔

جدول لڑکا و لڑکی معلوم کرنا

عمر/ماہ	Jan	Feb	Mar	Apr	May	Jun	Jul	Aug	Sept	Oct	Nov	Dec
18	G	B	G	B	B	B	B	B	B	B	B	B
19	B	G	B	G	G	B	B	G	B	B	G	G
20	G	B	G	B	B	B	B	B	B	G	B	B
21	B	G	G	G	G	G	G	G	G	G	G	G
22	G	B	B	G	B	G	G	B	G	G	G	G

عمر/ماہ	Jan	Feb	Mar	Apr	May	Jun	Jul	Aug	Sept	Oct	Nov	Dec
23	B	B	B	G	B	B	G	G	G	B	B	G
24	B	G	G	B	B	G	B	G	B	B	G	B
25	G	B	G	B	G	B	G	B	G	B	B	B
26	B	B	B	B	B	G	B	G	G	B	G	G
27	G	G	B	B	G	B	G	G	B	G	B	B
28	B	B	B	G	G	B	G	B	G	G	B	G
29	G	B	G	G	B	G	G	B	G	B	G	G
30	B	B	G	B	G	B	B	B	B	B	B	B
31	B	B	B	B	G	G	B	G	B	G	G	G
32	B	G	G	B	G	B	B	G	B	B	G	B
33	G	B	B	G	G	B	G	B	G	B	B	G
34	B	B	G	G	B	G	B	B	G	B	G	G
35	B	G	B	G	B	G	B	G	B	B	G	B
36	B	G	B	B	B	G	B	B	G	G	G	G
37	G	G	B	G	G	G	B	G	G	B	B	B
38	B	B	G	G	B	G	G	B	G	G	B	G
39	G	G	B	G	G	G	B	G	B	B	G	B
40	B	B	B	G	B	G	B	G	B	G	G	B
41	G	G	B	G	B	B	G	G	B	G	B	G
42	B	G	G	B	B	B	B	B	G	B	G	B
43	G	B	G	G	B	B	B	G	G	G	B	B
44	B	G	G	G	B	G	B	B	G	B	G	B
45	G	B	G	B	G	G	B	G	B	G	B	G

مثال:

ایک لڑکی عمر 37 سال ہے اور ماہ دسمبر میں اُس کو حمل ہوا ہے تو 37 سال سے آگے اور ماہ دسمبر کے نیچے B لڑکا ہوا ہے جس کا مطلب ہے کہ لڑکا ہوگا۔ اسی طرح آپ معلوم کر سکتے ہیں G کا مطلب لڑکی اور B کا مطلب لڑکا ہے۔

نقص عورت میں ہے یا مرد میں

عدد متصلہ میں دونوں کے نام معہ والدہ شامل کر کے نو پر تقسیم کرو باقی

1-3-5-7-9 سے نقص یا کمی عورت میں ہے۔

2-4-6-8 سے نقص یا کمی مرد میں ہے۔

اولاد کیوں نہیں ہوئی

عدد متصلہ میں دونوں کے نام معہ والدہ شامل کر کے کل مجموعہ کو چار پر تقسیم کریں باقی

1 سے عورت بانجھ ہے۔

2 سے عورت کے رحم میں کچھ نقص ہے۔

3 سے مرد میں خرابی ہے۔

4 سے عورت پر آسیبی اثرات کا غلبہ ہے۔

حمل زن تمام ہوگا یا ضائع ہوگا

عدد متصلہ میں مطلوبہ عورت کے اعداد شامل کر کے کل مجموعہ کو دو پر تقسیم کرو باقی

1 سے حمل مکمل ہو کر بچہ صحیح سلامت پیدا ہو۔

2 سے قبل از وضع حمل ضائع ہونے کی علامت ہے۔

وجہ مرض کیا ہے

عدد متصلہ لیکر اُسے چار پر تقسیم کریں باقی

1 سے نظام دوران خون متعلق تکلیف ہے۔

2 سے عضلاتی یا اعصابی امراض ہیں۔

3 سے ظلل آسیب وجن ہے۔

4 سے سحر و جادو کے اثرات ہیں۔

مریض صحت یاب ہوگا یا نہیں

عدد مستحصلہ کو تین پر تقسیم کریں باقی

1 سے مرض سخت ہے بدشواری صحت پائے گا۔

2 سے مرض بدرجہ اوسط ہے علاج سے جلد شفا ہوگی۔

3 سے علامت طویل بیماری و موت ہے خواہ مرض ہو یا آسیب وغیرہ۔

مریض کو کیا مرض ہے

عدد مستحصلہ لیکر اُسے نو پر تقسیم کریں باقی

1 سے بادی صفراوی مرض ہے جوڑوں میں درد اور طبیعت مذبذب ہے سایا آسیب ہے۔

2 سے مریض کو بدروح کی نظر سایہ وغیرہ کر یا آنکھوں کا مرض ہے۔

3 سے مریض کو صفراء بادی امراض سحر مریض کو ہاتھ و پاؤں میں جلن ہے۔

4 سے بلغمی امراض ہیں پیٹ کی خرابی اور اکثر معدہ کے امراض ہوں۔

5 سے مریض کو جگر و کمر میں تکلیف ہو مریض کو خشکی گرمی زیادہ ہو۔

6 سے منہ یا آنکھ یا کان یا زبان میں درد ہو۔

7 سے مریض کو پیٹ درد، کھانسی، بلغم کا زور ہو۔

8 سے جسم میں گرمی، صفراء کی زیادتی ہو۔

9 سے بخار جلن سینہ میں درد ہو۔

مریض کو کیا مرض ہے

عدد مستحصلہ کو 28 پر تقسیم کر کے اُس کا حرف ابجد لے لیں اور اُس کے مطابق مریض کا مرض معلوم کریں مثلاً

1- ا ف سے بخار، صفراء، سرسام، درد بالخصوص قولنج

2- ب ص سے بخار، خرابی معدہ، بواسیر، بسل، خارش، دنبل

3- ج ق سے ورم، کینسر، کھانسی، ریاح، سردی، لقوہ

4- د ر سے بلغم، سودا، تپ، بدن کے نچلے حصے کا درد

5- ھ ش سے یرقان، صفرا، خشکی، پیاس، پانی کی کمی

6- و ث سے منہ کا درد، بلغم، بخار، قولنج، جریان، انفیکشن

7- ز ت سے خرابی معدہ، درد شکم، یرقان

8- ح خ سے حزن وغم، سودا، بخار، پیٹ کی خرابی

9- ط ذ سے سردی، کان درد، زکام، پیچش

10- ی ض سے حزن وغم، بدن کے نچلے حصے کا درد

11- ک ظ سے معدہ خراب، بواسیر، بیہوشی

12- ل غ سے قبض، درد معدہ، روحانی تکالیف

13- م سے زکام، درد سینہ، شکم یا پشت، جانور کا کاٹنا

14- ن سے کھانسی، دق، درد گردہ، درد پشت، بخار

15- س ع سے آلات تناسل کی کمزوری، بزرہ و بخار

دوا سے فائدہ ہوگا یا نہیں

عدد مستحصلہ کو تین پر تقسیم کریں باقی

1 سے دوا سے زیادہ فائدہ حاصل ہوگا۔

2 سے دوا سے کچھ فائدہ حاصل ہو کچھ نہ ہو۔

3 سے دوا سے بالکل فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔

سحر جادو ہے یا بیماری

عدد مستحصلہ کو چار پر تقسیم کریں باقی

1 سے جسمانی مرض ہے۔

2 سے نظر بد ہے۔

3 سے آسیبی اثرات ہیں۔

4 سے سحر و جادو کیا گیا ہے۔

جادو ہے تو کس طرح ہوا ہے

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

1 سے آگ میں دفن کیا گیا ہے۔

2 سے کسی درخت ساتھ لٹکا ہوا ہے۔

3 سے کسی نہر میں دبایا گیا ہے۔

4 سے زمین میں دفن ہے۔

5 سے آگ میں دفن تھا اب نہیں ہے۔

6 سے ہوا میں معلق تھا اب نہیں ہے۔

7 سے کھانے پینے کے ذریعے کھلایا گیا ہے۔

8 سے زمین میں دفن تھا اب نہیں ہے۔

9 سے جادو اثر باقی ہے مگر جادو کا ثبوت مٹ چکا ہے۔

جادو کرنے والا مرد ہے یا عورت

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کرو باقی

5-4-3-2 سے عورت ہے۔

9-6-1 سے بغیر داڑھی والا مرد ہے۔

8-7 سے مرد ہے داڑھی والا۔

جادو کرنے والے کا حلیہ

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کر کے باقی سے حلیہ معلوم کریں۔

1 سے سیاہی مائل رنگت۔

2 سے سفیدی مائل رنگ چہرے پر داغ۔

3 سے گندمی رنگت میانہ قد داہنے پاؤں پر نشان۔

4 سے زرد رنگ لمبا قد چہرہ کشادہ۔

5 سے کالا رنگ پیشانی پر کوئی نشان۔

6 سے سیاہی مائل رنگت۔

7 سے زرد رنگ چھوٹا قد موٹا جسم۔

8 سے گندمی رنگ، میانہ قد، ایک پاؤں پر نشان۔

9 سے زرد رنگ، میانہ قد، ایک پاؤں پر نشان۔

جادو کیا ہوا کس طرف ہے

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کریں باقی

1 سے مشرق۔

2 سے جنوب مشرق۔

3 سے جنوب۔

4 سے جنوب مغرب۔

5 سے مغرب۔

6 سے شمال مغرب۔

7 سے شمال۔

8 سے شمال مشرق۔

9 سے اوپر۔

جادو کس طرح کا ہے

عدد مستحصلہ کو چار پر تقسیم کریں باقی

1 سے سحر علوی ہے۔
2 سے سحر سفلی ہے۔
3 سے سحر جناتی ہے۔
4 سے کالے علم کے ذریعے جادو ہوا ہے۔

جادو کرانے والے کتنے ہیں

عدد مستحصلہ کو نو پر تقسیم کریں جتنے باقی رہیں اتنے آدمیوں نے جادو کروایا ہے اگر باقی جفت ہوں تو جادو کرانے والوں میں مردوں کی تعداد زیادہ ہوگی۔ اگر باقی طاق ہوں تو جادو کرانے والوں میں عورتوں کی تعداد زیادہ ہے اگر باقی کا نصف پورا پورا تقسیم ہو جائے تو سب کے سب مرد ہیں۔

جادو کروانے والا اپنا ہے یا غیر

عدد مستحصلہ کو تین پر تقسیم کریں باقی

1 سے گھر کا کوئی فرد ہے۔
2 سے اہل محلہ یا ہمسایہ ہے۔
3 سے غیر نے جادو کروایا ہے۔

رحمانی فالنامہ

☆	☆	9	8	7	6	5	4	3	2	1
ن	گ	ا	ک	ک	ا	ا	پ	ک	ا	ا
ت	ہ	ک	ل	ن	ہ	ہ	چ	ن	ہ	غ
ا	ا	ج	س	ا	ی	ش	و	و	ک	ع
ز	ا	ا	م	ل	ب	م	پ	ا	و	ز
ر	ا	ا	و	ن	ل	د	ر	ق	ا	ہ
ر	م	ض	ل	ہ	د	ح	گ	م	ک	ہ
ے	ل	و	ت	ر	ل	و	ا	ا	ت	ا
ع	ن	ر	ی	ن	م	و	ہ	پ	ن	م
ن	ت	ہ	ہ	ف	ہ	ی	ا	ہ	ا	ہ
ن	ک	ع	م	م	ن	ا	ا	ن	ن	ن
د	ل	ہ	ل	ا	ا	م	ک	ک	ہ	ک
ے	ے	و	ی	ی	ی	م	ل	ل	ل	د
ل	گ	گ	گ	ہ	گ	ہ	گ	ل	م	ے
☆	ے	ے	ا	ا	ے	و	ا	ی	ا	گ

طریقہ استعمال:

کتاب کے آخر میں شائقین پرائز بانڈ و لاٹری کے لئے ایک ایسا فالنامہ پیش کر رہا ہوں کہ جس کا جواب 100 فیصد درست اور مکمل ہوتا ہے میں خود بھی اس کو عرصہ سے استعمال کر

رہا ہوں لیکن اب آپ لوگوں کی بھلائی کے لئے بتا رہا ہوں اس کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے مطلوبہ پرائز بانڈ کی نیت کر کے باوضو سورۃ فاتحہ و آیت الکرسی و چاروں قل سات سات پڑھ کر ایک سے ننانوے تک کوئی سے تین فگرز کاغذ پر لکھ لیں پھر ان تینوں کو جمع کر کے مفرد کر لیں یعنی ایک عدد باقی بچے پھر آپ اس باقی بچے ہوئے فگر کو جدول میں دیکھیں کہ اس کے نیچے کون سا حرف ابجد ہے آپ اس حرف کو کاغذ پر لکھ کر پھر اس سے آگے 9 تک گنتی شمار کریں۔ نواں حرف لکھیں پھر اس حرف کو چھوڑ کر اس سے آگے نواں حرف لکھیں۔ اسی طرح آپ نے کل 17 سے حروف لکھنے ہیں۔ پھر آپ ان 17 حروف کو ایک ترتیب سے لکھ کر اس سے جواب نکال لیں جواب بالکل واضح اور سو فیصد درست ہو گا آزما کر دیکھ لیں۔

مثال:

کسی نے پوچھا کہ میرا اس بار انعام نکلے گا یا نہیں اور اس نے ایک سے ننانوے تک تین فگر لکھے جو کہ 24-35-67 ہیں جمع کیا 1+2+6 = 9 ہمیں مفرد عدد حاصل ہوا اب آپ 9 کے نیچے حرف لکھیں تو حرف الف حاصل ہوا اس کو لکھ لیا اب اس کو چھوڑ کر آگے نواں حرف شمار کرنے پر ن آیا پھر اس سے آگے نواں حرف ش پھر نواں حرف الف اسی طرح 17 حروف شمار کر کے لکھنے ہیں کل حروف جو حاصل ہوئے یہ ہیں

ان ش اوال ل وان ع ا م ل گ ے

اب ہم نے ان سے جواب اخذ کرنا ہے۔

ان ش اوال ل ہ	ان ع ام	ل گ ے
انشاءاللہ	انعام	لگے

جواب ملا کر انشاءاللہ انعام لگے۔ یہ جواب بہت واضح اور صاف ہے امید ہے آپ اس جدول کا استعمال سمجھ گئے ہوں گے۔

محمد زاہد محمود اعوان "ماہر علم روحانیات"

زاہد اسٹرولوجیکل اکیڈمی

5-7-2013 رات 1 بجکر 17 منٹ

ملک محمد زاہد محمود اعوان کی دیگر کتب دستیاب ہیں

1۔ اسرار النجوم:

علم نجوم کے موضوع پر ایک مکمل کتاب ہے جس میں نجوم سے متعلق ہر چیز کو انتہائی آسان طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ جس میں دائمی کوکبی جدول، زحل کا پایہ، زحل کی ساڑھ ستی، 2900 سو سالہ کیلنڈر، چاند کی تاریخوں میں پیدائش کے اثرات، 12 گھروں میں کواکب کے سعد و نحس اثرات، 12 بروج میں کواکب کے اثرات، 12 بروج کا 12 گھروں میں علیحدہ علیحدہ اثرات، ادوار زندگی دورہ اکبر اور دورہ اوسط کی مکمل تفصیل، ادوار زندگی سے حالات زندگی معلوم کرنا، دورہ اکبر اور دورہ اوسط میں کواکب کے سعد و نحس اثرات، 12 گھروں کے مالک کے ادوار زندگی میں اثرات، مقام منتہا کے 12 گھروں میں اثرات، سالانہ زائچہ کے اصول و قواعد، سالانہ زائچہ میں کواکب کے سعد و نحس اثرات، زائچہ پیدائش میں قران سیارگان کے اثرات، نچھتروں (منازل قمری) میں پیدائش کے اثرات، بیماری کی مدت معلوم کرنا، اوغال کواکب کے اثرات اور اس کے علاوہ بھی بہت کچھ ہے نایاب کتاب ہے ضرور مطالعہ کریں۔

2۔ اسرار النجوم (حصہ دوم):

علم نجوم کے موضوع پر ایک مکمل کتاب جس میں ہر برج کا علیحدہ علیحدہ جائزہ لے کر اس کے بارہ گھروں میں تمام کواکب کے سعد و نحس اثرات بیان کئے گئے ہیں جس میں سالانہ زائچہ کی مکمل تفصیل 220 قسم کے مختلف سہم قمری زائچہ کی تفصیل، 12 گھروں کے مالک کا 12 گھروں میں اثرات، شادی کا انجام، شادی کا وقت معلوم کرنا، بحیث انعام نکلنے کا وقت، سیاست، ملکی حالات، ملازمت، دوستی، پولیس، موسم، بارش ہونے کی مکمل تفصیل، وقتی زائچہ کے اصول و قواعد، ماہانہ قمری زائچہ کی تفصیل، تشخیص امراض، اولاد ہونے کا وقت و تعداد معلوم کرنا، مرد و عورت کے زائچوں کا موازنہ کرنا، عمر معلوم کرنے کے اصول و قواعد، مقام منتہائے مکمل اثرات، نوروز کے اثرات، آئندہ 50 سالہ نوروز کے اوقات، چاند سورج گرہن کے 12 بروج میں اثرات، چاند گرہن و سورج گرہن کے آئندہ سن 2029ء تک کے اوقات، اجتماع و قران سیارگان کے اثرات اور اس کے علاوہ بھی بے شمار اصول و قواعد شامل ہے۔ بہت نایاب کتاب ہے مکمل و جامع نجوم کا سرمایہ ہے۔

3۔ اسرار الوقتی زائچہ:

وقتی زائچگی کے ذریعے ہر قسم کے سوالات کے جوابات معلوم کرنا، اس کتاب میں سو سے زائد

سوالوں کے جوابات مثالوں کے ذریعے حل کر کے دیئے گئے ہیں۔اس کتاب کے مطالعہ سے آپ بھی زندگی سے متعلق ہر سوال کا جواب فوراً ایک منٹ میں معلوم کر سکیں گے وقتی زائچہ یا پیدائشی زائچہ بنانے کے لئے ایسی دائمی جدول جس کے ذریعے آپ فوراً ایک سیکنڈ میں کسی بھی ماہ و سال کے کسی بھی وقت کا طالع وقت بغیر کسی حساب کتاب کے معلوم کر سکتے ہیں۔زائچہ میں سہم کے ذریعے سوالوں کے جواب معلوم کرنا اور زندگی کے ہر مسئلہ کا حل بذریعہ سہم معلوم کرنے کے لئے 250 سے زائد سہم دیئے گئے ہیں۔وقتی زائچہ کے ذریعے حالات زندگی معلوم کرنے کے لئے لاجواب کتاب ہے۔

4۔اسرار الرمل:

علم رمل کے موضوع پر ایک نایاب کتاب جس میں زندگی کے تمام مسائل کا حل بذریعہ علم رمل دیا گیا ہے اور زندگی کے سو سے زائد سوالات کا جواب مثالوں کے ساتھ حل کر کے بتایا گیا ہے اس کتاب کے ذریعہ ہر مسئلہ کا حل فوراً ایک منٹ میں معلوم کیا جا سکتا ہے۔

5:اسرار عملیات:

یہ کتاب مصنف کی عملیاتی زندگی کا نچوڑ ہے اس کتاب کے تمام عملیات مصنف کے ذاتی آزمودہ تجربہ شدہ اور خاندانی ورثہ ہیں۔عملیات و تعویذات و چلہ کشی اور ہر قسم کے جنات و جادو و سحر و بندش کا مکمل اور آسان توڑ پیش کیا گیا ہے جس میں تحقیق بڑھنے سے لیکر موکلات و جنات کو تابع کرنے تک اور زندگی کے تمام مسائل کا حل بذریعہ تعویذات و عملیات حل کرنے کے طریقے بیان کئے گئے ہیں سعت نایاب کتاب ہے تمام عملیات و تعویذات کی خریداران کتاب کو اجازت عام ہے۔

6۔اسرار الدست شناسی:

یہ کتاب علم دست شناسی (پامسٹری) کے موضوع پر ایک مکمل کتاب ہے جس کے مطالعہ سے ہر کوئی ایک اچھا اور کامیاب دست شناس بن سکتا ہے ہر چیز کو مکمل وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اس کتاب کے ہوتے ہوئے آپ کو کسی دوسری کتاب کی ضرورت باقی نہیں رہے گی۔

7۔پرائز بانڈ اور آپ کی قسمت:

پرائز بانڈ کے موضوع پر مصنف کی ایک لازوال تصنیف جس میں پرائز بانڈ کے نمبر معلوم کرنے کے لئے بے شمار طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ہر شہر میں ہونے والی قرعہ اندازیوں کے لئے علیحدہ علیحدہ فارمولے مصنف کا دعویٰ ہے کہ آپ اس کتاب کا کوئی سا بھی ایک فارمولا اٹھا کر گذشتہ 200 قرعہ اندازیوں میں اس

فارمولے کو چیک کر لیں انشاءاللہ آپ کو گذشتہ 200 قرعہ اندازیوں میں سو فیصد کامیابی ملے گی نایاب کتاب ہے۔

8۔بچوں کے اسلامی نام علم نجوم و اعداد کی روشنی میں:

اس کتاب میں بچوں اور بچیوں کے اسلامی نام علم نجوم اور علم اعداد کی روشنی میں نکالنے کے طریقے کار اور ناموں کی مکمل فہرست دی گئی ہے آپ کو نام نکالنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ایک سے لیکر نو تک اعداد کے مطابق علیحدہ علیحدہ نام اُن کے معنی اُن کے اعداد اور لکی نمبرز نکال کر دیئے گئے ہیں۔

زاہد اسٹرولوجیکل اکیڈمی
سرپرست اعلیٰ: ملک محمد زاہد محمود اعوان
"ماہر علم روحانیت"
website: www.Zahidastrology.com
Email: Zahid9251@yahoo.com
موبائل:0345-5255004 0345-5210338
راولپنڈی

عملیات وتعویزات بہترین کتب

کتاب	مصنف	قیمت
مقبول عملیات	میاں مقبول احمد	300/=
خزینہ عملیات	صوفی عزیز عبدالرحمٰن	150/=
مجربات تعویزات وعملیات	حضرت شیخ محمود الحسن	250/=
نقش سلیمانی	حضرت خواجہ اشرف علی	250/=
عملیات مراقب	مولانا ظہور الدین	240/=
کنز الحسین	سید غلام حسین رمال	180/=
اعمال قرآنی	مولانا اشرف علی تھانوی	60/=
جادو کا توڑ	پیر سید ابو الاسد	300/=
شمع شبستان رضا	اقبال احمد نوری	500/=
علم الاعداد	ملک زاہد محمود اعوان	250/=
عملیات روحانی	مولانا عبدالعزیز	50/=
اسرار الوقتی زائچہ	ملک زاہد محمود اعوان	200/=